www.dailybolan.com

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203

Mobile: 0336-6113760

قیمت 20 روپے

جلد 37 | ہفتہ 8 اگست 2026، بمطابق 24 صفر 1448ھ | شمارہ 216

# ن لیگ کی حکومت سازی محض خوش فہمی، عوام کا فیصلہ ابھی آنا باقی ہے، بلاول بھٹو

**اصل لڑائی تو اسلام آباد اور لاہور کی ہے یہ لڑنا چاہتے ہیں تو لڑیں، وزیراعظم کے اردگرد موجود لوگوں کی نیت صاف نہیں، (ن) لیگ حکومت کی الٹی گنتی شروع ہو چکی**

**یہ گنتی پی پی نے نہیں ان کے اپنے لوگوں نے شروع کروائی، جو لوگ کہتے ہیں حکومت مدت پورے کرے گی انہیں خود بھی یقین نہیں، جلسہ سے خطاب**

باغ (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ مجھے وزیراعظم سے کوئی شکایت نہیں اصل لڑائی کچھ اور ہے یہ ان کے خاندان کا مسئلہ ہے وہ لڑنا چاہتے ہیں تو لڑیں، وزیراعظم کے اردگرد موجود لوگوں کی نیت صاف نہیں، (ن) لیگ حکومت کی الٹی گنتی شروع ہو چکی، یہ گنتی پی پی نے نہیں ان کے اپنے لوگوں نے شروع کروائی، جو لوگ کہتے ہیں حکومت مدت پورے کرے گی انہیں خود بھی یقین نہیں۔ پیپلز پارٹی کے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر اپنی تاریخ کے ایک نہای (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

## مشترکہ دفاعی معاہدہ کسی ملک کیخلاف نہیں، ترک صدر

**خطے میں امن، خوشحالی و استحکام کے خواہاں تمام برادر ممالک کی شمولیت کیلئے کھلا ہے**

**یہ معاہدہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 میں درج حق دفاع کی توثیق بھی کرتا ہے**

مکہ مکرمہ (این این آئی) ترک صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

## وزیراعظم کا سعودی ولی عہد نے پرتپاک استقبال کیا

مکہ مکرمہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کا دورۂ سعودی (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

## مشترکہ دفاعی معاہدہ، سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کی قیادت یکساں مبارکباد کی مستحق ہے، علیم خان

**یہ معاہدہ دفاع کے علاوہ تجارت، معیشت اور سہ ملکی تعاون کے فروغ کا باعث ہوگا، وفاقی وزیر کا بیان**

**ایسی کاوشیں مسلم ممالک کے مابین اتحاد و یگانگت کا باعث ہونگی، افواج پاکستان کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا اعتراف کرنا پاکستانی کے لئے قابل فخر ہے**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے سعودی عرب، (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر، وزیراعظم شہباز شریف، سعودی کراؤن پرنس محمد بن سلیمان، ترک صدر طیب اردوان کا گروپ فوٹو

## تینوں ممالک میں سے کسی ایک کیخلاف کوئی بھی مسلح حملہ تینوں ممالک کیخلاف حملہ تصور کیا جائیگا، اعلامیہ

# سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان نے مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کر دیے

**معاہدے پر ولی عہد محمد بن سلمان، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم شہباز شریف نے دستخط کئے، گرم جوشی سے مصافحہ کیا**

**پاکستان، ترکیے اور سعودیہ کا دفاعی معاہدہ علاقائی امن کیلئے مددگار ثابت ہوگا جس کے مثبت اثرات پورے خطے پر مرتب ہونگے، سعودی وزیر خارجہ فیصل بن عزیز**

مکہ مکرمہ / اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کر دیئے جس کے تحت باہمی دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید فروغ دیا جائے گا، تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف کوئی بھی مسلح حملہ، تینوں ممالک کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا، تاریخی معاہدے پر سعودی عرب کے ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعہ کو مکہ مکرمہ میں ہونے والے (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

# پاکستان کی سمندری غذائی مصنوعات کی برآمدات 568 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں، جنید انوار چوہدری

**وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری کی زیر صدارت اجلاس، مچھلی کی برآمدات بڑھانے کیلئے مراعاتی اسکیم کا جائزہ لیا**

**مجوزہ پرفارمنس بیسڈ انکریمنٹل ایکسپورٹ انسینٹو اسکیم کے تحت برآمد کنندگان کو اضافی برآمدات پر مراعات دی جائیں گی، وفاقی وزیر**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے مچھلی اور سمندری غذائی مصنوعات کی برآمدات میں اضافے کیلئے اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے کارکردگی سے مشروط برآمدی مراعاتی اسکیم متعارف کرانے کی تجویز پر غور کیا جس کا مقصد موجودہ ٹیکس نظام برقرار رکھتے ہوئے برآمدات، سرمایہ کاری اور عالمی مسابقت کو فروغ دینا ہے۔ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ مجوزہ پرفارمنس بیسڈ انکریمنٹل ایکسپور (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

# سیکیورٹی فورسز کی پے در پے کارروائیاں، فتنۃ الخوارج کے 10 دہشتگرد ہلاک

**اعظم ورسک اور ضلع دیر میں آپریشنز کے دوران مارے گئے دہشتگردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد، آئی ایس پی آر**

**صدر مملکت، وزیراعظم کا فتنۃ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین**

راولپنڈی / اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں دو مختلف کارروائیوں میں فتنہ الخوارج کے 10 دہشت گرد مارے گئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے فتنہ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

# آزاد کشمیر میں حکومت بنانے کی پوزیشن میں ہیں، رانا ثناء اللہ، امیر مقام

**جب بھی پاکستان میں مسلم لیگ ن کی حکومت قائم ہوئی آزاد کشمیر میں تعمیر و ترقی کا دور دورہ ہوا، انتخابی مہم کے دوران کئے گئے ایک ایک اعلان کو عملی جامہ پہنائیں گے**

**پنجاب اور وفاق کی طرز پر یہاں بھی تعمیر و ترقی کے سنہری دور کا آغاز کریں گے، رانا ثناء اللہ، امیر مقام**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام اور وزیراعظم کے مشیر برائے بین الصوبائی رابطہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں مسلم لیگ (ن) حکومت سازی کیلئے مطلوبہ کامیابی حاصل کر چکی ہے، وہاں نئے دور کا آغاز ہوگا، عوام سے کئے گئے وعدے پورے کریں گے، جب بھی پاکستان میں مسلم لیگ ن کی حکومت قائم ہوئی آزاد کشمیر میں تعمیر و ترقی کا دور دورہ ہوا، انتخابی مہم کے دوران کئے گئے ایک ایک اعلان کو (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے ڈنمارک کے سفیر ملاقات کر رہی ہیں

# مکہ معاہدہ امن، سلامتی اور مشترکہ دفاعی تعاون کا اہم سنگ میل ہے، سرفراز بگٹی

**مکہ مکرمہ میں طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ تین برادر ممالک کے درمیان باہمی اعتماد، تعاون اور مشترکہ دفاعی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانے کی جانب اہم قدم ہے**

**مشترکہ دفاعی معاہدہ تینوں ممالک کے محفوظ، مستحکم اور خوشحال مستقبل کے مشترکہ عزم کا مظہر ہے**

کوئٹہ (بولان بیورو) (وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے مشترکہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے لیے تاریخی اور اہم پیشرفت قرار دیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ مکہ مکرمہ میں طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ تین برادر ممالک کے درمیان باہمی اعتماد، تعاون اور مشترکہ دفاعی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانے کی جانب اہم قدم ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مضبوط برادرانہ تعلقات خطے میں امن و استحکام کے لیے ہمیشہ اہم رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مشترکہ دفاعی معاہد (بقیہ 9 صفحہ 7 پر)

چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون مزید فروغ پائے گا، قیصر احمد

**پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون کے وسیع مواقع موجود، حکومت سرمایہ کاری اور جدت کے فروغ کیلئے پرعزم ہے**

**حکومت سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی ترقی اور کاروبار دوست ماحول کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، وفاقی وزیر سرمایہ کاری**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون کو مزید وسعت دینے کے بے شمار مواقع موجود ہیں جن سے دونوں ممالک کی مشترکہ ترقی، سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کو نئی جہت مل سکتی ہے۔ وہ گلوبل سا (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

## این پی سی اجلاس، غیر معیاری اشیائے خورونوش کے خلاف تکنیکی کمیٹی قائم

**جولائی کے دوران مہنگائی کی شرح 11.1 فیصد سے کم ہو کر 9.2 فیصد پر آ گئی، یعنی مجموعی طور پر 2 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی**

**غیر معیاری اشیائے خورونوش عوامی صحت کے لیے سنگین خطرہ بن رہی ہیں**

**دودھ کے 491 نمونوں کی لیبارٹری جانچ میں 176 نمونے قومی معیار پر پورے نہ اتر سکے، یعنی 36 فیصد نمونے غیر معیاری قرار پائے**

**وفاقی وزیر احسن اقبال کی کھلے گھی، خوردنی تیل اور دودھ کا ملک گیر سروے کرانے کی ہدایت**

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی اجلاس میں غیر معیاری اشیائے خورونوش کے خلاف تکنیکی کمیٹی قائم کر دی گئی۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیر صدارت نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملک میں مہنگائی کی صورتحال، اشیائے ضروریہ (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

# محسن نقوی، طلال چوہدری کا اسلام آباد سیف سٹی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

**جدید ٹیکنالوجی سے لیس سیف سٹی نظام شہریوں کے تحفظ، مؤثر نگرانی اور ہنگامی صورتحال میں فوری رسپانس کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔**

**حکومت کا عزم اسلام آباد سیف سٹی کو جدید، سمارٹ اور ترقی یافتہ ممالک کی طرز پر عالمی معیار کا ادارہ بنانا ہے، محسن نقوی**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے اسلام آباد سیف سٹی ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں وفاقی وزیر داخلہ کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں سیف سٹی توسیعی منصوبے پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریف (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

## مالیاتی ٹیکنالوجی میں بہتری آئی، آگہی کے بغیر خطرات کا اندیشہ بھی ہے، گورنر اسٹیٹ بینک

**گزشتہ مالی سال میں 30 ارب ریٹیل ٹرانزیکشنز ہوئیں، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 77 فیصد زیادہ ہیں، جمیل احمد**

کراچی (این این آئی) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ مالیاتی ٹیکنالوجی میں بہتری آئی ہے، تاہم آگہی کے بغیر یہ خطرات بھی پیدا کر سکتی ہے۔ آئی سی ایم اے فیوچر فنانس سمٹ و کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا کہ انسانی تہذیب کے ارتقا میں ٹیکنالوجی بنیادی محرک رہی ہے۔ مالیاتی شعبے میں جدت بھی اسی کی مرہونِ منت ہے۔ انہوں نے (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

## الیکشن کمیشن نے شاہد خاقان عباسی کی جماعت عوام پاکستان کو ڈی لسٹ کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کی سیاسی جماعت عوام پاکستان کو انٹرا پارٹی انتخابات نہ کروانے پر ڈی لسٹ کر دیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق جماعت نے مقررہ مدت کے باوجود انٹرا پارٹی انتخابات کا انعقاد نہیں کیا، جس (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

## جنوبی وزیرستان میں کامیاب آپریشنز، وفاقی وزیر علیم خان کا سیکیورٹی فورسز کو شاندار خراج تحسین

**پوری قوم دہشت گردی پر قابو پانے کے لیے اپنے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے، بیان**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو شاندار خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم دہشت گردی پر قابو پانے کے لیے اپنے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی اداروں نے ایک بار پھر بھرپور انداز میں اپنے فرائض ادا کیے (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

## ٹرمپ نے غیر امریکیوں کے بچوں کی پیدائش پر امریکی شہریت کے قانون کو محدود کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے امریکا میں پیدائش پر شہریت ملنے کا حق ختم کرنے کی ایک اور کوشش کی جا رہی ہے۔ غیر امریکی شہریوں کے امریکا میں پیدا ہونے والے ہر بچے کو شہریت کا حق ملنے (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

## کراچی ایئرپورٹ پر نیا فلائٹ انفارمیشن ڈسپلے سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ، ٹینڈر جاری

**پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے دلچسپی رکھنے والی کمپنیوں سے 13 اگست تک درخواستیں طلب کر لیں**

کراچی (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے مسافروں کی سہولت کیلئے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے کراچی ایئرپورٹ پر نیا فلائٹ انفارمیشن ڈسپلے سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس حوالے سے پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے بین الاقوامی ٹینڈر جاری کر دیا ہے جس کے تحت دلچسپی رکھنے والی کمپنیوں سے 13 اگست تک درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ٹینڈر میں شرکت (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

## قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وزیر داخلہ

**سیکیورٹی فورسز خیبر پختونخوا میں قیام امن کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہیں، محسن نقوی کا بیان**

**محسن نقوی نے خیبر پختونخوا میں فتنۃ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کی بھرپور ستائش کی ہے**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

# سول ایوارڈز کیلئے نامزد شخصیات کا حتمی جائزہ مکمل، میرٹ ترجیح ہے، احسن اقبال

**سائنس، تعلیم، ادب، فن اور عوامی خدمت کے شعبوں میں غیر معمولی خدمات انجام دینے والی شخصیات کی نامزدگیوں کا حتمی جائزہ لیا ہے**

**سول ایوارڈز کا عمل مکمل شفافیت، انصاف اور میرٹ کے اصولوں کے مطابق جاری رکھا جائے گا، وفاقی وزیر**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان سول ایوارڈز کمیٹی نے آئین (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

## آزاد کشمیر انتخابات کا تیسرا مرحلہ، پونچھ اور پلندری میں پولنگ ملتوی

**ضلع باغ کے تین اور حویلی کے ایک انتخابی حلقے میں 10 اگست کو ہی پولنگ منعقد کی جائے گی، الیکشن کمیشن**

**یہ فیصلہ سیاسی شخصیات اور امیدواروں کی جانب سے موصول ہونے والی درخواستوں اور رپورٹس کی بنیاد پر کیا گیا، ترجمان**

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن نے امن و امان (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

## پی ٹی آئی رہنما عبداللہ طاہر قتل کیس، مرکزی ملزمان افغانستان سے ملحقہ علاقے میں پہنچ گئے

**گرفتاری کے لیے پولیس کی خصوصی ٹیم متعلقہ علاقے میں موجود، مبینہ ڈرون آپریٹر کی نشاندہی**

لاہور (یان این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عبداللہ طاہر کے قتل میں ملوث مرکزی شوٹرز سمیت 3 ملزمان افغانستان کے قریب سرحدی علاقے میں پہنچ گئے۔ تحقیقات کے (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

## حوثیوں کے میزائل اور ڈرون حملے، یمنی فوج کے 30 اہلکار شہید

**مملکت کے سرحدی شہر نجران پر حوثیوں کے حملے میں 11 شہری زخمی ہوئے، سعودی اتحاد**

صنعا (این این آئی) یمن میں حوثی گروپ نے حضرموت اور مارب میں حکومتی فوج کے متعدد فوجی کیمپس پر میزائل اور ڈرون حملے کیے جن میں 30 یمنی فوجی اہلکار شہید اور 15 زخمی (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

# تجارتی معاملات میں فروغ یقینی بنائیں گے، جام کمال

**وزیر تجارت سے بیلاروس کے سفیر کی ملاقات، تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ**

**دونوں ممالک کے رہنماؤں کے درمیان باہمی مفاہمت اور مسلسل روابط نے متعدد شعبوں میں عملی تعاون کے لیے نئی راہیں کھول دی ہیں، جام کمال**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے بیلاروس کے سفیر آندرے میٹیلیتسا نے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ اقتصادی تعلقات اور پاکستان۔ بیلاروس مشترکہ وزارتی کمیشن کے آئندہ اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ وزارت سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر تجارت اور بیلاروس کے سفیر نے دوطرفہ روابط میں بڑھتی ہوئی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارت، سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان کے وزیراعظم اور بیلاروس کے صدر کے درمیان خوشگوار تعلقات نے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط کیا (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری ایچ آئی وی کیسز کی بڑھتی ہوئی تعداد سے متعلق سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن کے اجلاس کے دوران اظہار خیال کر رہی ہیں

# ایچ آئی وی صحت عامہ کا انتہائی حساس مسئلہ ہے، ثمینہ ممتاز زہری

**پاکستان بالخصوص سندھ میں ایچ آئی وی کیسز کی بڑھتی ہوئی تعداد گہری تشویشناک ہے اور اس پر فوری توجہ کی ضرورت ہے**

**صحت کی سہولیات کو منظم کرنے میں اہم کردار کے باوجود سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن کو انسانی وسائل کی کمی کا سامنا کیوں ہے**

اسلام آباد (بولان بیورو) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن و سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ پاکستان بالخصوص سندھ میں ایچ آئی وی کیسز کی بڑھتی ہوئی تعداد گہری تشویشناک ہے اور اس پر فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن کے اجلاس کے دوران سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اس بات پر زور دیا کہ ایچ آئی وی صحت عامہ کا ایک انتہائی حساس مسئلہ ہے جو فوری آگاہی اور مؤثر پالیسی سازی کا متقاضی ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ صحت کی سہولیات کو منظم کرنے میں اہم کردار کے باوجود سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن کو انسانی وسائل کی کمی کا سامنا کیوں ہے ا(بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

## تحریک انصاف نے بلاول بھٹو کی پیشکش مسترد کر دی

**مولانا فضل الرحمان بہت جلد تحریک انصاف کے ساتھ سڑکوں پر نکلیں گے، شفیع جان**

پشاور (این این آئی) تحریک انصاف نے بلاول بھٹو کی پیشکش مسترد کر دی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات خیبر پختونخوا شفیع جان نے کہا کہ پیپلز پارٹی جب تک ایک نکاح میں ہے دوسرا نکاح نہیں ہو سکتا۔ شفیع جان نے کہا کہ پیپلز پارٹی پہلے نکاح سے باہر نکلے پھر ہی کوئی بات ہو سکتی ہے، مولانا فضل الرحمان بہت جلد تحریک انصاف کے ساتھ سڑکوں پر نکلیں گے۔ انہوں نے (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

## سعودی عرب کو سمجھنا چاہیے یہ کاغذی معاہدہ انہیں تحفظ فراہم نہیں کرے گا، ابراہیم رضائی

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کی نیشنل سیکیورٹی اینڈ فارن پالیسی کمیٹی کے رکن ابراہیم رضائی نے کہا ہے کہ نیا دفاعی معاہدہ سعودی عرب کی حفاظت کی ضمانت نہیں دیتا۔

## پاسپورٹ کی تجدید کی درخواستوں کو ترجیحی بنیاد پر پراسیس کرنے کی ہدایت

**ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹس کی زیر صدارت اجلاس، پاسپورٹ دفاتر کی مجموعی کارکردگی، عوامی سہولیات اور سروس ڈیلیوری کا جائزہ لیا**

اسلام آباد (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹس محمد علی رندھاوا نے پاسپورٹ کی تجدید کی درخواستوں کو ترجیحی بنیاد پر پراسیس کرنے کی ہدایت کر دی۔ تفصیلات کے مطابق محمد علی رندھاوا نے تمام زونل ہیڈز کے ساتھ ایک آن لائن اجلاس کی صدارت کی جس میں ملک بھر کے پاسپورٹ دفاتر کی مجموعی کارکردگی، عوامی سہولیات اور سروس ڈیلیوری کا تفصیلی جائزہ لیا (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

## این ڈی ایم اے میں ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا 12 واں اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی ہدایت پر نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) میں ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا 12 واں اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک بھر میں مون سون کی صورتحال، دریاں میں پانی کے بہاؤ ا(بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

## سعودی عرب میں ایران نواز گروہوں کے ممکنہ حملے کے پیش نظر سیکیورٹی ادارے الرٹ

**توانائی کی تنصیبات، بندرگاہوں اور ہوائی اڈوں کو ممکنہ طور پر نشانہ بنایا جا سکتا ہے، حکام کو خدشہ**

ریاض (این این آئی) سعودی حکام نے دعوی کیا ہے کہ ایران کے حمایت یافتہ مسلح گروہ مملکت میں اہم تنصیبات کو نشانہ بنانے کی تیاری کر رہے ہیں جس کے پیش نظر سیکیورٹی اداروں کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے۔ سعودی حکام کے مطابق عراقی ملیشیائیں اور یمن کے حوثی جنگجو، پاسداران انقلاب کی رہنمائی میں حملہ کر سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ انٹیلی جنس اداروں نے ڈرونز اور میزائلوں کی نقل (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق ودیگر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## وزیر ریلوے کا خیبر پختونخوا میں 10 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے خیبر پختونخوا میں 10 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک فورسز کے آپریشنز جاری رہیں گے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ د(بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

# حکومت آئینی مدت پوری کرے گی، حذیفہ رحمن

**وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اپنے بیان کی وضاحت کر چکے ہیں، اس لیے اب اس معاملے کو ختم ہو جانا چاہیے**

**ٹک ٹک صرف مسلم لیگ (ن) کے لیے نہیں، سندھ اور بلوچستان کی حکومتوں کیلئے بھی ہوگی، معاون خصوصی وزیراعظم**

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے معاون خصوصی حذیفہ رحمن نے کہا ہے کہ کسی وزیر کے بیان سے حکومتیں نہیں جاتیں، یہ حکومت اپنی آئینی مدت مکمل کرے گی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے حذیفہ رحمن نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اپنے بیان کی و(بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کھلی کچہری کے دوران لوگوں کی درخواستیں لے رہے ہیں

# سمارٹ اینڈ کمیونٹی پولیسنگ گائیڈ لائنز کے مطابق وسائل بروئے کار لائے جائیں، آئی جی

## پنجاب پولیس افسران کیلئے پیپرا رولز اور ای پروکیورمنٹ سسٹم پر خصوصی تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا

### آن لائن ای پروکیورمنٹ سسٹم سے شفافیت، وقت اور اخراجات میں بچت ممکن ہوگی‘ آئی جی پنجاب

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے پنجاب پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پیپرا) کی مینیجنگ ڈائریکٹر صاحبزادی وسیمہ عمر نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پنجاب حکومت کے جدید ای پروکیورمنٹ سسٹم، پیپرا رولز اور سرکاری خریداری کے نظام کو مزید مؤثر اور شفاف بنانے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پنجاب پولیس کے افسران اور ملازمین کیلئے پیپرا کے ای پروکیورمنٹ سسٹم کے فیچرز، استعمال اور متعلقہ قواعد و ضوابط پر خصوصی تربیتی سیشن بھی منعقد کیا گیا۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے پنجاب پولیس کیلئے اس اہم تربیتی اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ آن لائن ای پروکیورمنٹ سسٹم کے ذریعے قواعد و ضوابط کے مطابق سرکاری خریداری کے عمل میں شفافیت، وقت اور اخراجات میں نمایاں بچت ممکن ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے ادارہ کی کارکردگی اور گورننس میں مزید بہتری آئے گی۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم اور ایم ڈی پیپرا صاحبزادی وسیمہ عمر نے یادگاری سووینئرز کا تبادلہ بھی کیا۔ تربیتی سیشن میں ڈی آئی جی لاجسٹکس اینڈ پروکیورمنٹ شارک کمال صدیقی، ڈی آئی جی ٹیکنیکل پروکیورمنٹ صاحبزادہ بلال عمر، اے آئی جی لاجسٹکس فیصل شہزاد، اے آئی جی پروکیورمنٹ رضوان عمر گوندل سمیت پنجاب پولیس کے دیگر سینئر افسران اور ملازمین نے شرکت کی۔ ایم ڈی پیپرا صاحبزادی وسیمہ عمر نے شرکاء کو ای پروکیورمنٹ سسٹم کے مختلف فیچرز، استعمال کے طریقہ کار اور پیپرا رولز سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب حکومت نے ای پروکیورمنٹ پراجیکٹ کے تحت تمام سرکاری اداروں کی خریداری کا نظام آن لائن کر دیا ہے جس کے ذریعے ادارے قواعد و ضوابط کے مطابق اپنے آرڈرز آن لائن بک کروا سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بڈنگ، ایوالویشن اور آرڈر سمیت خریداری کے تمام مراحل آن لائن مکمل کیے جا رہے ہیں جبکہ ترقی یافتہ ممالک میں بھی پروکیورمنٹ کا نظام جدید آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے ہی چلایا جا رہا ہے۔ صاحبزادی وسیمہ عمر نے کہا کہ ای پروکیورمنٹ سسٹم سے سرکاری اداروں کو معیاری اشیاء مناسب قیمت پر خریدنے کے بہتر مواقع میسر آئیں گے جبکہ شفافیت اور احتساب کے تقاضے بھی مزید مؤثر انداز میں پورے ہوں گے۔ تربیتی سیشن کے دوران شریک افسران نے ای پروکیورمنٹ سسٹم کے مختلف فیچرز اور طریقہ کار سے متعلق سوالات بھی کیے جن کے تفصیلی جوابات دیے گئے۔ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کی ہدایت پر پنجاب بھر میں رضا کارانہ بلڈ ڈونر رجسٹریشن مہم شروع کی جارہی ہے۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے ورچوئل بلڈ بینک کے تعاون سے یہ خصوصی مہم 8 اگست سے 8 ستمبر تک جاری رہے گی جس کا مقصد پولیس فورس، تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی اور عام شہریوں کو رضا کارانہ خون عطیہ کرنے کی جانب راغب کرنا اور ہنگامی طبی صورتحال میں خون کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے تمام پولیس افسران اور اہلکاروں کو ورچوئل بلڈ بینک میں بطور رضا کار بلڈ ڈونر رجسٹر ہونے کی ہدایت دیتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ ورچوئل بلڈ بینک کے ذریعے خون عطیہ کرنے والے پولیس افسران و اہلکاروں کو CC-II سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

## شاہنواز بروہی کو مبینہ طور پر اٹھا کر چرس کا مقدمہ درج کرنے کی تحقیقات کا حکم

### تحقیقات کرنے والی ٹیم میں ٹھٹھہ اور سجاول اضلاع کا کوئی پولیس افسر شامل نہیں ہوگا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ٹھٹھہ کی عدالت نے ٹھٹھہ کے رہائشی نوجوان شاہنواز بروہی کو مبینہ طور پر اٹھا کر لاپتہ کرنے کے بعد اس کے خلاف چرس کا مقدمہ درج کرنے کے معاملے کی دوبارہ غیر جانبدار افسر سے تحقیقات کرانے کا حکم جاری کر دیا ہے۔ تحقیقات کرنے والی ٹیم میں ٹھٹھہ اور سجاول اضلاع کا کوئی پولیس افسر شامل نہیں ہوگا۔ ڈی آئی جی حیدر آباد کو ہدایت کی گئی ہے کہ تحقیقات اے ایس پی سطح کے افسر سے کرائی جائیں۔ عدالت نے تحقیقات کے دوران شاہنواز بروہی کی گرفتاری اور برآمدگی کی ویڈیو، سی ڈی آر اور غیر جانبدار گواہوں کے بیانات بھی شامل کرنے کا حکم دیا ہے۔ ایک ماہ قبل جھمپیر کے قریب ٹھٹھہ پولیس نے بروہی برادری کے نوجوان شاہنواز بروہی کو مبینہ طور پر اٹھا کر دو دن تک لاپتہ رکھنے کے بعد اس پر چرس رکھنے کا مقدمہ درج کر کے اس کی گرفتاری ظاہر کی تھی۔ اس سے قبل اس کی گرفتاری اور غیر قانونی حراست کے خلاف عدالتی حکم پر جھمپیر تھانے پر عدالتی چھاپہ بھی مارا گیا تھا۔ ڈسٹرکٹ سیشن جج ٹھٹھہ مشتاق خانم کی عدالت نے معروف قانون دان ایڈووکیٹ اعجاز جماڑی کے دلائل سننے کے بعد شاہنواز بروہی کے خلاف ٹھٹھہ تھانے میں درج چرس کے مقدمے کی ازسرنو تحقیقات کا حکم دے دیا۔ عدالتی حکم کے مطابق اے ایس پی سطح کے سینئر پولیس افسر سے کیس کے تمام پہلوں سے تحقیقات کرا کے رپورٹ پیش کی جائے

پٹرولیم مصنوعات پر ظالمانہ لیوی اور مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی کے عہدیداران اور کارکنان تھر کول شاہراہ پر احتجاجی دھرنا دیا۔

# اسلام آباد، قتل، ڈکیتی، رہزنی اور نقب زنی میں ملوث 9 گینگز گرفتار

## اسلام آباد، سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور اشتہاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

### جرائم پیشہ عناصر کے قبضہ سے 516 گرام ہیروئن، 20 بوتلیں شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور اشتہاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے 516 گرام ہیروئن، 20 بوتلیں شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کو وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے مؤثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ ترنول، تھانہ رمنا، تھانہ نون، تھانہ شمس کالونی، تھانہ بنی گالا، تھانہ شہزاد ٹاؤن اور تھانہ سہالہ پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث نو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 516 گرام ہیروئن، 20 بوتلیں شراب اور مختلف بور کے سات عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کئے گئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری، سابقہ ریکارڈ یافتہ اور عدالتی مفرروان کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران دو مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جا سکے۔ اسلام آباد پولیس ریکروٹمنٹ 2026 کے سلسلے میں امیدواروں کی سہولت اور بھرتی کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں فزیکل ٹیسٹ کے ریویو بورڈز کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لاء اینڈ آرڈر اینڈ ٹریننگ محمد عتیق طاہر اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سکیورٹی رانا عمر فاروق کی نگرانی میں ریویو بورڈز کے دوران ان امیدواروں کو دوبارہ پیمائش کا موقع فراہم کیا گیا جو فزیکل ٹیسٹ کے دوران اپنی جسمانی پیمائش سے مطمئن نہیں تھے۔ ریویو کے عمل کے دوران امیدواروں کی جسمانی پیمائش اور متعلقہ مراحل کا مقررہ طریقہ کار کے مطابق دوبارہ جائزہ لیا گیا، جبکہ تمام کارروائی شفاف انداز میں مکمل کی گئی تاکہ کسی امیدوار کے ساتھ ناانصافی نہ ہو اور ہر امیدوار کو اپنی شکایت کے ازالے کا مناسب موقع مل سکے۔ متعلقہ افسران اور عملے نے ریویو بورڈ کے دوران امیدواروں کی سہولت، نظم و ضبط اور مقررہ ضابطہ کار پر عمل درآمد کو یقینی بنایا۔ امیدواروں کو ان کے تحفظات کے اظہار اور دوبارہ پیمائش کے عمل میں مکمل تعاون فراہم کیا گیا۔ سینئر پولیس افسران نے واضح کیا

## برادری کے بعض بااثر افراد نے گزشتہ رات گھر پر حملہ کیا، حاجی جعفر

### بااثر حملہ آوروں کے خلاف مقدمہ درج کر کے پولیس اور بااثر افراد کی مبینہ زیادتیوں سے انہیں نجات دلائی جائے

ٹھٹھہ (رپور واحد شورو) کینجھر جھیل کے کنارے واقع ہیلیا کے گاں حاجی جعفر ہیلیو کے رہائشی بزرگ استاد نواز علی ہیلیو نے اپنی برادری کے بااثر افراد کی مبینہ زیادتیوں، گھر پر حملے، بزرگ بھائی حاجی عمر ہیلیو کو شدید زخمی کرنے اور کزن محمد ابراہیم ہیلیو کو کینجھر پولیس کے ہاتھوں گرفتار کر کے لاک اپ کرنے کے خلاف ٹھٹھہ میں صحافیوں کے سامنے فریاد کرتے ہوئے انصاف کا مطالبہ کیا ہے۔ بزرگ نواز علی ہیلیو نے الزام عائد کیا کہ ان کی برادری کے بعض بااثر افراد نے گزشتہ رات ان کے گھر پر حملہ کیا، چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کیا اور ان کے بزرگ بھائی حاجی عمر ہیلیو کو شدید زخمی کر دیا۔ حملہ آوروں نے انہیں جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دیں، جبکہ ان کے کزن محمد ابراہیم ہیلیو کو کینجھر پولیس کے ذریعے گرفتار کروا کر کینجھر تھانے کے لاک اپ میں بند کروا دیا گیا ہے اور انہیں مزید نقصان پہنچانے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ نواز علی ہیلیو نے بتایا کہ زخمی بھائی حاجی عمر ہیلیو کو سول اسپتال مکلی میں داخل کرایا گیا ہے، جہاں ان کا علاج جاری ہے،

## پی بی ٹی ای امتحانات، میٹرک ٹیک اور ووکیشنل پروگرامز کے نتائج کا اعلان

لاہور (این این آئی) پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن (پی بی ٹی ای) نے پہلے سالانہ امتحان 2026ء کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ مختلف پروگراموں میں امیدواروں کی کامیابی کا تناسب تسلی بخش رہا جبکہ نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کے نام بھی جاری کر دیئے گئے۔ جاری کردہ نتائج کے مطابق میٹرک ٹیک کے امتحان میں کامیابی کا تناسب 73.73 فیصد رہا جبکہ میٹرک ووکیشنل میں 73.93 فیصد امیدوار کامیاب قرار پائے۔

## مرید کے، کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 2 دوست جاں بحق، بچہ شدید زخمی

مرید کے (این این آئی) مرید کے جی ٹی روڈ پر تیز رفتار کار کی ٹکر سے دو دوست جاں بحق ہو گئے جبکہ ایک بچہ شدید زخمی ہو گیا۔ بنگلہ پلی کے قریب تیز رفتار کار نے موٹر سائیکل سواروں کو ٹکر ماری جس سے تینوں شدید زخمی ہو گئے، اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں۔ امدادی ٹیموں نے تینوں زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا

## اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز نصیر آباد کے زیر اہتمام کھیلوں کے مقابلوں کا باقاعدہ آغاز

### افتتاحی میچ کے مہمانِ خصوصی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی سلیم خان ڈومکی تھے

نصیر آباد (نامہ نگار) جشن آزادی کے موقع پر نوجوان، روشن بلوچستان "مہم کے تحت سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز نصیر آباد کے زیرِ اہتمام کھیلوں کے مقابلوں کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ پہلے مرحلے میں ڈائریکٹر جنرل سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈاکٹر یاسر بازئی کی کاوشوں اور ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس نصیر آباد ڈویژن فیروز علی ابڑو کی نگرانی میں کرکٹ ٹورنامنٹ شروع کیا گیا، جس کے افتتاحی میچ کے مہمانِ خصوصی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی سلیم خان ڈومکی تھے، جبکہ عبدالکریم ڈومکی، عبدالغفار ڈومکی اور محمد اقبال سولنگی سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ اس موقع پر کرکٹ گراؤنڈ شائقین سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا جو کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کرتے رہے۔ مہمانِ خصوصی نے روایتی شارٹ کھیل کر جشنِ آزادی کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا

## آل حب شانِ ساکران ڈسٹرکٹ اوپن فٹ بال ٹورنامنٹ

### میچ کے پہلے ہاف اور پھر دوسرے ہاف میں بھی دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے گول اسکور کرنے کے لیے سرتوڑ محنت کی

حب (نمائندہ بولان) آزاد بلوچ فٹ بال کلب ساکران کے زیر اہتمام اور ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن حب کی زیرِ نگرانی جاری آل حب شانِ ساکران ڈسٹرکٹ اوپن فٹ بال ٹورنامنٹ کے پہلے کوارٹر فائنل میں رند کلب ساکران اور بلوچ کلب گڈانی کے درمیان میچ کھیلا گیا میچ کے پہلے ہاف اور پھر دوسرے ہاف میں بھی دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے گول اسکور کرنے کے لیے سرتوڑ محنت کی اور ایک دوسرے پر کئی حملے کیے، مگر مقررہ وقت تک کوئی بھی ٹیم گول نہ کر سکی۔ میچ کو فیصلہ کن بنانے کے لیے پنالٹی ککس کا سہارا لیا گیا، جس میں رند فٹبال کلب کے گول کیپر سعید رند نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 2 گول محفوظ کیے۔ جبکہ بلوچ کلب صرف دو گول کر سکی۔ یوں رند کلب نے 4-2 سے یہ اہم میچ جیت کر اگلے مرحلے کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ اس میچ میں ریفری کے فرائض زاہد عشاق نے سرانجام دیے، جبکہ معاون ریفریز قربان شہزاد اور منیر آزاد تھے، فورتھ ریفری عمیر بلوچ، میچ کمشنر وسیم ارمان اور میچ کمنٹیٹر سر نظر بلوچ تھے۔ میچ کے مہمانِ خاص ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ حاجی جیئند خان رودینی تھے۔ گراؤنڈ پہنچنے پر چیف آرگنائزر واحد قومی کی طرف سے ان کا شاندار استقبال کیا گیا اور سینئر فٹبالر عبد الطیف رند نے انہیں روایتی اجرک پہنائی، جس کے بعد مہمانِ خاص کا دونوں

## بھوتانی عوامی کارواں کے رہنماؤں نے اپنی سیاسی سرگرمیاں تیز کر دیں

### حب کے بعد ساکران میں بھوتانی عوامی کارواں کے رہنما متحرک ہو گئے

حب (نمائندہ بولان) بھوتانی عوامی کارواں کے رہنماؤں نے اپنی سیاسی سرگرمیاں تیز کر دیں، حب کے بعد ساکران میں بھوتانی عوامی کارواں کے رہنما متحرک ہو گئے، عوامی رابطہ کاری مہم تیز کرتے ہوئے وارڈز اور یوسی سطح تک کارنر میٹنگوں کا سلسلہ شروع کر دیا، بھوتانی برادران کی قیادت میں عوامی کارواں کو مذید مضبوط اور منظم کرنے کا رہنماؤں کا عزم، جمعہ کے روز بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر سیاسی کارکن اصغر علی بزنجو کی جانب سے مشاورتی اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں ساکران کے سینئر رہنماؤں، سیاسی و سماجی شخصیات اور کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اجلاس میں ساکران کے مختلف علاقوں کی سیاسی صورتحال، تنظیمی امور، عوامی مسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی مشاورت کی گئی مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بھوتانی عوامی کارواں عوام کی خدمت، علاقائی ترقی اور اجتماعی مفادات کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد مزید مؤثر انداز میں جاری رکھے گا اس موقع پر شرکاء نے کہا کہ عوام کی بڑھتی ہوئی حمایت اس بات کا ثبوت ہے کہ بھوتانی عوامی کارواں دن بدن مضبوط ہو رہا ہے۔ حب کے بعد ساکران میں بھی کارکنوں کا جوش و جذبہ اور عوامی شرکت اس بات کی غماز ہے کہ کارواں کی مقبولیت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے

اوتھل، جمعیت علماء اسلام ضلع لسبیلہ کے ضلعی سیکرٹری اطلاعات حافظ حسین احمد مدنی مولانا عبدالغفور رونجھو اور کونسلر جیٹھا مل لاسی کے درمیان اہم ملاقات

حب۔ بھوتانی عوامی کارواں ساکران کے رہنماؤں کے مشاورتی اجلاس سے ساکران کے رہنما خطاب کر رہے ہیں

## بینک صارفین کا خفیہ ڈیٹا بھی جائیداد قرار، ناجائز استعمال پر فوجداری کارروائی ممکن‘ لاہور ہائیکورٹ

### جعلی سمز اور ایک کروڑ چار لاکھ روپے کے سائبر بینک فراڈ کیس میں بینک ملازم کی ضمانت مسترد

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بینک صارفین کے خفیہ ڈیٹا کے غیر قانونی استعمال، جعلی سمز کے اجراء اور بینک اکاؤنٹس سے رقوم منتقل کرنے کے مقدمے میں اہم قانونی فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ بینک صارفین کا خفیہ ڈیٹا بھی قانون کی نظر میں جائیداد ہے اور اگر کوئی بینک ملازم اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے اس ڈیٹا کو افشا کرے یا اس سے ناجائز فائدہ اٹھائے تو اس پر فوجداری بددیانتی کی دفعات بھی لاگو ہو سکتی ہیں۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق سلیم شیخ نے دو ملزمان کی بعد از گرفتاری ضمانت کی درخواستوں پر 19 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے بینک ملازم محمد عاطف کی درخواست ضمانت مسترد کر دی جبکہ سم فرنچائز کے مالک محمد عثمان کی بعد از گرفتاری ضمانت دس لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض منظور کر لی۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ جدید بینکاری کے نظام میں کسٹمر ڈیٹا تک رسائی دراصل صارف کے مالی مفادات تک رسائی کے مترادف ہے، اس لیے ایسے ڈیٹا کا غیر قانونی استعمال سنگین جرم ہے، عدالت نے مزید قرار دیا کہ سائبر بینک فراڈ جیسے مقدمات میں ہر ملزم کا کردار الگ الگ شواہد کی بنیاد پر ثابت کرنا ضروری ہوتا ہے۔

## مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت کے ایجنڈے پر گامزن، نوجوان قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں‘ حمزہ شہباز کھوکھر

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے سینئر رکن حمزہ شہباز کھوکھر نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت عوامی خدمت کے ایجنڈے پر بھرپور انداز میں عمل پیرا ہے، پنجاب حکومت وزیر اعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں عوامی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ نوجوان ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں اور مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ نوجوانوں کو مثبت سیاست کی طرف راغب کرنے کے لیے سرگرم ہے۔

## پہلا آل بھوتانی کارواں T20 کرکٹ لیگ

### دلچسپ مقابلے میں اسپیشل اسٹار سی سی نے ینگ مگسی سی سی کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی

حب (نمائندہ بولان) پہلا آل بھوتانی کارواں T20 کرکٹ لیگ کے ایک دلچسپ مقابلے میں اسپیشل اسٹار سی سی نے ینگ مگسی سی سی کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی ینگ مگسی سی سی نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 1.18 اوورز میں 75 رنز بنا کر آل آؤٹ ہو گئی۔ عمران علی نے 18 رنز جبکہ دیگر بلے باز خاطر خواہ کارکردگی نہ دکھا سکے۔ اسپیشل اسٹار سی سی کی جانب سے گل رحمان اور احمر عزیز نے شاندار باؤلنگ کرتے ہوئے 3، 3 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ سلمان خان نے 2 وکٹیں اپنے نام کیں جواب میں اسپیشل اسٹار سی سی نے صرف 13 اوورز میں 3/79 اسکور بنا کر ہدف حاصل کر لیا۔ سلمان خان نے جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے 34 رنز ناٹ آؤٹ بنائے،

حب۔ پہلا آل بھوتانی کارواں T20 کرکٹ لیگ کے کھلاڑیوں کا لیا گیا گروپ فوٹو

## ایران رجیم چینج میں ناکامی، موساد سربراہ نے 2 سینئر افسران کو عہدوں سے ہٹا دیا

### دونوں افسران نے ایک تحریری آپریشنل منصوبہ تیار کیا تھا جس کا مقصد ایران کی اسلامی حکومت کا خاتمہ کرنا تھا، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی خفیہ ایجنسی موساد کے نئے سربراہ رومن گوفمان نے ایران میں حکومت کی تبدیلی کے ناکام منصوبے سے وابستہ دو انتہائی سینئر افسران کو ان کے عہدوں سے ہٹا دیا۔ اسرائیلی میڈیا کی مطابق یہ دونوں افسران اس منصوبے کی تیاری اور اس پر عمل درآمد کی حکمت عملی بنانے میں مرکزی کردار ادا کر رہے تھے۔ ایک افسر گزشتہ دسمبر سے موساد کے انٹیلی جنس ڈائریکٹوریٹ کے سربراہ تھے جبکہ دوسرا ادارے کے ایران ڈویژن کی قیادت کر رہا تھا۔ دونوں افسران نے ایک تحریری آپریشنل منصوبہ تیار کیا تھا جس کا مقصد ایران کی اسلامی حکومت کا خاتمہ کرنا تھا۔ اس منصوبے میں ایران کی نسلی و لسانی اقلیتوں، بالخصوص کرد گروہوں کی مدد سے حکومت مخالف تحریک کو دوبارہ زندہ کرنے اور ملک گیر احتجاج کے ذریعے حکومت گرانے کی حکمت عملی شامل تھی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اس منصوبے پر اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے بھی غور کیا تھا

## سوات، نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی رجسٹریشن مہم تیز، 48 ہزار گاڑیوں کی پروفائلنگ مکمل

### شہری مقررہ مدت کے اندر اپنی گاڑیوں کی رجسٹریشن، پروفائلنگ مکمل کروا کر قانونی تقاضے پورے کریں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محب اللہ خان

سوات (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سوات محب اللہ خان یوسفزئی کی زیر صدارت ضلع سوات میں نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی رجسٹریشن اور پروفائلنگ مہم کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر گل فشان خان، ایڈیشنل ایس پی سوات غلام صادق، ڈی ایس پی ٹریفک محمد حلیم، متعلقہ ضلعی افسران جبکہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر گل فشان خان نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مہم کے تحت اب تک ضلع سوات میں تقریباً 48 ہزار نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی رجسٹریشن اور پروفائلنگ مکمل کی جا چکی ہے، جبکہ باقی گاڑیوں کی رجسٹریشن کا عمل بھی تیزی سے جاری ہے۔ اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ تمام پروفائلنگ مراکز کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے، رجسٹریشن کے عمل میں مزید تیزی لائی جائے اور چیک پوسٹوں پر غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کے مالکان کو فوری طور پر رجسٹریشن مراکز سے رجوع کرنے کی ہدایت کی جائے۔

## سرگودھا شہر میں 2 نوجوان مبینہ طور پر زندگی کی بازی ہار گئے

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر میں 2 نوجوان مبینہ طور پر زندگی کی بازی ہار گئے جس کی نعشیں منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا شہر کے علاقہ کارپوریشن ٹان میں 17 سالہ نوجوان امیر مبینہ طور پر زندگی کی بازی ہار گیا۔ جبکہ شہر میں ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال گیٹ کے قریب جاں بحق ہو گیا۔ جس کی شناخت بھلوال کے 42 سالہ اصغر عباس کے نام سے ہوئی

حب۔ سردارزادہ عرفان بھوتانی مختلف علاقوں سے آئے ہوئے علاقائی معززین سے ملاقات کر رہے ہیں

## بدین میں بدامنی میں اضافہ، شہری عدم تحفظ کا شکار

### خواتین کو ہراساں کرنے اور گھروں پر حملوں کی شکایات، پولیس کی مجرمانہ خاموشی۔

بدین (نامہ نگار) بدین شہر اور ضلع بھر میں چوری، ڈکیتی، موٹر سائیکل و موبائل فون چھیننے اور دیگر جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کے باعث شہریوں میں شدید تشویش اور عدم تحفظ پایا جاتا ہے۔ شہریوں، سیاسی و سماجی حلقوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے پولیس کی کارکردگی پر سوالات اٹھاتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے اور شہریوں کے جان و مال اور عزت و آبرو کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ شہریوں کے مطابق بدین شہر میں موٹر سائیکل، موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان چوری اور چھیننے کی وارداتیں معمول بنتی جا رہی ہیں، جبکہ مختلف علاقوں اور اہم شاہراہوں پر مبینہ طور پر لوفر اور منشیات کے عادی عناصر کی موجودگی نے شہریوں خصوصاً خواتین اور طالبات کے لیے مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ شہریوں اور متاثرہ افراد کی جانب سے الزام عائد کیا گیا ہے کہ گزشتہ چند روز کے دوران شہید بے نظیر بھٹو پارک، شہباز روڈ اور شہید بے نظیر بھٹو ڈی سی چوک سمیت شہر کے مختلف مقامات پر موٹر سائیکل سوار نوجوان پیدل چلنے والی، رکشوں اور چنگچی رکشوں میں سفر کرنے والی خواتین اور طالبات کو مبینہ طور پر ہراساں کرتے، نازیبا جملے کستے اور غیر اخلاقی حرکات کرتے رہے ہیں۔ شہریوں نے ان عناصر کی جانب سے خواتین پر پان اور گٹکا تھوکنے جیسے واقعات کی بھی شکایات اور نشاندہی کی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ان واقعات کی پولیس کو شکایات اور سوشل میڈیا کے ذریعے نشاندہی کے باوجود مبینہ طور پر مؤثر کارروائی سامنے نہیں آئی، جس کے باعث اسکول، کالج، بازار، مارکیٹ اور اسپتال جانے والی خواتین اور طالبات خوف کے ماحول میں سفر کرنے پر مجبور ہیں۔ دوسری جانب گزشتہ رات پیش آنے والے ایک واقعے نے شہریوں میں مزید تشویش پیدا کر دی۔ مبینہ طور پر چند افراد کا ایک گروہ رات گئے کینٹ روڈ پر واقع بدین پریس کلب کے نائب قاصد ظفر سولنگی کے گھر میں داخل ہونے کی کوشش کرتے ہوئے حملہ آور ہوا۔ بچوں کے شور شرابے اور چیخ و پکار کے بعد مبینہ حملہ آور دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہو گئے۔ ظفر سولنگی گزشتہ ایک سال سے کینسر کے مرض میں مبتلا ہیں اور کراچی کے اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ اہلِ خانہ کے مطابق ان کی غیر موجودگی میں بچے اپنی والدہ کے ساتھ گھر میں رہتے ہیں اور واقعے کے بعد شدید خوف و ہراس کا شکار ہیں۔ واقعے کی اطلاع بدین کے سینئر صحافیوں کی جانب سے ایس ایس پی بدین، ایس ایچ او بدین اور سٹی پولیس اسٹیشن کے انچارج کو فون کالز اور واٹس ایپ پیغامات کے ذریعے دینے کی کوشش کی گئی،

## کراچی پولیس کے تفتیشی نظام اور میڈیکولیگل سسٹم کی مجموعی کارکردگی سوالیہ نشان بن چکی

کراچی (این این آئی) کراچی میں پولیس کے تفتیشی نظام اور میڈیکولیگل سسٹم کی مجموعی کارکردگی سوالیہ نشان بن چکی ہے۔ تفصیلات کے مطابق میر رضا کیس نے کراچی کے فارنزک نظام کی خامیاں بے نقاب کر دی ہیں۔ پولیس اور میڈیکولیگل سسٹم کے سربراہان ایک دوسرے پر ذمہ داری ڈال رہے ہیں۔ گزشتہ روز خاتون پولیس سرجن کے مراسلے میں درج اعتراضات درست ہیں تو سوال صرف ایک پوسٹ مارٹم رپورٹ کا نہیں

## مانگا منڈی میں بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار ماں بیٹا جاں بحق

مانگا منڈی (این این آئی) مانگا منڈی کے علاقہ ملتان روڈ ٹبہ صماد کے قریب بس نے موٹر سائیکل سواروں کو ٹکر مار دی۔ حادثے میں 27 سالہ بشریٰ بی بی اور 2 ماہ کا بچہ موقع پر دم توڑ گئے، حادثے کے بعد بس ڈرائیور بس چھوڑ کر موقع کا فائدہ اٹھا کر فرار ہو گیا، حادثے کی اطلاع ملنے پر پولیس اور ریسکیو جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔

روہڑی: چیئرمین ضلع کونسل سکھر سید کمیل حیدر شاہ دیگر افسران کے ہمراہ روہڑی میں سندھ کے پہلے جدید واٹر فلٹریشن پلانٹ منصوبے کا مختلف زاویوں سے جائزہ لے رہے ہیں

## مون سون کے بعد خستہ حال عمارتوں کا سروے کرایا جائے‘ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت

### مختلف شہروں میں نئے سیوریج نظام کی بدولت نکاسی آب کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے‘ مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مون سون سیزن کے فوراً بعد پنجاب کے ہر شہر میں خستہ حال عمارتوں کا جامع سروے کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) فیز ون کی جلد تکمیل کا حکم دے دیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس میں پنجاب بھر کے تمام ڈپٹی کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی، اجلاس میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وہاڑی، بورے والا، تاندلیانوالہ، جڑانوالہ، جلال پور جٹاں، سمبڑیال، مرید کے، کھڈیاں، کبیر والا، چک جھمرہ، بھلوال، اٹک، کمالیہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، گوجرہ، علی پور چٹھہ، چیچہ وطنی، ڈسکہ، لیہ، سلانوالی، وزیر آباد، بہاولنگر اور میلسی سمیت مختلف شہروں کے پی ڈی پی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا جبکہ ساہیوال، فیصل آباد، ملتان، گوجرانوالہ، شیخوپورہ، ننکانہ، راولپنڈی اور سیالکوٹ کے منصوبوں پر بھی رپورٹ پیش کی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پی ڈی پی فیز ون کی کیس سٹڈی تیار کرنے، سیوریج اور ڈرینج منصوبوں پر امپیکٹ سٹڈی رپورٹ پیش کرنے اور پروگرام پر عوامی فیڈ بیک مرتب کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 29 شہروں میں زیر زمین سٹوریج ٹینک مکمل طور پر فعال ہو چکے ہیں

## روہڑی میں سندھ کا پہلا جدید واٹر فلٹریشن پلانٹ مکمل

### صاف پینے کے پانی کی فراہمی کا خواب حقیقت بننے کے قریب

سکھر (بیورو رپورٹ) روہڑی میں سندھ کا پہلا جدید واٹر فلٹریشن پلانٹ مکمل، صاف پینے کے پانی کی فراہمی کا خواب حقیقت بننے کے قریب صوبائی وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ جلد منصوبے کا افتتاح کریں گے چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سید کمیل حیدر شاہ اور ڈپٹی کمشنر نادر شہزاد کا تفصیلی دورہ جدید ٹیکنالوجی سے دریائے سندھ کا پانی فلٹر کر کے شہریوں کو معیاری اور صاف پینے کا پانی فراہم کیا جائے گا منصوبہ عوام کے دیرینہ مطالبے کی تکمیل قرار تفصیلات کے مطابق حکومتِ سندھ کی جانب سے روہڑی کے شہریوں کو صاف، محفوظ اور معیاری پینے کے پانی کی فراہمی کے لیے قائم کیا گیا سندھ کا پہلا جدید ترین واٹر فلٹریشن پلانٹ مکمل ہو گیا ہے یہ منصوبہ صوبائی حکومت کا ایک تاریخی عوامی فلاحی اقدام قرار دیا جا رہا ہے، جس سے ہزاروں شہریوں کو جدید معیار کے مطابق فلٹر شدہ اور صحت بخش پانی میسر آئے گا چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سکھر سید کمیل حیدر شاہ نے ڈپٹی کمشنر سکھر نادر شہزاد کے ہمراہ روہڑی میں دریائے سندھ کے کنارے تعمیر کیے گئے جدید واٹر فلٹریشن پلانٹ کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے مختلف حصوں، جدید مشینری، واٹر ٹریٹمنٹ سسٹم، فلٹریشن یونٹس اور جاری ٹیسٹنگ کے عمل کا جائزہ لیا اس موقع پر چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سید کمیل حیدر شاہ نے کہا کہ حکومتِ سندھ نے عوام کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیا ہے اور روہڑی کا یہ منصوبہ اسی وژن کا عملی مظہر ہے انہوں نے بتایا کہ پلانٹ میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے دریائے سندھ کے پانی کو بین الاقوامی معیار کے مطابق فلٹر اور صاف کیا جائے گا تاکہ شہریوں کو ہر وقت صحت بخش اور معیاری پینے کا پانی دستیاب ہو سکے انہوں نے مزید کہا کہ پلانٹ کی ٹیسٹنگ، تکنیکی جانچ اور دیگر ضروری مراحل تیزی سے مکمل کیے جا رہے ہیں تمام مراحل کی کامیاب تکمیل کے بعد بہت جلد روہڑی کے مختلف علاقوں میں صاف پینے کے پانی کی فراہمی کا باقاعدہ آغاز کر دیا جائے گا چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل نے بتایا کہ صوبائی وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ جلد اس اہم عوامی منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کریں گے جس کے بعد یہ جدید واٹر فلٹریشن پلانٹ مکمل طور پر فعال ہو جائے گا انہوں نے اس منصوبے کو صوبائی حکومت، وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ اور متعلقہ اداروں کی مشترکہ کاوشوں کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ روہڑی کے شہریوں کا صاف پینے کے پانی کا دیرینہ مطالبہ اب تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے واضح رہے کہ اس منصوبے کی تکمیل میں چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سید کمیل حیدر شاہ کی مسلسل نگرانی اور خصوصی دلچسپی بھی نمایاں رہی جس کے باعث منصوبہ بروقت مکمل ہونے کے قریب پہنچا

## راولپنڈی، دو دکانوں میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد روڈ پر گارمنٹس اور امپورٹڈ شوز کی دو دکانوں میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ریسکیو 1122 کی فائر فائٹنگ ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچیں اور بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پا لیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق آگ کو ملحقہ دکانوں تک پھیلنے سے بھی روک دیا گیا، جس سے بڑے مالی نقصان کا خدشہ ٹل گیا۔ آگ بجھانے کے بعد فائر فائٹنگ ٹیموں نے کولنگ آپریشن بھی کامیابی سے مکمل کیا تاکہ دوبارہ آگ بھڑکنے کا امکان ختم کیا جا سکے۔

## فیروز پور روڈ پر رکشہ فٹ پاتھ سے جا ٹکرایا، 3 افراد زخمی

لاہور (این این آئی) فیروز پور روڈ پر گلاب دیوی ہسپتال کے قریب ٹریفک حادثے میں تین افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک رکشہ بے قابو ہو کر فٹ پاتھ سے جا ٹکرایا۔ ذرائع کے مطابق حادثے میں زخمی ہونے والوں کی شناخت اعظم، جارج مسیح اور امتیاز کے ناموں سے ہوئی ہے۔

نصیر آباد، کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## ہنگامی اقدامات کرتے ہوئے مفت ویکسینیشن، حفاظتی ٹیکہ جات اور علاج کی مہم مزید تیز

### میر پور ساکرو، غلام اللہ، گاڑھو اور گھوڑا باری کے سرکاری ویٹرنری اسپتالوں میں ایمرجنسی سینٹرز قائم کیے گئے ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) محکمہ لائیو اسٹاک اینڈ اینیمل ہسبنڈری ضلع ٹھٹھہ نے مون سون سیزن کے دوران مویشیوں کو موسمی اور متعدی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے ہنگامی اقدامات کرتے ہوئے مفت ویکسینیشن، حفاظتی ٹیکہ جات اور علاج کی مہم مزید تیز کر دی ہے۔ صوبائی وزیر برائے لائیو اسٹاک رئیس محمد علی خان ملکانی کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں پری مون سون رین فلڈ ویکسینیشن مہم جاری ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک اینڈ اینیمل ہسبنڈری ٹھٹھہ ڈاکٹر فیاض وگن کی نگرانی میں مختلف علاقوں میں جانوروں کی ویکسینیشن اور طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ اسی سلسلے میں ڈاکٹر زاہد حسین کہیو نے سونڈا ایجھر کے گاں سید غلام محمد شاہ میں مویشیوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے ویکسینیشن مہم جاری رکھی، جہاں بڑی تعداد میں جانوروں کو حفاظتی ٹیکے لگائے گئے۔ ڈاکٹر فیاض وگن نے بتایا کہ جھرک، ٹھٹھہ، گھارو، میر پور ساکرو، غلام اللہ، گاڑھو اور گھوڑا باری کے سرکاری ویٹرنری اسپتالوں میں ایمرجنسی سینٹرز قائم کیے گئے ہیں، جہاں مویشیوں کا مفت معائنہ، علاج، ویکسینیشن اور حفاظتی ٹیکے لگانے کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔

حب۔ آل حب شانِ ساکران ڈسٹرکٹ اوپن فٹ بال ٹورنامنٹ کے پہلے کوارٹر فائنل میچ کے مہمان خاص ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ حاجی جیئند خان رودینی کا کھلاڑیوں کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

## جماعت اسلامی یوتھ ٹھٹھہ کے زیرِ اہتمام شہر کے مختلف مقامات پر احتجاجی دھرنے

### ڈی سی چوک، ملکی ٹریفک چوکی اور محسن ہاس کے قریب بابو شاہ چوراہے پر احتجاجی دھرنے دیے گئے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن اور جماعت اسلامی کی مرکزی قیادت کی اپیل پر پیٹرول اور ڈیزل پر حکومت کی جانب سے عائد لیوی ٹیکس کے خلاف ملک گیر احتجاجی تحریک کے سلسلے میں جماعت اسلامی یوتھ ٹھٹھہ کے زیرِ اہتمام شہر کے مختلف مقامات پر احتجاجی دھرنے دیے گئے اور عوام میں آگاہی کے لیے پمفلٹ بھی تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر ڈی سی چوک، ملکی ٹریفک چوکی اور محسن ہاس کے قریب بابو شاہ چوراہے پر احتجاجی دھرنے دیے گئے، جن میں جماعت اسلامی، جماعت اسلامی یوتھ کے کارکنان اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ احتجاجی مظاہرے سے جماعت اسلامی ضلع ٹھٹھہ کے صدر ایڈووکیٹ عبدالمجید سموں، عبداللہ آدم گندرو، غلام شبیر سموں، محبوب مشتاق، نیاز احمد سوہو، سراج احمد کمھار، شفیق الرحمٰن، جواد حیدر پلیجو، رضوان علی بھٹو اور دیگر رہنماں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیٹرول اور ڈیزل پر عائد لیوی ٹیکس صرف جماعت اسلامی کا نہیں بلکہ پورے ملک کے عوام کا مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ٹیکس کے باعث مہنگائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس سے عام آدمی کی زندگی شدید متاثر ہوئی ہے۔

## دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی ۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 2 لاکھ 55 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 25 ہزار 900 کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 46 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 46 ہزار 300 کیوسک، خیر آباد پل آمد 2 لاکھ 61 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 61 ہزار 200 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 39 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 7 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد رہی

## سردارزادہ محمد عرفان بھوتانی سے مختلف سیاسی و سماجی شخصیات نے بھوتانی ہاؤس دریجی میں ملاقات کی

### معززین اور عمائدین نے سردارزادہ محمد عرفان بھوتانی کی عوامی خدمات کو سراہتے ہوئے ان پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا

دریجی (نمائندہ بولان) سردارزادہ محمد عرفان بھوتانی سے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے معززین، قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات نے بھوتانی ہاؤس دریجی میں ملاقات کی اس موقع پر علاقے کی مجموعی صورتحال، عوام کو درپیش مسائل، اور باہمی مشاورت کے ذریعے عوامی مسائل کے حل پر تفصیلی گفتگو کی گئی، سردارزادہ محمد عرفان بھوتانی نے وفود کے خیالات کو غور سے سنا اور انہیں یقین دلایا کہ عوام کے مسائل کا حل اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ عوام سے مسلسل رابطہ ہی مؤثر خدمت کا بہترین ذریعہ ہے اور ہمیشہ عوام کی آواز بن کر ان کے حقوق کے لیے کردار ادا کرتا رہے گا ملاقات میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے معززین اور عمائدین نے سردارزادہ محمد عرفان بھوتانی کی عوامی خدمات کو سراہتے ہوئے

## ٹاؤن شپ میں مبینہ طور پر پولیس اہلکاروں نے نوجوان کو تاوان کے لئے اغواء کر لیا

### نوجوان کو موبائل چوری کے الزام میں گھر سے اٹھایا گیا، 25 لاکھ تاوان کا مطالبہ کیا گیا

لاہور (این این آئی) ٹاؤن شپ کے علاقے میں مبینہ طور پر پولیس اہلکاروں کی جانب سے اغوا برائے تاوان کا انکشاف ہوا ہے جہاں ایک نوجوان کو موبائل فون چوری کے الزام میں گھر سے اٹھا کر اہل خانہ سے 25 لاکھ روپے تاوان طلب کیا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق واقعے کی انکوائری میں الزامات درست ثابت ہونے پر دو حاضر سروس اور ایک سابق پولیس اہلکار کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمے میں حبسِ بے جا، بھتہ خوری، اختیارات کے ناجائز استعمال اور دیگر متعلقہ دفعات شامل کی گئی ہیں۔ ایف آئی آر کے مطابق وردی میں ملبوس تینوں ملزمان نے خود کو سی ڈی ماڈل ٹاؤن کا اہلکار ظاہر کرتے ہوئے نوجوان کو حراست میں لیا اور تاوان کی عدم ادائیگی کی صورت میں جعلی پولیس مقابلے میں مارنے کی دھمکیاں دیتے رہے۔ تحقیقات کے مطابق متاثرہ شہری کے اہل خانہ نے نوجوان کی رہائی کے لیے ڈھائی لاکھ روپے ادا کیے جس کے بعد اسے چھوڑ دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان میں کانسٹیبل عقیل، کانسٹیبل غفار اور سابق پولیس اہلکار رفاقت شامل ہیں۔ تینوں کو حراست میں لے کر حوالات میں بند کر دیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

## پتوکی، مختلف علاقوں میں تین بچوں سے جنسی زیادتی کی کوشش کے واقعات، مقدمات درج

پتوکی (این این آئی) تھانہ سرائے مغل کے تین مختلف علاقوں میں بچوں سے جنسی زیادتی کی کوشش کے واقعات، مقدمات درج کر لیے گئے ۔ بتایا گیا ہے کہ نواحی گاؤں کھڈیاں میں ذہنی معذور بچے سے مبینہ فعلی کی کوشش کی گئی اور ملزم لوگوں کو آتے دیکھ کر فرار ہو گیا۔ دوسرا واقعے میں نواحی گاؤں سوکڑ نہر پر دکان پر سودا لینے گئی 08 سالہ بچی سے بوس و کنار، زیادتی کی کوشش کی گئی ۔ جبکہ نواحی علاقہ کوٹ عمر ہلہ میں محنت کش کی 7 سالہ بچی سے مبینہ جنسی زیادتی کی کوشش کی گئی

Daily
BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ
بولان
حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے
ہفتہ 8 اگست 2026، بمطابق 24 صفر 1448ھ

# طالبان کا دعویٰ جھوٹا ثابت
# افغان سرزمین پر دہشت گردوں کی موجودگی بے نقاب

## طالبان نے دہشتگرد گروہوں کی ایک حد کیلئے اجازت دینے والا ماحول برقرار رکھا ہوا ہے جو دوسرے رکن ممالک کے لیے سنگین خطرہ ہیں

**طالبان نے 2020 کے دوحہ معاہدے کے تحت عہد کیا تھا کہ وہ افغانستان کو دوسرے ممالک کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے، پڑوسی ریاستیں افغانستان کو علاقائی عدم تحفظ کا ایک ذریعہ سمجھ رہی ہیں؛ رپورٹ**

اسلام آباد (جی این ایم) اقوام متحدہ نے پاکستان میں دہشتگردی میں ملوث گروہ کو افغانستان سے مدد ملنے کی تصدیق کردی۔ اطلاعات کے مطابق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی مانیٹرنگ ٹیم کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ طالبان نے دہشت گرد گروہوں کی ایک حد کے لیے اجازت دینے والا ماحول برقرار رکھا ہوا ہے جو دوسرے رکن ممالک کے لیے سنگین خطرہ ہیں، دولت اسلامیہ عراق وشام خراسان کی افغان الحاق، علاقائی اور بین الاقوامی سطح پر سب سے سنگین خطرہ بنی ہوئی ہے اور یہ بھی اشارے ملتے ہیں کہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان یعنی ٹی ٹی پی کو طالبان کی طرف سے کافی لاجسٹک اور آپریشنل مدد ملتی رہی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی نگرانی ٹیم کا یہ تجزیہ سلامتی کونسل کو جمع کرائی گئی تجزیاتی معاونت اور پابندیوں کی نگرانی کرنے والی ٹیم کی 16 ویں رپورٹ میں شامل ہے، رپورٹ نے افغان طالبان کے اس دعوے کو بھی مسترد کیا ہے کہ عسکریت پسند گروپ سرحد پار تشدد کے لیے افغان سرزمین استعمال نہیں کر رہے ہیں، اس دعوے کو قابل اعتبار نہیں قرار دیا ہے اور خبردار کیا ہے کہ پڑوسی ریاستیں افغانستان کو علاقائی عدم تحفظ کا ایک ذریعہ سمجھ رہی ہیں، ان حملوں کے نتیجے میں سرحد پار فوجی تصادم ہوا ہے جس سے متعدد ہلاکتیں ہوئی ہیں، اور ساتھ ہی دوطرفہ تجارت میں بھی خلل پڑا ہے، جانی نقصان کے علاوہ، پاکستان کے ساتھ سرحدی گزرگاہوں کی بندش سے افغان معیشت کو روزانہ تقریباً ایک کروڑ ڈالر کا نقصان پہنچنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے، کالعدم ٹی ٹی پی نے اپنے ہدف کو بڑھا دیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ حکام تردید کرتے رہتے ہیں کہ کسی بھی دہشت گرد گروہ کا ان کی سرزمین پر کوئی وجود ہے یا یہاں سے کام کر رہا ہے، یہ دعویٰ قابل اعتبار نہیں ہے، طالبان نے 2020 کے دوحہ معاہدے کے تحت عہد کیا تھا کہ وہ افغانستان کو دوسرے ممالک کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے، کافی رکن ممالک مسلسل رپورٹ کرتے ہیں کہ داعش خراسان، تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی)، القاعدہ، ایسٹرن ترکستان اسلامک موومنٹ، جماعت انصار اللہ، اتحاد المجاہدین پاکستان، اور دیگر موجود ہیں، طالبان حکام ٹی ٹی پی کو روکنے میں ناکامی کی ذمہ داری سے انکار اور انحراف کرتے رہتے ہیں، طالبان کے اندر ٹی ٹی پی کے ساتھ ہمدردی اور وفاداری کے مختلف درجات ہیں۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ کچھ سینیئر اراکین کالعدم ٹی ٹی پی کو ایک ذمہ داری کے طور پر دیکھتے ہیں، غیر ضروری طور پر پاکستان کے ساتھ تعلقات میں خلل ڈال رہے ہیں اور مخالف ہیں، جبکہ دیگر اس کے حامی ہیں، تاریخی تعلقات کے پیش نظر، طالبان کا ٹی ٹی پی کے خلاف محاذ آرائی یا کارروائی کا امکان نہیں ہے، اگر وہ چاہیں تو بھی، ان میں ایسا کرنے کی صلاحیت کی کمی ہو سکتی ہے، کالعدم ٹی ٹی پی نے افغان سرزمین سے پاکستان میں متعدد ہائی پروفائل حملے کیے ہیں، جو اسے کابل اور اسلام آباد کے درمیان تعلقات کے لیے سب سے سنگین فوری چیلنج بنا چکے ہیں، پاکستان میں ٹی ٹی پی کے حملوں کی تعداد 2025 کے دوران بڑھ رہی ہے۔ کچھ اندازوں کے مطابق، 2025 میں پاکستان میں پہلے ہی 600 سے زیادہ حملے ہو چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کا رپورٹ میں کہنا ہے کہ جنوری میں ٹی ٹی پی نے اپنے حملوں کے اہداف کو وسعت دینے کے لیے ایک نئی ہدایت جاری کی

## چین میں کوئلے کی کان میں حادثہ، 4 افراد ہلاک، 3 لاپتہ

**حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات بھی شروع کر دی گئی ہیں، حکام**

بیجنگ (این این آئی) چین کے صوبہ یونان میں کوئلے کی کان میں پیش آنے والے حادثے کے نتیجے میں چار افراد ہلاک ہو گئے جبکہ تین تاحال لاپتہ ہیں۔ مقامی حکام نے بتایا کہ یہ حادثہ کوئلے اور گیس کے اچانک اخراج کے باعث پیش آیا۔ ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کیں اور چار افراد کی لاشیں نکال لی گئیں۔ حکام کا کہنا تھا کہ لاپتہ افراد کی تلاش کے لیے ریسکیو آپریشن جاری ہے

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم پریس کانفرنس کر رہے ہیں

# ملکی معیشت کی ترقی کا دارومدار مہارتوں کے فروغ پر ہے، احسن اقبال

## ، پاکستان کو ماضی میں سکیورٹی کے چیلنجز کا سامنا رہا لیکن ہماری مسلح افواج کی قربانیوں کے باعث آج پاکستان سیاحتی ترقی کی راہ پر گامزن ہے

**پاکستانی معیشت کی ترقی قومی یکجہتی اور ایک واضح اقتصادی وژن سے جڑی ہوئی، وقت آگیا ہے ہم اپنی توجہ اقتصادی ترقی پر مرکوز کریں، وفاقی وزیر کا خطاب**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت کی ترقی کا دارومدار نجی شعبے کی قیادت میں اقتصادی بہتری اور ملک گیر سطح پر مہارتوں کے فروغ پر ہے۔ بدھ کو سی او ٹی ایچ ایم گلوبل کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کو اپنی افرادی قوت کو جدید عالمی معیشت کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہوگا اور نجی شعبے کو سرمایہ کاری، کاروباری وسعت اور اقتصادی ترقی میں مرکزی کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی ملک نجی شعبے کی مکمل شمولیت اور ہنر مند افرادی قوت کے بغیر پائیدار ترقی حاصل نہیں کر سکتا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کو درپیش معاشی چیلنجز ایک نئے طرز فکر کے متقاضی ہیں، جہاں حکومت کاروبار دوست ماحول فراہم کرے، سرمایہ کاری کو فروغ دے اور نوجوانوں کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بے پناہ صلاحیتوں سے مالا مال ہے، لیکن اسے تعلیمی اصلاحات اور صنعتی ترقی کے ذریعے بین الاقوامی سطح پر مسابقت کے قابل بنانا ہوگا۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان سیاحت اور ہاسپٹیلٹی کے شعبے میں تیزی سے ترقی کر رہا ہے اور اس کے قدرتی مناظر اور تاریخی ورثہ عالمی سطح پر پذیرائی حاصل کر رہے ہیں تاہم، اس شعبے کی مکمل صلاحیتوں سے استفادہ کرنے کیلئے بنیادی ڈھانچے میں بہتری اور ہنر مند افرادی قوت کی تیاری ضروری ہے، پاکستان کو ماضی میں سکیورٹی کے چیلنجز کا سامنا رہا لیکن ہماری مسلح افواج کی قربانیوں کے باعث آج پاکستان سیاحتی ترقی کی راہ پر گامزن ہے، اب اس ترقی کو مزید موثر بنانے کے لیے انسانی وسائل اور ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی میں سرمایہ کاری ناگزیر ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اڑان پاکستان ملکی معیشت کی ترقی کا ایک واضح روڈ میپ فراہم کرتا ہے جس کا ہدف 2047 تک پاکستان کو 3 کھرب ڈالر کی معیشت میں تبدیل کرنا ہے، اس منصوبے کا مقصد اہم شعبوں کو مستحکم کرنا، جدت کو فروغ دینا اور پاکستانی نوجوانوں کو عالمی مارکیٹ میں مسابقت کے قابل بنانا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ حکومت تکنیکی و پیشہ ورانہ تربیت، آئی ٹی ایجوکیشن، ڈیجیٹل مہارتوں اور اپرنٹس شپ پروگرامز کو فروغ دے رہی ہے تاکہ روزگار کے مواقع پیدا کیے جا سکیں اور مہارتوں کے فرق کو کم کیا جا سکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستانی پیشہ ور افراد پہلے ہی عالمی ہاسپٹیلٹی اور سروس انڈسٹری میں اپنی مہارت کا لوہا منوا چکے ہیں، لیکن ان پروگرامز کو مزید وسعت دینے، جدید ٹیکنالوجیز کو شامل کرنے اور تعلیمی اداروں وصنعتوں کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کی ترقی قومی یکجہتی اور ایک واضح اقتصادی وژن سے جڑی ہوئی ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان ایک جوہری طاقت اور سٹریٹجک اہمیت کا حامل ملک ہے، اب وقت آگیا ہے کہ ہم اپنی توجہ اقتصادی ترقی پر مرکوز کریں۔ انہوں نے کہا کہ انتشار اور قلیل المدتی حکمت عملی نے ترقی کی رفتار کو سست کیا ہے، لیکن اب تمام سٹیک ہولڈرز کو ایک مستحکم اور خوشحال پاکستان کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا۔

# NFC ایوارڈ کے تحت پنجاب کو سب سے کم حصہ ملتا ہے، مریم نواز

## تنقید کرنے والوں کو پروٹوکول سے فرصت نہیں، ان کے صوبے میں عوام بھوکی مر رہی ہے، سڑکیں کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب

**لوگوں کو ریلیف دینے کے لیے کام کرنا پڑتا ہے، بدلے میں انتشار، مارو، پولیس والوں کے سر پھاڑ دو نہیں چلے گا، لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب**

لودھراں (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ ہر صوبے کے پاس این ایف سی کا بہت پیسہ ہے، این ایف سی شیئر کے تحت پنجاب کو سب سے کم حصہ ملتا ہے، تنقید کرنے والوں کو پروٹوکول سے فرصت نہیں، ان کے صوبے میں عوام بھوکی مر رہی ہے اور سڑکیں کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہیں۔ لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب میں مریم نواز نے کہا کہ پنجاب کے پاس جتنا پیسہ ہے وہ عوام پر لگ رہا ہے، جو صوبے کہتے ہیں پنجاب کے پاس بہت پیسہ ہے وہ اپنی نااہلی اور کرپشن چھپانے کے لیے بات کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تنقید کرنے والوں کو پروٹوکول سے فرصت نہیں، ان کے صوبے میں عوام بھوکی مر رہی ہے اور سڑکیں کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ 2026 پنجاب کے نوجوانوں کا سال ہوگا، نوجوانوں کے لیے وہ کام ہوں گے کہ دنیا دنگ رہ جائے گی، میں پنجاب کے نوجوانوں کے خواب بکھرنے نہیں دوں گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈیڑھ سال میں 80 ہزار طلبا کو اسکالر شپس دیں۔ ایک سال میں سوا لاکھ گھر بن رہے ہیں، شہر ہوں یا دیہات، ستھرا پنجاب کے اہلکار صفائی کر رہے ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ سی سی ڈی اچھا کام کر رہی ہے، پنجاب کو جرائم سے پاک کر رہے ہیں، خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم ان کی ریڈ لائن ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ ہراسگی کے معاملے پر پولیس فوری ایکشن لیتی ہے۔ جو امن مرد وزرائے اعلیٰ قائم نہیں کر پائے، وہ خاتون وزیر اعلیٰ نے کر دکھایا ہے، پنجاب اب خواتین کے لیے محفوظ ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ لوگوں کو ریلیف دینے کے لیے کام کرنا پڑتا ہے، بدلے میں انتشار، مارو، پولیس والوں کے سر پھاڑ دو نہیں چلے گا، پاکستان نے بہت بیانیہ بیانیہ کا کھیل کھیل لیا، اب ملک اپنے ٹریک پر واپس آ گیا ہے۔

## 'استحصالی نظام کو ختم و محنت کشوں کے مسائل حل کریں گے'، منعم ظفر

**مخصوص طبقہ اشرافیہ 78 سال سے اقتدار پر قابض، عوام کا استحصال کر رہا ہے**

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی کراچی کے امیر منعم ظفر خان نے کہا ہے کہ ملک میں رائج ظالمانہ و فرسودہ نظام نے پاکستان کو تباہ کر دیا ہے۔ مخصوص طبقہ اشرافیہ 78 سال سے اقتدار پر قابض، عوام کا استحصال کر رہا ہے۔ محنت کش اپنے اتحاد کے ذریعے ہی حقوق حاصل کر سکتے ہیں۔ جماعت اسلامی مزدوروں کسانوں اور غریب طبقے کی جماعت ہے، ہم استحصالی نظام کا خاتمہ کر کے محنت کشوں کے مسائل حل کریں گے۔ محنت کش اجتماع عام بدل دو نظام کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل لیبر فیڈریشن کراچی زون کے تحت وی ٹرسٹ گلشن اقبال میں مینار پاکستان لاہور میں بدل دو نظام اجتماع عام میں شرکت کرنے والے محنت کشوں کے اعزاز میں استقبالیہ اور سرٹیفکیٹ کی تقسیم کے موقع پر منعقدہ تقریب سے اپنے صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے صدر شمس الرحمان سواتی، سینئر نائب صدر ظفر خان، پی ٹی سی ایل سی بی اے یونین کے رہنما وحید حیدر شاہ، این ایل ایف کراچی کے سینئر نائب صدر امیر روان، جنرل سیکریٹری محمد قاسم جمال ودیگر نے خطاب کیا۔ اس موقع پر نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے سابق سیکریٹری جنرل اور جماعت اسلامی کراچی کے سیکرٹری اطلاعات زاہد عسکری بھی موجود تھے

# وفاقی حکومت نے این ایف سی کے تحت صوبے کے حصے کے وعدہ شدہ فنڈز تاحال ریلیز نہیں کیا، سہیل آفریدی

## اس صورتحال کے باوجود صوبائی حکومت پوری کوشش کر رہی ہے کہ ضم اضلاع کے عوام کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو

**دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ترقیاتی اور فلاحی کام جاری رکھے جائیں، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کا بینہ اجلاس سے خطاب**

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ این ایف سی کے تحت صوبے کے حصے کے وعدہ شدہ فنڈز، جو سہ ماہی بنیادوں پر جاری ہونے تھے، تاحال مالی سال 2025-26 کے لئے وفاقی حکومت کی جانب سے ریلیز نہیں کیے گئے۔ فنڈز کی عدم فراہمی کے باعث ضم اضلاع میں ترقیاتی منصوبے متاثر ہو رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس صورتحال کے باوجود صوبائی حکومت پوری کوشش کر رہی ہے کہ ضم اضلاع کے عوام کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو اور دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ترقیاتی اور فلاحی کام جاری رکھے جائیں۔ صوبائی کابینہ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وفاقی اور پنجاب حکومت کی جانب سے عمران خان، ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی اور ان کی بہنوں کے ساتھ مسلسل غیر انسانی اور غیر جمہوری سلوک کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منگل کے روز واٹر کینن کا استعمال کیا گیا جس میں زہریلا کیمیکل شامل تھا، جس کے باعث وہاں موجود پرامن سیاسی کارکنان، پارلیمنٹیرینز، پارٹی قیادت اور عمران خان کی بہنوں کی طبیعت خراب ہوئی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس نوعیت کے غیر انسانی اور غیر جمہوری اقدامات جمہوری روایات کے منافی ہیں جن کی صوبائی حکومت بھرپور مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کو سیاسی انتقام کی بجائے ملکی معیشت پر توجہ دینی چاہیے کیونکہ پاکستان کی معیشت تباہ حال ہے اور دن بدن مزید کمزور ہو رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جی ڈی پی گروتھ، زرعی پیداوار، صنعتی ترقی اور دیگر تمام معاشی اشاریے مسلسل نیچے جا رہے ہیں، مگر وفاقی حکومت عوامی فلاح کی بجائے صرف عمران خان اور پاکستان تحریک انصاف کو نشانہ بنانے میں مصروف ہے۔ گورننس کے حوالے سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انہوں نے خود فیلڈ وزٹس کا آغاز کر دیا ہے

کراچی، سندھ کے وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## علم کے ساتھ آزمائشیں لازم، سازشیں ناکام اور اللہ کا نور غالب رہے گا، علما کرام

**معہد الخلیل الاسلامی میں تکمیلِ قرآن وختم بخاری کی تقریب، 447 طلبہ وطالبات کی دستار بندی و ردا پوشی**

کراچی (این این آئی) ملک کی ممتاز دینی درسگاہ معہد الخلیل الاسلامی میں تکمیلِ قرآن و بخاری کی شاندار اور پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں 447 طلبہ وطالبات کی دستار بندی اور ردا پوشی کی گئی۔ تقریب کی صدارت معہد کے مہتمم مولانا محمد الیاس مدنی نے کی۔ تقریب سے شیخ الحدیث جامعہ بنوری ٹاؤن مفتی عبدالرؤف غزنوی، وفاق المدارس کے نائب صدر و جے یو آئی کے رہنما مولانا سعید یوسف، دارالعلوم کراچی کے استاذ حدیث مولانا عزیز الرحمٰن، جامعہ فاروقیہ کے مہتمم مولانا عبیداللہ خالد، جامعہ بیت السلام کے مہتمم مولانا عبدالستار، جامعہ اشرف المدارس کے مہتمم مولانا حکیم مظہر، مدرسہ تعلیم القرآن کے مہتمم مولانا قاری ضیاالحق، مدینہ منورہ سے تشریف لانے والے عالم دین اور مولانا محمد عاشق الٰہی کے صاحبزادے مولانا عبداللہ البرنی سمیت دیگر علما کرام نے خطاب کیا۔ مرکزی تقریب نماز مغرب کے بعد منعقد ہوئی، جبکہ اس سے قبل صبح دس بجے تکمیلِ قرآن کی تقریب ہوئی جس میں حفاظ کرام کی دستار بندی کی گئی۔ تقریب میں علما، طلبہ وطالبات کے ساتھ ساتھ معاشرے کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے حضرات وخواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی، علما کرام نے اپنے خطابات میں کہا کہ علم کے ساتھ آزمائشیں لازم ہیں، مگر باطل کی تمام سازشیں ناکام ہوں گی اور اللہ کا نور غالب رہے گا۔

## مسلمان آبادیاتی خطرہ ہیں، ہندو زیادہ سے زیادہ بچے پیدا کریں، ہندوتوا نواز صحافی کی زہر افشانی

نئی دلی (این این آئی) بھارت میں ایک ہندوتوا نواز صحافی نے مسلمانوں کو آبادیاتی خطرہ قرار دیتے ہوئے ہندوؤں سے زیادہ سے زیادہ بچے پیدا کرنے کی اپیل کی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ہندوتوا نیوز چینل "سدرشن نیوز" کے چیئرمین سریش چوہانکے نے ایک بیان میں کہا کہ حکومت کو مسلم آبادی کم کرنے کیلئے اقدامات کرنے چاہئیں۔ وہ ہندوؤں کو زیادہ سے زیادہ بچے پیدا کرنے پر اکسانے، اپنے چینل پر اسلام مخالف بیانات دینے اور نفرت انگیز مواد پیش کرنے کیلئے بدنام ہیں۔ چوہانکے نے حال ہی مرکزی محکمہ ثقافت اور محکمہ سیاحت دلی کے زیر اہتمام ایک تقریب سے خطاب کے دوران بھی مسلمانوں کے خلاف ہرزہ سرائی کی۔

## قائداعظم کے فرمان "کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے" سے کشمیریوں، پاکستانیوں کا رشتہ مزید مضبوط ہوا

سری نگر (این این آئی) پاکستانی اور کشمیری گہرے مذہبی، تاریخی اور ثقافتی رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں، بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے کشمیر کو پاکستان کی "شہ رگ" قرار دیا ہے۔ ان کے اس فرمان سے دونوں کے درمیان پہلے سے موجود لازوال رشتے مزید مضبوط ہوئے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق قائداعظم نے متعدد مرتبہ جموں وکشمیر کا دورہ کیا جس سے ان کی اس جنت ارضی کیساتھ گہری محبت اور وابستگی کا پتہ چلتا ہے۔ قائداعظم نے انصاف اور آزادی کیلئے کشمیریوں کی جدوجہد کی بھرپور وکالت کی۔ وہ جموں وکشمیر پر غیر قانونی بھارتی قبضے سے انتہائی دل گرفتہ تھے

## ضلع باغ میں محکمہ SCO کا انقلابی اقدام قابل ستائش

**جدید تقاضوں کے مطابق مزید ٹاورز اور ریپیٹرز نصب کر کے انٹرنیٹ اور کال سروسز میں نمایاں بہتری لادی گئی**

باغ (این این آئی) محکمہ SCO کا انقلابی اقدام قابل ستائش، تحصیل خورشید آباد، کالا مولا اور گردونواح کے دور افتادہ علاقوں میں محکمہ ایس سی او (SCO) کی جانب سے جدید تقاضوں کے مطابق مزید ٹاورز اور ریپیٹرز نصب کر کے انٹرنیٹ اور کال سروسز میں نمایاں بہتری لادی گئی ہے، جس کے نتیجے میں علاقہ مکینوں کو تیز رفتار 4G انٹرنیٹ اور معیاری موبائل کالنگ کی سہولت میسر آ گئی ہے۔ اس اہم پیش رفت پر عوام نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ ایس سی او کے ذمہ داران کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ ماضی میں اس پسماندہ اور دور افتادہ خطے میں موبائل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ کی شدید کمی کے باعث تعلیمی، سماجی اور معاشی سرگرمیاں بری طرح متاثر تھیں۔ طلبہ وطالبات کو آن لائن تعلیم، ڈیجیٹل مواد اور جدید تعلیمی ذرائع تک رسائی میں مشکلات کا سامنا تھا جبکہ کاروباری اور سماجی رابطے بھی محدود تھے۔ تاہم محکمہ ایس سی او کے حالیہ اقدامات نے اس محرومی کو خوشحالی میں بدل دیا ہے۔ عوامی نمائندوں اور معززین علاقہ کے مطابق ایس سی او نے اضافی ٹاورز اور ریپیٹرز نصب کر کے نہ صرف کال سروس کو بہتر بنایا بلکہ 4G انٹرنیٹ کی رفتار میں بھی نمایاں اضافہ کر دیا ہے، جس سے اب یہ علاقہ ملک اور پوری دنیا سے مؤثر طور پر جڑ چکا ہے

## گوجرانوالہ میں اسٹیٹ آف دی آرٹ مریم نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی پر برق رفتاری سے کام جاری

**حکومت پنجاب وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کر رہی ہے' وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق**

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں مریم نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی گوجرانوالہ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ ڈاکٹر عدنان خان نے وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں 10 ارب روپے کی لاگت سے گوجرانوالہ میں اسٹیٹ آف دی آرٹ مریم نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے قیام وترقی کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وڈیو لنک کے ذریعے رکن قومی اسمبلی شاہد ابراہیم، رکن قومی اسمبلی بلال فاروق تارڑ، رکن قومی اسمبلی شازیہ فرید، رکن قومی اسمبلی محمود بشیر ورک، رکن پنجاب اسمبلی عمر فاروق ڈار، رکن پنجاب اسمبلی قیصر اقبال سندھو، رکن پنجاب اسمبلی عمران خالد بٹ، ٹکٹ ہولڈر پیر فرید، ٹکٹ ہولڈر چوہدری اقبال، ٹکٹ ہولڈر امان اللہ وڑائچ اور ٹکٹ ہولڈر معظم رؤف مغل نے شرکت کی۔ وڈیو لنک کے ذریعے سابق وفاقی و ٹکٹ ہولڈر وزیر انجینئر خرم دستگیر خان اور کمشنر گوجرانوالہ نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود خان اور چیئرمین وزیر اعلیٰ پنجاب ایڈوائزری کمیٹی برائے امراض قلب ڈاکٹر فرقد عالمگیر نے شرکت کی۔

# گورنر ہاؤس پشاور میں تقریب، 150 کسانوں کو ایوارڈ، 2 عمرہ ٹکٹس تقسیم

## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تعلیمی خدمات ملک بھر کی جامعات کیلئے قابل تقلید ہیں، گورنر خیبر پختونخوا

**قیدیوں، شہدا کے بچوں اور خواجہ سراؤں کو مفت تعلیم فراہم کرنا ملک وقوم کیلئے یونیورسٹی کی بڑی خدمت ہے، فیصل کریم کنڈی**

پبی (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تعلیمی خدمات ملک بھر کی جامعات کے لئے قابل تقلید ہیں، قیدیوں، شہدا کے بچوں اور خواجہ سراؤں کو مفت تعلیم فراہم کرنا ملک وقوم کے لئے اوپن یونیورسٹی کی بہت بڑی خدمت ہے، ڈگری کا حصول اختتام نہیں، طلباء کیلئے نئے امتحان کی شروعات ہے، اصل کامیابی اس دن ہوگی جب آپ کا علم کسی انسان کے کام آئیگا۔ علامہ اوپن یونیورسٹی کے خیبر پختونخواہ چیپٹر میں جلسہ تقسیم اسناد کا انعقاد ہوا۔ تقریب کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کی جبکہ تقریب کے مہمان خصوصی گورنر خیبر پختونخوا تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تعلیمی خدمات ملک بھر کی جامعات کے لئے قابل تقلید ہیں۔ قیدیوں، شہدا کے بچوں اور خواجہ سراؤں کو مفت تعلیم فراہم کرنا ملک وقوم کے لئے اوپن یونیورسٹی کی بہت بڑی خدمت ہے۔ انہوں نے طلبہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ یہ ڈگری اختتام نہیں بلکہ ایک نئے امتحان کی شروعات ہے، اصل کامیابی اس دن ہوگی جب آپ کا علم کسی انسان کے کام آئے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ آج آپ کی عملی زندگی کے سفر کا آغاز ہے، تعلیم کو تبدیلی کا ذریعہ بنائیں اور ملک و قوم کے لئے فخر کا باعث بنیں۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں فنی و پیشہ ورانہ تربیت، ڈیجیٹل تعلیم اور مصنوعی ذہانت جیسے علوم پڑھائے جاتے ہیں یہ ایک قابل تحسین اقدام ہے۔ اس موقع پر وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج تک اس قومی جامعہ سے 50 لاکھ طلبہ گریجویٹ ہو چکے ہیں جو ملک کے مختلف اداروں میں خدمات انجام دے رہے۔ ڈاکٹر ناصر محمود کا کہنا تھا کہ خیبر پختون خواہ میں اس سال طلبہ کی تعداد تقریباً ایک لاکھ اسی ہزار تک پہنچ چکی ہے

# عمران خان این آر او مانگ رہا ہے لیکن کوئی سننے کو تیار نہیں، عظمیٰ بخاری

## پاکستان کے خلاف منفی پروپیگنڈا اور قتل پر اکسانے کی روش ناقابلِ قبول، غیر اخلاقی اور بین الاقوامی اصولوں کے منافی ہے

**9 مئی اور 26 نومبر کے واقعات ایک ہی ایجنڈے کا تسلسل ہیں، پاکستان کو دیوالیہ کرنے کی سازشیں بھی اسی ایجنڈے کا حصہ ہیں**

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے بیرونِ ملک سے ایک ادارے کے سربراہ کو قتل کی دھمکیوں، نفرت پھیلانے اور پاکستان کے خلاف منظم پروپیگنڈا مہم پر شدید ردِعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی جانب سے قتل کی دھمکیاں دینا بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے اور ایسی حرکات ناقابلِ قبول ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ 9 مئی اور 26 نومبر کے واقعات ایک ہی بیرونی ایجنڈے کا تسلسل ہیں، اسی ایجنڈے کے تحت پاکستان کو دیوالیہ کرنے کی سازشیں بھی ہوئیں۔ انہوں نے برطانوی سرزمین کے پاکستان کے خلاف استعمال ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ برطانیہ میں زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، یہی اصول پاکستان کے خلاف نفرت انگیزی پر بھی لاگو کیا جانا چاہیے۔ عظمیٰ بخاری کے مطابق سوشل میڈیا اور اوورسیز اکاؤنٹس کے ذریعے پاکستان کے اندر انتشار اور تشدد بھڑکانے کی منظم کوششیں جاری ہیں، حکومت پاکستان نے یہ معاملہ برطانوی حکام کے سامنے باقاعدہ طور پر اٹھا دیا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ سیاسی جماعت اور دہشت گرد گروہ کے رویے میں فرق کرنا ہوگا، نفرت، لاشوں اور خون کی سیاست اب کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ یوکے انتظامیہ فوری اور سخت ایکشن لے تاکہ پاکستان کے اداروں کو نشانہ بنانے، تشدد پر اکسانے اور ریاست کو کمزور کرنے کی کوششوں کا مستقل خاتمہ کیا جا سکے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پاکستان کے خلاف نفرت انگیزی ایک منصوبہ بندی کے ساتھ پھیلائی جاتی ہے، اشتعال انگیز بیانات ریکارڈ کیے جاتے ہیں، پھر سوشل میڈیا بریگیڈز اور یوٹیوبرز کے ذریعے ان کو دنیا بھر میں پھیلایا جاتا ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ برطانوی سرزمین کو مسلسل نفرت اور تشدد کو ہوا دینے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے،

## کراچی میں 2025 کے دوران خودکشی کے 155 واقعات رپورٹ

**خودکشی کرنے والوں میں 124 مرد، 30 خواتین اور ایک خواجہ سرا شامل تھا**

کراچی (این این آئی) سال 2025 کے دوران کراچی کے مختلف علاقوں سے 155 افراد کی خودکشی کے واقعات رپورٹ ہوئے، جن میں سب سے زیادہ واقعات ماہِ ستمبر میں سامنے آئے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق زیادہ تر افراد معاشی اور گھریلو مسائل کے باعث ذہنی دباؤ کا شکار تھے۔ رپورٹ کے مطابق کراچی میں 2025 کے دوران گھروں سے 155 افراد کی لاشیں برآمد ہوئیں جن کے بارے میں پولیس نے انہیں خودکشی کے واقعات قرار دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق خودکشی کرنے والوں میں 124 مرد، 30 خواتین اور ایک خواجہ سرا شامل تھا۔ اعداد وشمار کے مطابق جنوری میں 4، فروری میں 12، مارچ میں 15 اور اپریل میں 17 افراد نے زندگی کا خاتمہ کیا۔ مئی میں 17، جون میں 14، جولائی میں 10 اور اگست میں 9 کیسز رپورٹ ہوئے

## گھر میں کھڑی گاڑی پر شہری کو 25 روز میں 2 ای چالان موصول

**متاثرہ شہری کی گاڑی 1987 کا ماڈل ہے، جبکہ ای چالان کی تصاویر میں خلاف ورزی کرنے والی گاڑی بالکل نئی ہے**

کراچی (این این آئی) ای چالان جاری کرنے والے نظام کی مبینہ غلطی کے باعث گھر میں کھڑی گاڑی کے مالک کو 25 روز کے اندر دو ای چالان بھیج دیے گئے۔ کراچی میں ای چالان کے نفاذ کو تقریباً تین ماہ ہونے والے ہیں، مگر آئے روز ایسے واقعات سامنے آ رہے ہیں جن سے اس نظام کی خامیوں کی نشاندہی ہوتی ہے۔ تازہ ترین واقعے میں کراچی کے ایک شہری کو 25 روز کے اندر سیٹ بیلٹ نہ پہننے پر 10، 10 ہزار روپے مالیت کے دو چالان بھیجے گئے ہیں۔ اس معاملے کا دلچسپ پہلو یہ ہے کہ جس شخص کو یہ چالان موصول ہوئے

## طالبان کی نئی کارروائی، داڑھی منڈوانے پر شہری گرفتار

کابل (این این آئی) افغانستان کے مغربی شہر ہرات میں افغان طالبان کے محکمہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے اہلکاروں نے داڑھی منڈوانے پر ایک شہری کو حراست میں لے لیا ہے۔ افغان میڈیا کے مطابق مقامی ذرائع کا کہنا تھا کہ امین اللہ عزیزی نامی شخص کو طالبان اہلکاروں نے گرفتار کیا، جس کے بعد سے اس کی حالت یا مقام کے بارے میں کوئی معلومات سامنے نہیں

لاہور، صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب ترقیاتی منصوبوں بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## یوکرین کو ڈونباس کے علاقوں، نیٹو میں شمولیت سے دستبردار ہونا ہوگا، کریملن

ماسکو (این این آئی) روسی صدارتی محل کریملن نے کہا ہے کہ یوکرین کو ڈونباس کے زیر کنٹرول علاقوں سے دستبردار ہونا ہوگا اور نیٹو میں شمولیت بھی ترک کرنا ہوگی۔ یوکرین کی جانب سے 20 نکاتی امن منصوبہ سامنے آنے کے بعد روسی صدارتی محل کریملن نے جاری بیان میں کہا ہے

## سوڈان جنگ کے خاتمے کیلئے سعودی امریکی اتفاقِ رائے موجود ہے، مشیر ٹرمپ

**ہم تنازع کے فریقوں کو مذاکرات کے مواقع فراہم کرتے رہیں گے، مسعد بولس کی گفتگو**

واشنگٹن (این این آئی) عرب اور افریقی امور کے لیے امریکی صدر کے سینئر مشیر مسعد بولس نے العربیہ ڈاٹ نیٹ کو بتایا کہ ریاض اور واشنگٹن نے سوڈان میں جنگ کے خاتمے اور مذاکرات کے لیے زمین ہموار کرنے پر عملی اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان کے ساتھ اپنی ملاقات کو نتیجہ خیز قرار دیا جس میں سوڈانی فائل سمیت خطے کے بحرانوں پر بات کی گئی۔ بولس نے زور دیا کہ ان کا ملک چار ملکی بین الاقوامی گروپ (سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، مصر، امریکہ) کے فریم ورک کے اندر ریاض کے ساتھ مل کر سوڈان میں امن کے حصول کے لیے کام کر رہا ہے۔

## 10 دنوں میں بیرسٹر گوہر نے تین مرتبہ وزیر اعظم سے مذاکرات کیلئے منت کی ہے، اختیار ولی

**قومی اتحاد و یگانگت کیلئے اچکزئی اور کوٹ لکھپت کے قیدیوں سے بھی بات کریں گے، کوآرڈینیٹر وزیراعظم**

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے خیبر پختونخوا اختیار ولی نے کہا ہے کہ 10 دنوں میں بیرسٹر گوہر نے تین مرتبہ وزیر اعظم سے مذاکرات کیلئے منت کی ہے۔ ایک انٹرویو میں اختیار ولی نے کہا کہ قومی اتحاد و یگانگت کیلئے اچکزئی اور کوٹ لکھپت کے قیدیوں سے بھی بات کریں گے، وزیر اعظم سمجھتے ہیں کہ قومی یکجہتی کیلئے کسی سے بھی بات ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محمود اچکزئی کو بات چیت کا اختیار دینا بانی پی ٹی آئی کا اپنی پارٹی پر عدم اعتماد ہے، بانی پی ٹی آئی کا مقصد پورا ہو جائے گا تو وہ شاید اچکزئی کو ہری جھنڈی دکھا کر نکل جائیں۔ اختیار ولی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی لوگوں کو استعمال کر کے ڈسٹ بن میں پھینک دیتے ہیں، وزیراعظم نے دو سال میں ساتویں بار اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی ہے، اپوزیشن لیڈر کی حیثیت سے بھی شہباز شریف نے انہیں میثاق معیشت کی دعوت دی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ان کا لہجہ درست ہوا تو یہ مذاکرات انہیں بہت کچھ دے سکتے ہیں، اگر لونڈے لپاڑے والی زبان استعمال کریں گے تو بات بڑھے گی نہیں،

## وائٹ ہاؤس کا امریکی فوج کو وینزویلا کے تیل کی قرنطینہ پر توجہ دینے کا حکم

واشنگٹن (این این آئی) وائٹ ہاؤس نے امریکی فوج کو ہدایت دی ہے کہ وہ آئندہ کم از کم دو ماہ تک وینزویلا کے تیل کے خلاف قرنطینہ نافذ کرنے پر تقریباً مکمل توجہ مرکوز رکھے۔ ایک امریکی عہدیدار کے حوالے سے یہ اطلاع دی۔ عہدیدار کے مطابق اگرچہ فوجی آپشنز موجود ہیں

## مسجد الحرام میں معمر اور معذور افراد کی آمد ورفت کے لیے راستے مخصوص

ریاض (این این آئی) ادارہ امور حرمین شریفین نے مسجد الحرام میں معمر اور معذور افراد کے لیے راستے مخصوص کر دیے۔ اس اقدام کا مقصد معمر زائرین کو مسجد الحرام آمد ورفت میں سہولت فراہم کرنا ہے

## یورپی یونین کی پانچ شخصیات پر عائد امریکی پابندیوں کی مذمت

**یورپ کی یونین ٹیک کمپنیوں کو ریگولیٹ کرنے والی شخصیات پر پابندیاں قبول نہیں، بیان**

برسلز (این این آئی) یورپی یونین نے یورپ کی یونین ٹیک کمپنیوں کو ریگولیٹ کرنے والی پانچ شخصیات پر عائد امریکی پابندیوں کی سخت مذمت کی ہے۔ فرانسیسی صدر نے بھی امریکی فیصلے پر تنقید کی ہے جبکہ جرمنی نے اس کو ناقابل قبول قرار دیا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ نے اعلان کیا کہ وہ سابق یورپی کمشنر تھیری بریٹن اور چار دیگر شخصیات کو ویزا نہیں دے گا۔ یورپی ٹیکنالوجی کمپنیوں کو ریگولیٹ کرنے والی ان شخصیات پر امریکہ نے الزام لگایا ہے کہ وہ امریکی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے مواد کو اس وجہ سے سنسر کر رہے ہیں کہ ان کا نکتہ نظر الگ ہوتا ہے۔

## کوئٹہ کی 5 اہم شاہراہوں پر نئی تعمیرات پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی

**نوٹیفکیشن جاری، متعلقہ اداروں کو عملدرآمد کی ہدایت، کمشنر کوئٹہ**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی 5 اہم شاہراہوں پر نئی تعمیرات پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی۔ کمشنر کوئٹہ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی جانب سے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، جس کے مطابق شہر کی 5 اہم سڑکوں پر کسی بھی قسم کی نئی تعمیر کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایئرپورٹ روڈ، سبزل روڈ، سریاب روڈ، لنک بادینی روڈ اور لنک شاہوانی روڈ پر نئی تعمیرات فوری طور پر روک دی گئی ہیں اور یہ پابندی تاحکمِ ثانی برقرار رہے گی۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ شہری ٹریفک کے دباؤ اور مستقبل کی منصوبہ بندی کو مدِنظر رکھ کر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔

## پیر جمیل الرحمان چشتیؒ کی دینی خدمات قابل قدر ہیں' ڈاکٹر راغب نعیمی

**آپؒ کی روحانی وملی خدمات کو ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھا جائیگا، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل**

لاہور (این این آئی) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ پیر جمیل الرحمان چشتیؒ کی دینی خدمات قابل قدر ہیں، آپؒ کی بے مثال دینی، روحانی اور سماجی خدمات کو ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھا جائے گا، پیر جمیل الرحمان چشتیؒ نے اپنی پوری زندگی دینِ اسلام کی خدمت، اصلاحِ معاشرہ، فروغِ محبت واخوت اور تعلیماتِ تصوف کے فروغ کے لیے وقف کیے رکھی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جامعہ نعیمیہ میں پیر جمیل الرحمان چشتیؒ کی یاد میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں مفتی عبدالعلیم سیالوی، مولانا محبوب احمد چشتی، ڈاکٹر محمد سلیمان قادری، مفتی محمد عارف حسین، مفتی محمد عمران حنفی، مولانا غلام مرتضیٰ نقشبندی سمیت ادارے کی اساتذہ وطلبہ کے بھرپور شرکت کی۔

لاہور، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور دیگر سینئر افسران کا ایسوسی ایشن آف فارمر انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب چیپٹر کے وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور، حنا پرویز بٹ صنفی تشدد مہم کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

روزنامہ
Daily BOLAN HUB Balochistan
بولان
حب بلوچستان
موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

## الزامات کی تردید

تحریر: خزیمہ انصاری البانده

وزیراعظم کے ترجمان مشرف زیدی نے بانی پی ٹی آئی کے صاحبزادوں کے الزامات کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ گرفتار اور سزایافتہ بانی پی ٹی آئی کو کسی سیل میں نہیں رکھا گیا بلکہ وہ مخصوص رہائشی سہولیات کے حامل جیل کے ایسے کشادہ کمروں میں ہیں جہاں انھیں ورزش کی سہولت، کھلا لان، چہل قدمی کے لیے وسیع جگہ اور مطالعے کے لیے الگ کمرہ میسر ہے جب کہ کسی اور قیدی کو یہ سہولیات حاصل نہیں ہیں۔

سابق وزیراعظم اپنے کم از کم 6 گھنٹے فراہم کی گئی جگہ سے باہر گزارتے ہیں۔ انھیں سونے کے لیے الگ کمرہ اور کھانے کے لیے باورچی میسر ہے اور جیل افسران کے لیے باہر سے آنے والے کھانے کی نگرانی کرتا ہے اور ان کی ضرورت پر طبی سہولیات بھی فوری طور پر فراہم کی جاتی ہیں۔

بانی کے صاحبزادوں کے دیگر الزامات کا جواب نہیں دیا گیا کہ عدالتی حکم کے باوجود ان کی اپنے اسیر والد سے فون پر بات نہیں کرائی جاتی اور ان کی جولائی کے آخر میں والد سے بات کرائی گئی تھی۔ حقائق سے لاعلم لندن میں موجود سابق وزیراعظم کے بیٹوں کے بقول فراہم کردہ کھانا انتہائی ناقص ہے، ان کے 6 سے آٹھ فٹ کے چھوٹے سے سیل کے قریب حالات بہت خراب ہیں پانی گندا اور بھورا ہے۔ جیل کے اہلکاروں کو بھی بانی سے بات کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

سابق وزیراعظم کے دونوں بیٹوں نے تسلیم کیا ہے کہ ان کے والد خطرات کا سامنا کرتے ہیں اور اپنے مخالفین کے خلاف سخت بیانات دینا ان کی فطرت ہے مگر حکومتی سختیوں کے باوجود ان کے والد ٹوٹے نہیں وہ اپنے والد سے پاکستان جا کر ملنا چاہتے ہیں مگر برطانوی حکومت نے انھیں پاکستان جانے پر سیکیورٹی نہ فراہم کرنے کی وارننگ دی ہے۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ ہمارے والد کو جیل میں مکمل تنہائی میں رکھنا حکومت کی طرف سے تشدد کے ہتھکنڈے استعمال کرنے کے مترادف ہے۔ سابق وزیراعظم کے دونوں صاحبزادوں کو اردو نہیں آتی اور ان کی طرف سے جو بیانات جاری ہوتے ہیں وہ وہاں کے پی ٹی آئی کے رہنماؤں کی طرف سے جاری ہوتے ہیں اور نام صاحبزادوں کا ہوتا ہے۔ بانی کے دونوں بیٹوں کو یہ بھی پتا ہوگا کہ ان کی تیسری والدہ بشریٰ بی بی بھی اڈیالہ جیل میں قید اور سزایافتہ ہیں جن کی جیل میں صورت حال کیسی ہے اس پر انھوں نے کبھی بیان نہیں دیا اور انھیں صرف اپنے والد کے حالات پر تشویش ہے۔

جیل میں دونوں میاں بیوی کی ملاقات قانون کے مطابق ہوتی ہوگی اور بشریٰ بی بی کو اپنے اہل خانہ اور کبھی وکلا سے ملاقاتیں بھی کرائی جاتی ہیں جو جیل کے ملاقاتیوں کے حصے میں ہوتی ہوں گی مگر بشریٰ بی بی کی طرف سے کبھی ایسے بیانات سامنے آئے نہ کبھی انھوں نے اپنے شوہر سے متعلق کبھی بتایا کہ وہ کن حالات میں ہیں۔ بشریٰ بی بی کی دبئی میں موجود بہن تو کبھی کبھی بیان دے دیتی ہیں مگر ان سے ملنے والے اہل خانہ نے اپنی والدہ یا سوتیلے والد کو جیل میں درپیش کسی مسئلے پر میڈیا کو نہیں بتایا۔ بشریٰ بی بی کو کیا کبھی ان کے شوہر نے نہیں بتایا ہوگا کہ وہ جیل میں کیسے وقت گزار رہے ہیں، جیل میں بانی کے بیٹوں کے الزامات کی تائید نہیں کی صرف بانی کی بہنیں اور ملک سے باہر موجود بیٹے ہی الزامات لگاتے آ رہے ہیں کہ بانی چھوٹے سے کمرے میں قید اور تنہائی کا شکار ہیں۔

جیل میں بانی کی صرف تینوں بہنیں بھائی سے ملتی رہی ہیں اور باہر آ کر میڈیا کو بھائی سے ملاقات میں ہونے والی گفتگو بتاتی ہیں اور اپنے اس خونی رشتے کو اپنی ذاتی شہرت اور سیاست چمکانے کا ذریعہ بھی بنائے ہوئے ہیں۔ بہنیں ہی بتاتی ہیں کہ بھائی پر کیا گزر رہی ہے جس کو وہ بڑھا چڑھا کر میڈیا کو بتاتی ہیں اور یہی باتیں بانی کے بیٹوں تک پہنچتی ہیں جو سنی سنائی ہوتی ہیں۔ بانی کی اسیر اہلیہ کے بیٹے بیٹیوں نے بھی جیل آ کر اپنے سوتیلے والد سے ملاقات نہیں کی یا انھیں ان کی والدہ نے منع کیا ہوگا جب کہ قانونی طور بانی ان کے بھی والد ہیں جن کی حکومت میں وہ بھی بھرپور طور فائدے اٹھاتے رہے تھے اور وزیراعظم کی بہن علیمہ خان پر بھی کرپشن کے بعینہ الزامات لگے تھے۔

بانی کی بہنیں ہی اپنے بھائی کی صورت حال باہر لانے کا ذریعہ ہیں اور کبھی کبھی بعض وکیلوں نے باہر آ کر بانی سے متعلق غلط معلومات میڈیا کو دیں جن میں بہت کچھ بے بنیاد بھی تھا مگر جیل کے حالات بانی ہی جانتے ہیں جو غلط الزامات لگانے اور بعد میں تردید کے عادی رہے ہیں۔ بانی سے غلط سلوک کی خبریں دنیا میں پھیلتی رہتی ہیں اور حکومت سوتی رہتی ہے اب بھی حکومتی ترجمان کی جانب سے ادھوری تردیدیں دی گئیں۔ بانی کے بیٹوں کو اصل حقائق نہیں بتائے گئے۔

سرکاری تردیدوں پر ملک میں ہی یقین نہیں کیا جاتا اس لیے حکومت کو حقائق بتانے کے لیے ملکی و غیرملکی میڈیا کے غیر جانبدار افراد کو بانی کی قید کے حالات دیکھنے کا موقعہ دینا چاہیے جو باہر آ کر دنیا کو اصل حقائق اور حکومت کی سہولیات کا بتائیں۔ حکومت اس سلسلے میں الزامات پر خاموش رہتی ہے یا فوری وضاحت جاری نہیں کرتی جس سے جھوٹ پھیلتا رہتا ہے اور حقائق دب جاتے ہیں جس کی ذمے دار خود حکومت ہے جو اکثر اپنے آپ میں مگن رہتی ہے۔

## سادگی کہاں ہے؟

ایک سینئر اینکر کے بقول ایک اعلیٰ سطح غیر سیاسی اجلاس میں صوبوں میں فضول، غیر ضروری اور نمائشی کروڑوں روپے کے اخراجات پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ اطلاع کے مطابق کہا گیا ہے کہ ایک صوبے کی وزیراعلیٰ کے سرکاری پروگراموں پر کروڑوں روپے خرچ ہو رہے ہیں۔

اگر یہ خبر درست ہے تو اجلاس میں ہونے والی تشویش موجودہ حالات کی فوری ضرورت اور قابل تقلید ہے جس پر عمل درآمد کر کے سرکاری سیاسی اجلاسوں میں روزانہ ہونے والے لاکھوں روپوں کے غیر ضروری نمائشی اخراجات کو روکا جا سکتا ہے جو ماہانہ کروڑوں روپے تک پہنچ جاتے ہیں اور چند گھنٹوں کے ان سرکاری سیاسی اجلاسوں پر عوام کی خون پسینے کی کمائی سے حاصل سرکاری فنڈز ضایع کیے جا رہے ہیں جو ختم کر کے کروڑوں روپے بچائے جا سکتے ہیں اور مجموعی طور پر سادگی اختیار کر کے اربوں روپے بچا کر عوام کو کچھ نہ کچھ ریلیف ضرور دیا جا سکتا ہے جس کے لیے عوام سالوں سے منتظر ہیں۔

مختلف سرکاری اجلاسوں اور تقاریب کی تصویروں میں دیکھا جا سکتا ہے کہ جس میز کے اطراف وفد کے ارکان اور سرکاری افسران بیٹھے نظر آتے ہیں وہاں بڑی میزوں پر پھولوں کے گلدستوں کی قطاریں نظر آتی ہیں۔ حکمرانوں کی تقریبات میں کروڑوں روپے کے پھولوں سے ان کی میزوں کی سجاوٹ صرف ایک مثال ہے کہ جہاں تھوڑی دیر کی تقریبات پر سرکاری وسائل ضایع ہو رہے ہیں، ایسی تقریبات پھولوں سے سجاوٹ کے بغیر بھی منعقد کی جا سکتی ہیں مگر سیاسی حکمرانوں کی عارضی تقریبات میں ایسا کرنا سرکاری تقاضا بن گیا ہے۔

صدر مملکت نے حال ہی میں وفاقی ٹیکس محتسب سے حلف لیا اور گورنر ہاؤس کراچی میں گورنر نے نئے چیف جسٹس سندھ سے حلف لیا اور حلف برداری کی دونوں تقریبات کی میزوں پر پھولوں کے گلدستے نمایاں تھے۔ وزیراعظم کی بھی کوئی تقریب ہو یا سرکاری اجلاس وہاں بھی میزیں پھولوں کے گلدستوں سے سجی ہوتی ہیں جہاں وہ میز پر صرف اجلاس منعقد کرنے بیٹھتے ہیں پھر وہی پھولوں کے گلدستے ضایع کر دیے جاتے ہیں۔ سیاسی حکمرانوں کی ان تقریبات کی میزوں کو پھولوں سے سجانے کے بھی ٹیکس دیے جاتے اور ملک بھر میں ہر ماہ کا بل کروڑوں روپے ادا ہوتا ہے۔

جی ایچ کیو میں کور کمانڈرز کانفرنسوں میں پھولوں کی یہ سجاوٹ نظر نہیں آتی نہ اعلیٰ عدلیہ کی عدالتوں میں ججز کی میزوں یا زیادہ ججز کے سامنے میزوں پر یہ گلدستے نظر آتے ہیں۔ اسمبلی کے اسپیکروں اور بڑے سرکاری افسروں کی زیر صدارت اجلاسوں کی میزیں بھی پھولوں کے گلدستوں سے سجے بغیر ہی نظر آتی ہیں مگر صوبائی وزیروں سے صدر مملکت تک سیاسی حکمرانوں کے لیے ہی یہ عارضی سجاوٹ معمول بن چکی ہے جب کہ یہی سیاسی حکمران اقتدار سے ہٹنے کے بعد اپنے جو سیاسی اجلاس منعقد یا سیاسی جلسے کرتے ہیں وہاں تو ان کی میزیں پھولوں سے سجی نظر نہیں آتیں۔ سیاسی رہنماؤں کے خیر مقدم کے لیے انھیں ہار، اجرک یا چادریں، ٹوپیاں اور پگڑیاں پہنائے جانے کا جواز ہوتا ہے۔ سیاسی حکمرانوں کو سرکاری طور پر پھولوں کی خوشبوئیں سونگھانے یا انھیں خوش کرنے کے لیے پھولوں کا استعمال ضروری سمجھ لیا گیا ہے ورنہ فوجی، عدالتی اور اعلیٰ بیورو کریسی کے اجلاسوں میں پھولوں کی سجاوٹ پر سرکاری وسائل کم ہی خرچ ہوتے ہیں۔

سیاسی لوگوں کا اقتدار میں آنے کے بعد پروٹوکول برسوں سے تنقید کی زد میں رہا ہے جو گھٹنے کے بجائے مسلسل بڑھ رہا ہے جس پر کروڑوں روپے روزانہ خرچ ہو رہے ہیں اور جواز دہشت گردی کو ہی قرار دیا جاتا ہے۔ کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور پولیس افسران بھی بھرپور پروٹوکول انجوائے کر رہے ہیں جن کی رہائش گاہیں بھی ایکڑوں اور کنالوں میں ہیں اور ان کی حفاظت بھی سرکاری عملہ کرتا ہے۔ ارکان اسمبلی بھی اب سرکاری پروٹوکول میں سفر کرتے ہیں۔ کئی اہم لوگوں نے اپنے خاندان والوں کو بھی سرکاری گاڑیاں دے رکھی ہیں اور ان کے بچے بھی پروٹوکول ملے بغیر گھروں سے نہیں نکلتے۔ سندھ حکومت نے تو اسسٹنٹ کمشنروں کو مہنگی گاڑیاں دے دی ہیں۔

ملک میں غربت اور بے روزگاری کا موجودہ حکومت میں جہاں ریکارڈ قائم ہوا ہے وہاں اسی وجہ سے خودکشیاں بھی انتہا پر پہنچ چکی ہیں مگر حکومتوں کو کوئی فکر نہیں ہے۔ 18 ویں ترمیم کے بعد وفاق کے مقابلے میں صوبائی حکومتیں وسائل سے مالا مال ہیں مگر عوام کے لیے نہیں ہیں۔ چاروں صوبوں میں سیاسی حکمرانی ہے مگر سادگی کہیں نظر نہیں آتی۔ وفاق میں وزیراعظم کے صرف غیر ملکی دورے نظر آتے ہیں یا مزید مہنگائی بڑھانے کے اقدامات مگر عوام کی سہولت کے لیے کچھ نہیں ہو رہا۔ پٹرولیم مصنوعات اب حکومت کی کمائی کا اہم ذریعہ ہیں جو لیوی بڑھا کر انتہائی مہنگی کر دی گئی ہیں جن کی خریداری عوام کی مجبوری ہے۔ ٹیکس وصولی کے اہداف پورے نہیں کیے جاتے سارا زور بجلی، گیس و پٹرولیم مصنوعات کے نرخ بڑھانے پر ہے جو سرکاری کنٹرول میں ہیں۔

## ایسے لوگ مر کر بھی نہیں مرتے، کامریڈ تاج محمد ابڑو

تحریر: مدد علی سندھی

(سابق وفاقی وزیر تعلیم (لاڑکانہ کی سرزمین مردم خیز سرزمین ہے۔ اس دھرتی نے ایسے بے شمار عظیم انسان پیدا کیے جنہوں نے اپنی خدمات کے ذریعے نہ صرف اپنا بلکہ سندھ اور پاکستان کا نام بھی روشن کیا۔ اسی سرزمین پر دنیا کی عظیم تہذیب موئن جو دڑو موجود ہے، جس کا آج بھی دنیا کی کسی تہذیب سے مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔ یہ ایک ایسی ترقی یافتہ تہذیب تھی جسے دیکھ کر انسان حیرت میں ڈوب جاتا ہے، کیونکہ جب دنیا کے بہت سے ممالک کے لوگ رہائش، منصوبہ بندی اور مہذب زندگی کے بنیادی اصولوں سے بھی واقف نہ تھے، تب سات ہزار سال قبل وادی سندھ کی یہ عظیم تہذیب ایک منظم اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھ چکی تھی۔ لاڑکانہ کو اس بات پر بھی فخر ہے کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا تعلق بھی اسی دھرتی سے تھا، جن کے بغیر نہ صرف سندھ بلکہ پاکستان کی سیاسی تاریخ نامکمل ہے۔ اسی سرزمین نے سندھ کے ایک اور انمول سپوت کامریڈ تاج محمد ابڑو کو بھی جنم دیا۔ کامریڈ تاج محمد ابڑو سیاست دان، صحافی، ادیب، آزادی کے متوالے، نامور وکیل، بہترین منصف اور کامیاب جج تھے۔ جب ہم ان کی خدمات اور کارناموں کا جائزہ لیتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ وہ طالب علمی کے زمانے ہی سے سرگرم عمل تھے۔ جب وہ تعلیم حاصل کرنے کے لیے کراچی پہنچے تو اس وقت کراچی ادبی، سیاسی اور ترقی پسند تحریکوں کا مرکز تھا۔ وہاں مسلم لیگ، کانگریس اور کمیونسٹ پارٹی کے دفاتر موجود تھے، جبکہ دیارام جیٹھمل کالج قومی تحریک میں حصہ لینے والے طلبہ کا اہم مرکز تھا۔ ٹریڈ یونین کی سرگرمیاں بھی عروج پر تھیں۔ کامریڈ تاج محمد ابڑو کی ابتدا میں کمیونسٹ رہنماؤں سے دوستی ہوئی، جس کے باعث ان پر سوشلسٹ نظریات کا گہرا اثر پڑا۔ اس دور میں کامریڈ سوبھو گیان چندانی، جمال الدین بخاری، کامریڈ پوہو، کیرت بابانی، گوبند مالھی، حشو کیول رامانی، شیخ ایاز اور محمد ابراہیم جویو جیسے لوگ متحرک تھے۔ یہ دوسری جنگ عظیم کا زمانہ تھا۔ کامریڈ تاج محمد ابڑو سندھ مدرسۃ الاسلام میں زیر تعلیم تھے۔ اس زمانے میں طلبہ تعلیم کے ساتھ ساتھ ملازمت بھی کرتے تھے۔ میٹرک کے بعد انہوں نے اس دور کے معروف قومی اخبار الوحید میں ملازمت کی، پھر وکالت کا امتحان پاس کر کے لاڑکانہ واپس آ گئے۔ وہاں قاضی فضل اللہ، محمد حنیف صدیقی، خان بہادر یار محمد جونیجو، شمس الدین ابڑو اور عبدالواحد کٹپر جیسے ممتاز وکلا موجود تھے۔ لاڑکانہ آتے ہی انہوں نے جلد اپنی سیاسی اور ادبی شناخت قائم کر لی۔ اس زمانے میں شام کے وقت شہر کے معززین کی اوطاقوں پر علمی، ادبی اور سیاسی نشستیں منعقد ہونا معمول تھا۔ ابتدا میں حاجی نواب امیر علی لاہوری، عبدالغفور بھرگڑی، محمد حنیف صدیقی، قاضی فضل اللہ، خان بہادر محمد ایوب کھوڑو اور کامریڈ تاج محمد ابڑو کی بیٹھکیں بہت مشہور تھیں۔ کامریڈ تاج محمد ابڑو کی اوطاق پر اکثر کامریڈ سوبھو گیان چندانی، کامریڈ علی محمد عباسی، کامریڈ عبدالخالق آزاد، کامریڈ حیدر بخش جتوئی اور مولوی نظیر حسین جتوئی جیسے رہنما موجود ہوتے تھے۔ ان کا دسترخوان بھی بے حد وسیع تھا، اسی لیے سندھ بھر سے کارکن ان کے ہاں قیام کرتے تھے۔ انہیں سندھی ادب سے بے پناہ محبت تھی۔ جب شہید ذوالفقار علی بھٹو 1952 میں بیرونِ ملک سے واپس وطن آئے تو کامریڈ تاج محمد ابڑو سے ان کے نہایت قریبی اور محبت بھرے تعلقات قائم ہو گئے۔ یہی وجہ تھی کہ جب ذوالفقار علی بھٹو 1972 میں ملک کے صدر بنے تو انہوں نے کامریڈ تاج محمد ابڑو کو سیشن جج مقرر کیا۔ کامریڈ تاج محمد ابڑو لاڑکانہ کی روشن شمع تھے۔ ان کی موجودگی سے شہر میں ادبی، سیاسی اور سماجی سرگرمیاں زندہ رہتی تھیں۔ اگرچہ بہت سے اہلِ علم لاڑکانہ چھوڑ کر کراچی اور حیدرآباد منتقل ہو گئے، لیکن انہوں نے ہمیشہ لاڑکانہ سے اپنا تعلق مضبوط رکھا۔ انہی کی کوششوں سے 1956 میں لاڑکانہ کے تاریخی تجرباغ میں حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی کے عرس کے موقع پر ایک شاندار تقریب منعقد ہوئی۔ اگرچہ اس پروگرام کا اہتمام سندھی ادبی سنگت لاڑکانہ نے کیا تھا، مگر اس کے تمام اخراجات اور انتظامات کامریڈ تاج محمد ابڑو نے اپنی ذاتی حیثیت میں انجام دیے۔ کامریڈ تاج محمد ابڑو کو جتنا بھی یاد کیا جائے کم ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ آج کے دور میں ایسے انمول، بے لوث، سچے اور مخلص لوگ بہت کم رہ گئے ہیں۔ وہ ایسے پرندے تھے جو ایک بار اڑ گئے تو پھر واپس نہ آئے۔ آج ہر طرف سچے، کھرے اور اصول پسند انسانوں کی تلاش ہے، مگر ہر سمت خود غرضی اور مفاد پرستی کا دور دکھائی دیتا ہے۔ کامریڈ تاج محمد ابڑو ایک ناقابلِ فراموش شخصیت تھے۔ لاڑکانہ کے لوگوں کو چاہیے کہ وہ انہیں ہمیشہ یاد رکھیں، اور سندھی ادبی سنگت لاڑکانہ کو بھی ان کی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرتے رہنا چاہیے۔ خراجِ تحسین ہے ان کے لائق فرزند میر نادر علی ابڑو کو، جو ہر سال اپنے عظیم والد اور سندھ کی اس عظیم شخصیت کی یاد تازہ کرتے ہیں۔ کامریڈ تاج محمد ابڑو ایک بے باک، بے لوث، انمول، بہادر، سچے، کھرے، وطن دوست اور عوام دوست انسان تھے۔ سندھ انہیں ہمیشہ یاد رکھے گا

## جھوٹ اور انتشار کی سیاست

تحریر: وسیم خان

کہنے والے اسے عرب، عجم کا صدیوں پرانا تنازع بھی قرار دیتے ہیں لیکن ہمارے خیال میں اب اس میں فرقہ واریت غالب ہے۔ سعودی عرب میں گزشتہ ہفتے سزائے موت پانے والے تین درجن افراد میں اکثریت سنیوں کی تھی) القاعدہ اور داعش کو سنیوں ہی میں شمار کیا جاتا ہے(۔ اِن تین درجن بدقسمت افراد میں ایک استاد النمر بھی تھے، اس معروف شیعہ عالم دین، جن کے خلاف حکومت کے خلاف بغاوت پر اکسانے کا مقدمہ قائم ہوا، سعودی قوانین کے مطابق عدالتی کارروائی میں سزائے موت کے حقدار قرار پائے اور عدالتی فیصلے پر عملدرآمد کے نتیجے میں اگلے جہاں پہنچ گئے۔ کہا جا سکتا ہے، یہ سعودی عرب کا داخلی معاملہ تھا۔ ہر ملک کا اپنا نظام عدل ہے۔ یہ مسلمہ بنیادی انسانی حقوق اور عدل و انصاف کے معروف تقاضوں پر پورا نہیں اترتا، تو اس کی طرف توجہ دلائی جا سکتی ہے۔ اس میں اصلاح و ترمیم کا مطالبہ بھی کیا جا سکتا ہے لیکن ہمارے ایرانی بھائیوں کا احتجاج تو صرف استاد النمر کی سزائے موت کے خلاف ہے، اور ظاہر ہے اس کا حوالہ فرقہ واریت ہے۔

79-1978 میں شاہ کے خلاف تحریک میں ایران کے گلی کوچوں میں لاشیعہ لاسنیہ، اسلامیہ اسلامیہ اور لاشرقیہ لاغربیہ، اسلامیہ اسلامیہ کے نعروں کی گونج تھی چنانچہ ایران کے سنی بھی اس تحریک میں شامل تھے )اس میں کمیونسٹ تودہ پارٹی کے سرگرم کردار سے بھی انکار ممکن نہیں( دنیا بھر کی اسلامی تحریکیں بھی، اس انقلاب کی پرجوش حمایت کر رہی تھیں۔ انہی دِنوں امام خمینی کے دو نوجوان نمائندے بھی پاکستان تشریف لائے اور انہوں نے اچھرہ میں مولانا مودودی سے ملاقات کی۔ وہ ایران کی انقلابی تحریک کیلئے جماعت اسلامی کی حمایت پر شکریہ ادا کرنے کے علاوہ، اس حمایت کو وسیع تر کرنے کی درخواست لے کر آئے تھے۔ ظاہر ہے، ایک شہنشاہ اور اتنا طاقتور شہنشاہ، جو خطے میں خود کو امریکی پولیس مین قرار دیتا تھا، امریکہ سمیت سارا یورپ اس کی پشت پر تھا، اس کے خلاف تحریک، دیگر بادشاہوں کیلئے بھی خطرے کی گھنٹی تھی کہ خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے لیکن ہمیں یاد پڑتا ہے کہ ایرانی شہنشاہیت کے خلاف تحریک عروج کو پہنچی، تو سعودی عرب کے شاہ فہد کی طرف سے بھی اس کی حمایت میں بیان آ گیا۔ آخرکار شاہ رخصت ہو گیا اور امام خمینی پیرس سے تہران پہنچ گئے۔ تاریخ ایک نیا موڑ مڑ گئی۔ ایران میں غالب تعداد اہل تشیع کی ہے ) جس طرح پاکستان میں غالب تعداد سنیوں کی ہے ( لیکن طویل جلاوطنی کے بعد امام خمینی کی تہران واپسی پر جس انقلاب کا سورج طلوع ہوا، اسے شیعہ انقلاب کی بجائے ایران کا اسلامی انقلاب قرار دیا گیا جس طرح پاکستان سنی جمہوریہ کی بجائے، اسلامی جمہوریہ ہے۔) یہ الگ بات کہ ایران میں پبلک لا کے طور پر جس فقہ کا نفاذ ہونا تھا، وہ فقہ جعفریہ تھی (۔ امام خمینی کی قیادت میں جو حکومت قائم ہوئی، اس میں اہم مناصب جدید تعلیم یافتہ لوگوں کے سپرد ہوئے۔ صدارت جناب بنی صدر کے حصے میں آئی۔ وزارتِ خارجہ صادق قطب زادہ کے سپرد ہوئی۔

## بڑا ذمہ دار کون؟

تحریر: ہمدان عبداللہ

بہت سے قارئین نے کہا بھی اور لکھا بھی کہ کیا ہم 16 دسمبر کا سانحہ بھول جائیں؟ اور کیا اب اس پر بات بھی نہ کریں یہ تو زندہ قوموں کا شعار نہیں ہے۔ زندہ قومیں اتنے بڑے صدموں کو کبھی فراموش نہیں کرتیں۔ وہ Soul searching کرتی ہیں، اپنی ہمالیہ جیسی غلطیوں (Blunders) کا بے لاگ جائزہ لیتی ہیں، سبق سیکھتی ہیں اور آئندہ غلطیاں نہ دہرانے کا عہد کرتی ہیں اور پھر اس عہد پر پورا بھی اترتی ہیں۔

دوسری جنگ عظیم میں جرمنی کو بھی ایک ہزیمت ناک شکست کا سامنا کرنا پڑا مگر جرمن قوم نے اس سانحے سے سبق سیکھنے کا عہد کیا، اور پھر وہ عہد نبھایا تو چند ہی سالوں میں وہی شکست خوردہ جرمنی پورے یورپ کا چوہدری بن گیا۔ اسی طرح جاپان نے بھی غلطیوں سے سبق سیکھا، غلطیاں نہ دہرانے کے عہد پر عمل کیا اور وہ چند سالوں میں دنیا کی اقتصادی سپر پاور بن گیا۔ ہم اپنی غلطیوں کا نہ احساس کرتے ہیں اور نہ ہی ان سے سبق سیکھتے ہیں، اس لیے آگے نہیں بڑھ رہے اور دائروں کے سفر میں ہی گھوم رہے ہیں۔

کیا کریں دسمبر آتے ہی زخم ہرے ہو جاتے ہیں۔ جسدِ ملت پر لگا ہوا زخم اتنا گہرا ہے کہ قیامت تک نہ بھر سکے گا۔ سقوطِ بغداد کے بعد سقوط ڈھاکا اسلامی تاریخ کا سب سے بڑا سانحہ ہے۔ میں اس وقت اسکول کا طالبِ علم تھا، میں نے خود اس سانحے پر انتہائی باوقار لوگوں کو دیوانہ وار روتے اور دیواروں سے ٹکریں مارتے دیکھا ہے۔

میں نے پہاڑوں جیسا مضبوط حوصلہ رکھنے والے اپنے والد محترم کو دھاڑیں مار کر روتے دیکھا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ اس سانحے پر ہر گھر میں صفِ ماتم بچھ گئی تھی۔ لوگوں نے کئی روز تک نہ کچھ پکایا اور نہ کھایا۔ شہروں میں ہی نہیں دیہاتوں میں بھی سوگ کی کیفیت تھی۔ ان پڑھ لوگ بھی سمجھتے تھے کہ بابا کی نگری لٹ گئی ہے، آشیانے کے تنکے بکھر جانے پر پوری قوم تڑپ اٹھی تھی۔

کیا یہ ہماری تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب نہیں ہے؟ ہم تاریخ کے ان اوراق کو نئی نسل سے کیوں چھپانا چاہتے ہیں؟ کیا ہم چاہتے ہیں کہ قائد کے پاکستان کے دو ٹکڑے کرنے والے مجرموں کی شناخت مٹا دی جائے اور ان کے چہرے ڈھانپ دیے جائیں؟ زندہ قومیں ایسے نقوش نئی نسل سے چھپاتی نہیں، انھیں بتاتی اور پڑھاتی ہیں۔ وطنِ عزیز کا ایک بازو کٹ جانے کا جب بھی ذکر ہوتا ہے، ذمے داری کا گند ایک دوسرے پر پھینکنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ کچھ لوگ اس وقت کے فوجی حکمران جنرل یحییٰ اور سابق مشرقی پاکستان کے کمانڈر جنرل نیازی کو سب سے بڑا ذمے دار سمجھتے ہیں۔ کچھ لوگ شیخ مجیب الرحمٰن کو غدار اور ذوالفقار علی بھٹو کو ذمے دار قرار دیتے ہیں۔ سچی بات تو یہ ہے کہ سب ذمے دار تھے۔

اس وقت کے چند جرنیلوں کی ہوسِ اقتدار، سیاستدانوں کی مفاد پرستی اور دشمن کی فوجوں نے مل کر پاکستان کا مشرقی بازو کاٹ دیا اور ہمیں شرمناک شکست کا سامنا کرنا پڑا۔۔ مگر زیادہ ذمے دار کون ہے اور بڑا مجرم کون ہے؟ اس وقت کے حالات آپ کے سامنے رکھ دیتا ہوں، آپ خود ہی فیصلہ کر لیجیے۔

1970 کے انتخابات میں عوامی لیگ نے بھی دوسری پارٹیوں کی طرح حصہ لیا، اس سے پہلے شیخ مجیب پر اگرتلا سازش کیس بنایا گیا تھا، اگر شواہد درست تھے تو اسے سزا دلوانی چاہیے تھی لیکن اگر اسے ٹرائل کر کے سزا نہیں دلوائی گئی اور انتخابات میں اس کی پارٹی پر پابندی نہیں لگائی گئی اور اسے انتخابات میں حصہ لینے کی اجازت دی گئی تو پھر عوامی لیگ کو اس کے سیاسی حقوق سے محروم کرنے کا کیا جواز تھا؟ شیخ مجیب کی عوامی لیگ نے 1970 کے جنرل الیکشنز میں 167 اور ذوالفقار علی بھٹو کی پیپلز پارٹی نے 88 سیٹیں جیتیں۔ ریت اور روایت یہی ہے کہ انتخابات کے بعد صدر قومی اسمبلی کا اجلاس بلاتا ہے، اجلاس میں جو شخص اپنی اکثریت ثابت کر دے، وہ وزیراعظم منتخب ہو جاتا ہے اور اقتدار اسے سونپ دیا جاتا ہے۔

10 دسمبر 1970 کو انتخابات مکمل ہو گئے مگر سیاہ و سفید کے مالک چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر جنرل یحییٰ خان نے پہلے تو قومی اسمبلی کے اجلاس کی تاریخ نہ دی، بعد میں تاریخ تو دے دی مگر ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھ مل کر سودے بازی اور سازشیں شروع کر دیں۔ بھٹو نے اپنی پارٹی کے ممبران کو ڈھاکا میں منعقد ہونے والے قومی اسمبلی کے اجلاس میں شریک ہونے سے منع کر دیا بلکہ یہاں تک کہا کہ میری پارٹی کا جو ایم این اے اجلاس میں شرکت کے لیے جائے گا میں اس کی ٹانگیں توڑ دوں گا۔

ایسے بیانات کی وجہ سے کچھ لوگ بھٹو کو بھی پاکستان توڑنے کا ذمے دار قرار دیتے ہیں لیکن میرے خیال میں یہ درست نہیں، ہمارے ہاں ہر سیاستدان سسٹم سے اپنے لیے زیادہ سے زیادہ حصہ لینے کا خواہشمند ہوتا ہے۔

آپ اسے ذوالفقار علی بھٹو کا مفاد پرستانہ اور غیر جمہوری رویہ کہہ سکتے ہیں، مگر قومی اسمبلی کا اجلاس بلانے اور اکثریتی پارٹی کو اقتدار سونپنے کا اختیار بھٹو کے پاس نہیں بلکہ یحییٰ اور اس کے ٹولے کے پاس تھا۔ یحییٰ ایک طویل عرصے تک اقتدار کے مزے لوٹنا چاہتا تھا اور اس کے لیے وہ مغربی پاکستان کے سیاستدانوں کے ساتھ سودے بازی کر رہا تھا کہ وہ اسے صدر بنانے کے لیے تیار ہو جائیں، اسی سازش کے تحت اس نے قومی اسمبلی کا اجلاس ملتوی کر دیا، سابق مشرقی پاکستان کے گورنر اور عسکری کمانڈر صاحبزادہ یعقوب علی خان نے کافی اصرار کیا کہ یحییٰ خان قومی اسمبلی کے اجلاس کی نئی تاریخ کا اعلان کر دے مگر اقتدار کی ہوس میں بری طرح مبتلا جنرل یحییٰ اس کے لیے تیار نہ ہوا بلکہ اس نے عوامی لیگ کے خلاف ملٹری آپریشن شروع کرا دیا جس میں مجیب الرحمٰن اور دوسرے لیڈروں کو گرفتار کر لیا گیا۔

عوامی لیگ کو جب اس کے حقوق سے محروم کر دیا گیا تو اس نے ریاست کے خلاف بغاوت کر دی، ہمارا ازلی اور ابدی دشمن بھارت عرصہ دراز سے اس انتظار میں تھا۔ اس طرح ہمارے یحییٰ خان اور اس کے ٹولے کی ہوس، سیاستدانوں کی مفاد پرستی اور فیصلہ سازوں کی کوتاہ اندیشی نے مل کر بھارت کو یہ موقع فراہم کر دیا اور اس نے عوامی لیگ کے ملٹری ونگ مکتی باہنی کے ساتھ مل کر مشرقی پاکستان پر حملہ کر دیا اور پھر Rest is history۔ ہمیں شکست ہوئی، ہمارا مشرقی بازو ہم سے کٹ گیا۔ اور ہمارے نوے ہزار لوگ دشمن کی قید میں چلے گئے۔ اس سانحے کے عوامل اور جنگ کے بارے میں بے شمار کتابیں پڑھنے کے بعد میں اس نتیجے میں پہنچا ہوں کہ یہ ہمارے بہادر سولجرز کی شکست نہیں تھی۔ وہ ہر محاذ پر بڑی جرات اور جذبے کے ساتھ لڑے اور وطن کا دفاع کرتے رہے۔

## عراق کے ساتھ تجارتی تعلقات

تحریر: سعید آرائیں

کسی زمانے میں بغداد دنیا کا سب سے بڑا ترقی یافتہ جدید ترین شہر تھا۔ عباسی دور حکومت میں اس شہر کی مساجد، مدرسے، خانقاہیں علم و حکمت اور روحانیت کی خوشبو سے مہکتے تھے۔ دنیا کے ہر گوشے سے لوگ یہاں آ کر بس رہے تھے۔ عراق کے اس ترقی یافتہ شہر کا کوئی ثانی نہیں تھا۔ شہر کے بازار، چمکتے ہوئے سونے کے سکے، مسالوں کی مہک، انسانوں کے دلوں میں امید اور خواب بکھیرتی تھی جب بغداد کی گلیوں اور بازاروں میں دنیا کے مختلف علاقوں سے تاجر آ کر فروکش ہوتے۔ انھی میں برصغیر پاک و ہند کے تجارتی قافلے بھی نمایاں ہوتے تھے۔ اس خطے کا رہنے والا ہر تاجر، ہر طالب علم، ہر استاد، خانقاہ کا ہر مجاور، شہر شہر بغداد سے بخوبی واقف تھا۔ اور جب ایسے قافلے بغداد روانہ ہونے کے لیے پشاور کے قصہ خوانی بازار میں ٹھہرتے تو قصہ گو الف لیلیٰ کی داستان، بغداد کی طلسم ہوش ربا کی داستانیں سناتے اور پھر سننے والے بہت جلد ان خوابوں میں کھو جاتے۔ عراق کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان ایک ہی رشتے میں جڑے ہوئے ہیں اور یہ قدیم تجارتی تعلقات میں بندھے ہوئے تھے۔ لاہور سے ہو یا ملتان سے یا پشاور سے جو بھی تجارتی قافلے عراق کا رخت سفر باندھتے، ان کے ذہنوں میں صرف منافع ہی نہیں خوشحالی، ترقی کے خواب بھی سجے ہوتے تھے۔ آج اسی خوشحالی، ترقی، بھائی چارے میں اضافے، نئے تجارتی راستے کھولنے کے لیے پاکستان نے پہل کر دی ہے۔

گزشتہ دنوں صدر پاکستان آصف علی زرداری کی عراق کے صدر، نگران وزیراعظم سے ملاقات ہوئی۔ اس موقع پر دونوں ملکوں کے درمیان دفاع، زراعت، غذائی تحفظ، اور دیگر کئی شعبوں میں تعاون بڑھانے کی بات ہوئی۔ تاریخی منظرنامے کو محسوس کریں تو بغداد اور پشاور کے درمیان تجارتی قافلے ہمیشہ ریڑھ کی ہڈی رہے ہیں۔ برصغیر کے مختلف علاقوں سے جب تجارتی قافلے پشاور پہنچتے اور یہاں سے بڑے قافلوں کی صورت میں تبدیل ہوتے جس میں اپنے سامان کے ساتھ تاجر بھی ہوتے اور بغداد کے مدرسوں اور یونیورسٹیوں میں پڑھنے کے لیے جانے والے طالب علم بھی ہوتے۔ راہ سلوک کے منازل طے کرنے کے خواہش مند مریدین بھی شامل ہوتے اور یہ قافلہ جب پشاور کے قصہ خوانی بازار میں آ کر ٹھہرتا تو قصہ گو اپنی آواز میں اتنا جادو بھر دیتا کہ الف لیلیٰ کے شہزادے اور کوہ قاف کی پریاں حقیقت میں دور سے ان کو دکھائی دیتیں۔ اسی طرح آج بھی پاکستان اور عراق کے تعلقات کی گہرائی صدیوں سے پروان چڑھ رہی تھی کہ اس موقع پر صدر پاکستان آگے بڑھے اور انھوں نے عراق کے شہر بغداد میں جا کر اقتصادی اور ثقافتی رشتوں اور بھرپور باہمی تجارت کی بحالی کے لیے عراق کی حکومت کے ساتھ مل کر وہ بنیاد رکھ کر آئے ہیں جن کی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ دو برادر ملکوں کی طرف سے اپنے عوام کے لیے خوشحال مستقبل کی بنیاد رکھ دی گئی ہے۔ صدر پاکستان آصف علی زرداری اور عراق کی حکومت نے یہ واضح کیا کہ مشترکہ سرمایہ کاری، تکنیکی تبادلہ اور جدید تحقیق دونوں ملکوں کے تجارتی توازن کو مضبوط کر سکتے ہیں۔ اس طرح کے تعاون سے نہ صرف موجودہ اقتصادی رشتے مستحکم ہوں گے بلکہ مستقبل میں نئی صنعتیں، زرعی منصوبے اور دفاعی منصوبے بھی وجود میں آئیں گے۔

## اک حسینہ تھی

تحریر: اخلاق احمد

بنگلہ دیشی ماڈل زمیں بوس ہوا، بنگلہ دیشی ماڈل منہدم ہوا، یعنی شائستہ زبان میں کہیں گے کہ بنگلہ دیشی ماڈل توڑ گیا۔

بنگلہ دیشی ماڈل کا مطلب ہے ہائی برڈ نظامِ حکومت، اور ہائی برڈ انصرامِ ریاست کا آسان تر زبان میں مطلب ہے ایک ایسا حکومتی بندوبست جس میں عسکری اور کسی مخصوص سیاسی جماعت کے درمیان ایک ایسا گٹھ جوڑ طے پا جائے جو آئین سے ورا ہو، جس میں اختیارات اور فیصلہ سازی کے ماخذ وہ نہ ہوں جو آئین میں لکھے ہیں، ایک ایسا نظام جس میں عساکر کی طاقت کے بل بوتے پر آزادیِ اظہارِ رائے، سیاسی مخالفین اور ہر ہر شعبے میں اختلاف کو کچل دیا جائے، اور اس کے بدلے عساکر کو معاشی معاملات میں قریبا کامل خود مختاری عطا کی جائے اور احتساب کے بکھیڑوں سے آزاد کر دیا جائے۔ بنگلہ دیش میں یہی ماڈل رائج تھا۔

بنگلہ دیش کے حالیہ واقعات میں ہمارے لیے کیا سبق پوشیدہ ہے؟ اس طرف رخ کرنے سے پہلے کچھ حقائق جان لیں۔ جولائی کے آغاز میں بنگلا دیش میں جو عوامی مظاہرے شروع ہوئے تھے وہ دو دن پہلے دخترِ شیخ مجیب الرحمٰن، حسینہ واجد کے ملک سے فرار پر منتج ہوئے۔ شروع میں مظاہرین کا فقط ایک مطالبہ تھا کہ ملک میں سرکاری نوکریوں میں کوٹا سسٹم ختم کیا جائے۔ اس کوٹا سسٹم کے تحت تیس فی صد نوکریاں 1971 کی جنگ کے شہدا کی اولاد کے لیے مختص کی گئی تھیں، اور ان کی اکثریت عوامی لیگ کے کارکنوں میں بانٹ دی جاتی تھی۔ اس کے علاوہ تقریبا 26 فی صد نوکریاں خواتین اور دوسرے پچھڑے ہوئے طبقات کیلئے مخصوص تھیں۔ نتیجتاً عام لوگوں کیلئے بہت کم نوکریاں بچتی تھیں۔ جب مظاہرے شروع ہوئے اور ان میں بتدریج شدت آنے لگی تو ایک عدالتی حکم کے تحت کوٹا سسٹم کو وقتی طور پر معطل کر دیا گیا۔ مگر شاید اب دیر ہو چکی تھی۔ مظاہروں میں تندی آتی گئی، حکومت نے مظاہرین سے نپٹنے کیلئے جبر میں اضافہ کر دیا، لوگ مرنے لگے، آخری دو دنوں میں لگ بھگ دو سو مظاہرین ہلاک ہوئے۔ اور پھر میرے عزیز ہم وطنو ما ایک شے ہو گئی۔ یاد رہے کہ پچھلے پندرہ سال حسینہ اور فوج مل کر سیم پیج والی حکومت کرتے رہے، ان پندرہ سالوں میں گمشدہ افراد کی تعداد بڑھتی رہی، ماورائے قانون قتل بڑھتے رہے، سیاسی مخالفین جیلوں میں سڑتے رہے اور جعلی الیکشن ہوتے رہے۔ اور پھر جیسے ہی حسینہ عوامی غیظ و غضب کی زد میں آئی، فوج الگ ہٹ کر کھڑی ہو گئی۔ ہائی برڈ نظام بنایا ہی اس لیے جاتا ہے کہ گالی اور جوتا کھانے کیلئے کوئی چہرہ دست یاب ہو۔ بنگلہ دیشی آرمی چیف نے کہا ہے کہ مائنس عوامی لیگ ایک قومی حکومت قائم کی جائے گی۔ وہ یہ فرمان آئین کی کس شق کے تحت جاری کر رہے تھے، انہوں نے اس سلسلے میں کچھ ارشاد نہیں فرمایا۔ ہائی برڈ ماڈل میں آئین کی بس اتنی ہی توقیر رہ جاتی ہے، جیسے ہی معاملات ذرا سیریس ہوتے ہیں، بندوق نکل آتی ہے۔ بنگلہ دیشی انقلاب میں فتیلے کو آگ تو کوٹا سسٹم نے لگائی مگر یہ ہنڈیا اندر ہی اندر کھول رہی تھی۔ بنگلہ دیش کے معاشی اشاریے کچھ سال سے بہت متاثر کن رہے، برآمدات 50 بلین ڈالر تک بڑھیں، گروتھ ریٹ چھ، سات کے پاس پاس رہا، فی کس آمدنی بڑھی اور ورلڈ بینک رپورٹ کے مطابق پچھلی دہائی میں ڈھائی کروڑ لوگوں کو خطِ غربت سے اوپر کھینچ لیا گیا۔ مگر اس دوران بیرونی قرضہ تقریبا دوگنا بڑھ گیا جس سے زرِ مبادلہ کے ذخائر گھٹے، اور کووڈ کے بعد مہنگائی بڑھی۔ مسئلہ یہ تھا کہ اس ترقی کے ثمرات نچلے طبقے تک ان کی توقعات کے مطابق نہیں پہنچ سکے۔ عام بنگالی کا خیال ہے کہ اس ترقی کا فائدہ کرپٹ سیاست دانوں اور اداروں کے بدعنوان اہل کاروں کو پہنچا ہے جو نظام سے ان کی نفرت کی بنیاد بنا۔ بات یہ ہے کہ پسے ہوئے طبقات اپنی حالت کے بدلنے کی امید میں زندہ رہتے ہیں، اگر یہ امید ٹوٹ جائے تو لوگوں کے پاس گنوانے کیلئے کچھ نہیں رہتا، سوائے اپنی جان کے۔ بنگلہ دیش میں جب دہائیوں کے انتظار کے بعد خوش حالی کی خبریں آنے لگیں تو امید کی لو اور بلند ہو گئی، لیکن پھر یوں ہوا کہ اشرافیہ نے اس خوش حالی پر کامل قبضہ کر لیا۔ ہنڈیا کھولنے لگی مگر بھاپ نکلنے کا کوئی رستہ نہیں تھا۔ ہر مخالف آواز کا گلا بے رحمی سے گھونٹ دیا گیا۔ اسی کو پریشر ککر کہتے ہیں، اور بنگلا دیش میں یہی پریشر ککر پھٹا ہے۔

ایک اور اہم بات، بنگلا دیش میں یہ ساری تحریک طلبا نے چلائی ہے، یعنی نوجوانوں نے، اور اگر موازنہ کیا جائے تو پاکستان کا Youth bulge بنگلا دیش سے بھی بڑا ہے، اگر اگلی نسل کے خواب بھی چھین لیے جائیں تو ریاست بے تعبیر ہونے لگتی ہے، یعنی بہ قول شاعر گل ہوا ہے چراغِ مے خانہ... اب بڑی دور تک اندھیرا ہے۔ بنگلہ بندو کی بیٹی کے اقتدار سے بے دخل ہونے پر ہندوستان میں جو قومی سوگ منایا جا رہا ہے اس پر ہم مسکرا تو سکتے ہیں، مگر زیادہ دیر کیلئے نہیں۔ ہمارے لیے اس ساری صورتِ حال میں گہرے اشارے ہیں۔ اپنے ہاں ہر کچھ سال بعد کسی اینڈی بینڈی نظام کے مداحوں کی ٹولیاں نکل آتی ہیں، کبھی مصری ماڈل، کبھی برما ماڈل اور کبھی بنگلا دیش ماڈل، سب کہ سب خام، سارے کہ سارے اوٹ پٹانگ۔ کوئی بھی حکومتی ماڈل جو عوام کو شہری کے منصب سے معزول کر کے رعایا کی سطح پر لے آئے، کوئی بھی ماڈل جو جبر اور ناانصافی کی بنا پر قائم رہنا چاہے، ناپائیدار ہے

## امیر جماعت اسلامی کا مطالبہ

تحریر: تنویر قیصر شاہد

جناب انجینئر حافظ نعیم الرحمٰن آج کل امیر جماعت اسلامی پاکستان ہیں۔ جب وہ کراچی کے امیر جماعت تھے، تب بھی سندھ / کراچی میں خاصے متحرک تھے۔ منتخب ہو کر مرکزی امیرِ جماعت ہیں، تب بھی ان کے تحرک، جانفشانی اور باخبری میں کوئی کمی نہیں آئی۔ بلکہ تسلیم کرنا چاہیے کہ ان کے تحرک میں پہلے سے کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ کراچی میں جب وہ امیر جماعتِ اسلامی تھے، ایم کیو ایم، پی ٹی آئی اور پیپلز پارٹی کو ہر محاذ پر ٹف ٹائم دیا۔ شائد اِسی لیے ان کے چاہنے والے انہیں منتخب کر کے مرکز میں لائے ہیں۔ عوام کو جماعتِ اسلامی کی طرف متوجہ کرنے کے لیے حافظ نعیم الرحمٰن صاحب کئی لڑائیاں لڑ رہے ہیں۔ ریلیاں نکال رہے ہیں غزہ کے مظلوموں کے حق میں بڑے بڑے جلسوں کا اہتمام کر رہے ہیں۔ کثیر الجہتی جلسوں سے خطاب کر رہے ہیں۔ نوجوانوں کو اپنی جماعت کی جانب راغب کرنے کے لیے طالب علموں میں لیپ ٹاپ بھی تقسیم کرتے نظر آ رہے ہیں۔ مگر بات نہیں بن رہی، وہ نتائج برآمد نہیں ہو رہے جن کی حافظ نعیم صاحب توقع کر رہے ہیں۔ مگر وہ دلبرداشتہ ہیں نہ اپنی جدوجہد سے مایوس۔ ان کی جماعت کے زیر نگرانی الخدمت فاونڈیشن بڑی محنت اور کمٹمنٹ سے پاکستان سمیت عالمِ اسلام میں کئی مظلوموں اور مستحقین کی مالی، اخلاقی، طبی اور تعلیمی اعانت و امداد کر رہی ہے۔ موجودہ حکومت نے بجلی کے بلوں کی بنیاد پر غریب عوام کی کمر توڑنے کے لیے جو کمر باندھ رکھی ہے، حافظ نعیم صاحب نے بلبلاتے عوام کی اعانت و ریلیف کے لیے راولپنڈی میں کئی روزہ دھرنا بھی دیا۔ جھلستی اور حبس آلود دوپہروں اور شاموں کو برداشت کیا اور مہنگی ترین بجلی کے حوالے سے حکومت سے کچھ معمولی سے وعدے حاصل کرنے میں کامیاب بھی رہے۔ لیکن سوال پھر وہی ہے: جماعتِ اسلامی پاکستانی عوام کے دلوں میں مقبولیت و محبوبیت کا وہ مقام حاصل کرنے میں کیوں ناکام و نامراد ہے، جس کے لیے یہ آٹھ عشرہ قدیم جماعت مسلسل میدانِ جدوجہد میں ہے؟ بین الاقوامی حالات اور دنیا بھر کے مسلمانوں کو درپیش سنگین حالات پر بھی حافظ نعیم الرحمٰن صاحب کی نظر رہتی ہے۔ اِسی نظر کے تحت انھوں نے تازہ مطالبہ بھی کیا ہے۔ چند یوم قبل بھارت کے شہر ) پٹنہ ( میں ایک مسلمان خاتون ڈاکٹر کے ساتھ صوبہ بہار کے بداخلاق وزیر اعلیٰ، نتیش کمار، نے جو بہیمانہ سلوک کیا، حافظ نعیم صاحب کا مطالبہ اِسی واقعہ ) بلکہ سانحہ ( کے پس منظر میں کیا گیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے: دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کا دعویدار، بھارت، ایک فسطائی ریاست بن چکا ہے۔ بھارت میں کسی غنڈے یا بدمعاش نے چوری چھپے نہیں بلکہ ایک صوبے کے وزیر اعلیٰ، نتیش کمار، نے پوری دنیا کے سامنے ایک مسلمان خاتون ڈاکٹر کے چہرے سے نقاب اتارنے کی کوشش کی، جو انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت عمل ہے۔ یہ واقعہ اسلام دشمنی، مسلم دشمنی اور ہندوتوا کی ذہنیت کا کھلا اظہار ہے۔ حکومتِ پاکستان نے تاحال اس مکروہ واقعے کی کھل کر مذمت نہیں کی۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ تمام مسلم ممالک کم از کم بھارتی سفیر کو طلب کر کے اس واقعے پر احتجاج ریکارڈ کروائیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن صاحب کا یہ مطالبہ بالکل بجا اور بروقت ہے۔ اخلاقیات اور انسانیت کا بھی یہی تقاضا ہے کہ بھارتی صوبہ بہار کے بدقماش وزیر اعلیٰ، نتیش کمار، کے خلاف مسلمان ممالک ایسا ہی مطالبہ کرتے۔ سچ یہ ہے کہ نتیش کمار نے بھارتی خاتون مسلمان ڈاکٹر کے باحجاب چہرے کو زور زبردستی ننگا نہیں کیا بلکہ اپنے، بی جے پی اور بھارتی حکومت کے بداخلاق اور مسلم دشمن وحشیانہ چہرے کو بھی ننگا کر دیا ہے۔ یہ خبر پوری دنیا میں پڑھی، دیکھی اور سنی گئی ہے۔ اس واقعہ سے بھارت کی رہی سہی نیک نامی کو شدید بٹہ اور دھچکا لگا ہے۔ بھارتی سماج وادی پارٹی کی مسلمان رہنما ) سامعہ رانا ( نے لکھنو میں بہار کے وزیر اعلیٰ کے خلاف مقدمہ بھی درج کروایا ہے۔ مقبوضہ کشمیر کی سابق وزیر اعلیٰ کی صاحبزادی ) التجا مفتی ( اور مقبوضہ کشمیر ہی کی اداکارہ، زارہ وسیم، نے بھی بدتمیز نتیش کمار کی سخت الفاظ میں گوشمالی کی ہے۔ موجودہ وزیر اعلیٰ مقبوضہ کشمیر، عمر عبداللہ، نے کہا ہے: اگر کوئی بھارتی مسلمان کسی بھارتی ہندو عورت کا گھونگھٹ نوچ لیتا تو بھارتی ہندوؤں کا کیا ردِعمل ہوتا؟۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل نے بہاری وزیر اعلیٰ کی اِس دل آزار جسارت پر اِسے عورت کی عزت پر سنگین حملہ قرار دیا ہے۔ بھارت کے مشہور ایکٹوسٹ، اکبر پٹیل، نے ایمنسٹی انٹرنیشنل کو چٹھی لکھ کر اِس واقعہ پر اپنا منفرد احتجاج ریکارڈ کروایا ہے۔ حیرت کی بات مگر یہ ہے کہ جس بھارتی ریاست ) بہار ( میں یہ سانحہ وقوع پذیر ہوا، وہاں بسنے والے ڈیڑھ کروڑ مسلمانوں اور ان کی مسلم لیڈرشپ نے کھلے بندوں اِس پر کوئی احتجاج نہیں کیا ہے۔ جماعتِ اسلامی ہند کے امیر، سید سعادت اللہ حسینی، نے بھی خاموش رہنے ہی میں عافیت سمجھی ہے۔ بھارتی مسلمانوں کی تنظیم ) آل انڈیا مجلسِ اتحاد المسلمین ( نے بھی ممبئی میں چند مولویوں کا جلوس نکال کر مکمل خاموشی کی چادر اوڑھ لی ہے۔ بھارت کے معروف ترین مذہبی تعلیمی مرکز، دیوبند، کے ممتاز اور مشہور علمائے کرام اور اساتذہ نے بھی نتیش کمار بارے کوئی مذمتی بیان جاری نہیں کیا ہے۔ دہلی کی شاہی مسجد کے امام و خطیب بھی اِس واقعہ پر خاموش ہیں۔ یہ کالم لکھتے ہوئے راقم نے بھارتی میڈیا کو کھنگالا، تا کہ کوئی ایسی خبر مل جائے جو یہ بتاتی ہو کہ معروف بھارتی علمائے اسلام اور مسلمان لیڈروں نے نتیش کمار کی بداخلاقی کی مذمت کی ہے مجھے مگر ایسی کوئی خبر دستیاب نہیں ہو سکی۔ ایسے حالات میں جناب حافظ نعیم الرحمٰن کن لوگوں سے توقعات وابستہ کیے بیٹھے ہیں؟ پہلے تو اِس واقعہ پر پاکستان کی وزارتِ خارجہ بھی مہر بہ لب ہی تھی، مگر 18 دسمبر کو ) جب کہ اس واقعہ کو تین دن گزر چکے تھے ( ہماری وزارتِ خارجہ کے ترجمان، طاہر حسین اندرابی، نے بھی نتیش کمار کی بدتمیزی کی مذمت کر دی ہے۔ شائد یہ امیرِ جماعتِ اسلامی کے احتجاج کا اثر ہے۔ اور اب ہماری پنجاب اسمبلی نے بھی نتیش کمار کی مذمت میں ایک قرارداد منظور کی ہے۔ مسلمان ممالک سے بھارت کی مذمت کرنے کا مطالبہ ویسے حافظ نعیم صاحب کی معصومیت ہی کہی جا سکتی ہے۔ مسلمان ممالک تو بھارت میں آئے روز مساجد و مزارات کو شہید کرنے پر احتجاج نہیں کرتے۔ ایسے میں وہ بھارتی محترم مسلمان خاتون ڈاکٹر صاحبہ کی توہین کیے جانے پر اظہارِ احتجاج کیوں اور کیونکر کریں گے؟ بھارتی مسلمان خاتون کی توہین کیے جانے کے ٹھیک چار دن بعد بھارت اور ایک معروف و دولتمند مسلمان عرب ملک کے درمیان Mutual Visa Exemption Pact پر دستخط ہوئے ہیں۔ اِس پیکٹ کے بعد اب بھارتی و مذکورہ عرب ملک کے اعلیٰ سرکاری عہدیدار، صنعت کار اور بڑے بزنس مین فوری ویزہ حاصل کر کے بآسانی ایک دوسرے کے ملک کا سفر کر سکیں گے۔ اِس سے پہلے یہ سہولت میسر نہیں تھی۔ اگر کوئی مذکورہ مسلمان ملک ہمارے امیر جماعتِ اسلامی کا مطالبہ سنتا اور مانتا تو یہ پیکٹ ہو ہی نہیں سکتا تھا۔

## کالعدم تنظیمیں

تحریر: حاجی واجد علی شاہ

25 دسمبر کو نریندر مودی کی اچانک لاہور آمد کے آٹھویں دِن 2) جنوری کو ( پٹھان کوٹ ایئربیس پر حملہ ہو گیا۔ کامن سینس کی بات ہے کہ صرف ایک ہفتے میں دہشت گردی کے اتنے بڑے واقعہ کی فول پروف پلاننگ اور کامیابی کیساتھ اس پر عملدرآمد ممکن نہیں، ایسی کارروائی کیلئے مہینوں درکار ہوتے ہیں۔ پٹھان کوٹ حملہ پاک، بھارت امن عمل کو سبوتاژ کرنے کی سازش تھی تو اس کیلئے منصوبہ سازی اور تیاری کا آغاز مہینوں نہیں تو ہفتوں پہلے ہوا ہوگا، شاید تب سے جب پاک، بھارت تعلقات کے حوالے سے وزیراعظم مودی کی قلب ماہیت یا یوٹرن کا اظہار شروع ہوا۔ پیرس کی ماحولیاتی کانفرنس میں مودی کا جناب نواز شریف کو اچانک جا لینا، انہیں صوفے پر بٹھانا اور بے تکلفانہ سرگوشیاں کرنا، ایک دنیا کو حیران کر گیا تھا۔ پھر بنکاک میں دونوں وزرا اعظم کے نیشنل سیکورٹی ایڈوائزر کی ملاقات، دونوں کے پیشہ ورانہ پس منظر نے اس ملاقات کو مزید دلچسپ اور اہم بنا دیا تھا۔ اجیت دوول کا تعلق بھارت کے حساس ادارے سے رہا تھا۔ پاکستان کیخلاف اسکے شدید معاندانہ جذبات کے اظہار کیلئے اس کی وہ تقریر کافی تھی جس میں وہ ممبئی) نومبر 2008 ( جیسے کسی اور واقعہ کی صورت میں بلوچستان کو پاکستان سے علیحدہ کر دینے کی دھمکیوں پر اتر آیا تھا۔ ) یہ ناراض بلوچوں سے انڈین را کے سرپرستانہ روابط کا کھلا اعلان بھی تھا(۔ وزیراعظم پاکستان کے نیشنل سیکورٹی ایڈوائزر عسکری پس منظر رکھتے تھے۔ اپنی سروس کے آخری برس انہوں نے پاک فوج کی سدرن کمانڈر کے سربراہ کے طور پر بلوچستان میں گزارے تھے اور یہاں انڈین را کی کارستانیاں ان پر پوری طرح واشگاف تھیں۔ بنکاک میں دونوں کی ملاقات کو پاک بھارت تعلقات پر جمی برف کے پگھلنے سے تعبیر کیا گیا۔ اسلام آباد کی ہارٹ آف ایشیا کانفرنس میں شسما سوراج کی آمد اس سلسلے میں ایک اور اہم قدم تھا اور پھر 25 دسمبر کو مودی کی اچانک لاہور آمد، یہاں انکا پرتپاک خیر مقدم، جاتی امرا جا کر میاں صاحب کی سالگرہ کی تقریب میں شرکت اور ان کی نواسی مہرالنسا کی شادی کی مبارکباد۔ اس کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان خارجہ سیکرٹریوں کی سطح کے مذاکرات کیلئے 15 جنوری کی تاریخ کا تعین۔

برصغیر کے افق پر تیزی سے منظر تبدیل ہو رہا تھا کہ پٹھانکوٹ کا واقعہ ہو گیا۔ یہ پاک بھارت امن عمل کو سبوتاژ کرنے کا منصوبہ تھا تو اس کی تیاری شاید پیرس میں دونوں وزرا اعظم کی ملاقات کے فوراً بعد شروع کر دی گئی تھی لیکن اس بار اطمینان بخش بات اس واقعہ پر بھارتی حکومت کا ماضی سے برعکس ردعمل تھا۔ بھارتی میڈیا اپنی پرانی روش پر قائم تھا، وہاں پتہ بھی ہلے تو پاکستان کو موردِ الزام ٹھہرا دو، لیکن بھارتی حکومت اور حکمران بی جے پی کی قیادت پاکستان کے خلاف الزام تراشی سے گریزاں تھی بلکہ میڈیا کے تند و تیز سوالات کے جواب میں بھارت کے وزیر دفاع پاکستان کے وکیلِ صفائی کا کردار ادا کرتے نظر آئے۔ ادھر 15 جنوری سے شروع ہونے والے خارجہ سیکرٹریوں کی سطح کے مذاکرات کے حوالے سے دونوں ملکوں کے دفاتر خارجہ کا کہنا ہے کہ یہ باہم رضامندی سے ملتوی ہوئے اور یہ بھی کہ مذاکرات کی نئی تاریخ زیادہ دور نہیں ہوگی۔ ادھر بھارت کی مہیا کردہ Lead کے بعد پاکستان میں جیشِ محمد کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ جیش کے سربراہ مولانا مسعود اظہر کو حفاظتی تحویل میں لیجانے اور انکے بھائی اور برادرِ نسبتی سمیت کارکنوں کی گرفتاریوں کی خبریں بھی آ رہی ہیں۔ جیش کے دفاتر اور مدارس سیل کیے جانے کی خبریں بھی ہیں لیکن بہاولپور کے علاقے سے تعلق رکھنے والے ممتاز اخبار نویس اور معروف تجزیہ کار گزشتہ روز ایک ٹاک شو میں بتا رہے تھے کہ ان کا اپنے علاقے میں آنا جانا رہتا ہے جیش کو کالعدم قرار دیے جانے کے بعد سے انہوں نے وہاں اس کا کوئی دفتر نہیں دیکھا۔ البتہ اس کا مدرسہ ضرور موجود ہے، جسے مولانا مسعود اظہر کے بھائی مولانا عبدالروف چلا رہے ہیں۔ سنسنی پیدا کرنے کیلئے اِسے قلعہ نما قرار دیا جا رہا تھا۔ سیالکوٹ میں بھی اسی طرح کی کارروائی کی گئی۔ پنجاب کے وزیر قانون رانا ثنا اللہ کے بقول، اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ مدارس واقعی دہشت گردی کی تربیت گاہ تھے۔ یہ کارروائی شک کی بنا پر کی گئی ہے، تحقیقات کے بعد ہی اصل صورتحال واضح ہوگی۔

اسکے ساتھ ہی کالعدم تنظیموں کا معاملہ ایک بار پھر زیر بحث آ گیا ہے۔ وہی پرانی بات کہ کالعدم قرار پانے کے بعد بھی یہ تنظیمیں نام بدل کر کیسے کام کر رہی ہیں؟ نائن الیون کے بعد ان تنظیموں کو کالعدم قرار دیے جانے کا معاملہ ایک دلچسپ موضوع ہے۔ ان میں بیشتر تنظیمیں جہادِ افغانستان میں سرگرم کردار ادا کرتی رہی تھیں، وہاں سے فراغت کے بعد انکی ہمدردیاں کشمیری مجاہدین کے ساتھ ہو گئیں، یہ نان اسٹیٹ ایکٹرز اسٹیٹ آف پاکستان کی حکمت عملی کا اہم حصہ تھے۔

جہاں تک فرقہ ورانہ تنظیموں کا معاملہ تھا، ان کا افغان جہاد سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ یہ انقلاب ایران اور اسکے بعد ایران عراق جنگ کا شاخسانہ تھیں، جو یہاں اپنے اپنے سرپرستوں کی پراکسی وار لڑ رہی تھیں۔ کچھ ایسی تنظیمیں بھی تھیں جن کا عسکریت سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ یہ رفاہی و فلاحی کام کرتی تھیں۔ انہیں آپ اسلامی این جی اوز کہہ لیں۔ نائن الیون کے بعد سب کچھ بدل گیا۔ کشمیر اور افغان پالیسی بھی بدل گئی۔ ڈکٹیٹر، واشنگٹن سے آنے والی کولن پاول کی ٹیلیفونک کال پر ڈھیر ہوا تو ادھر سے آنے والا ہر حکم، واجب التعمیل قرار پایا چنانچہ وہاں سے جس بھی تنظیم کو کالعدم قرار دینے کا حکم آتا اسے کالعدم قرار دے دیا جاتا تا۔ ان ہی دنوں ایک دلچسپ معاملہ رابطہ ٹرسٹ کے حوالے سے ہوا۔ یہ ٹرسٹ جنرل ضیاالحق کے دور میں رابطہ عالمِ اسلامی کے اشتراک سے قائم ہوئی تھی، جس کا مقصد بنگلہ دیش میں محصور پاکستانیوں کی واپسی اور اس کیلئے وسائل کی فراہمی تھا۔ صدرِ پاکستان بربنائے عہدہ (ex officio) اس کے سرپرست ہوتے۔ اب کالعدم قرار پانیوالی تنظیموں میں رابطہ ٹرسٹ بھی شامل تھی ) جسکے سرپرست ان دِنوں خود پرویز مشرف تھے (۔

فرقہ ورانہ عسکری تنظیمیں باہم جنگ و جدل سے تھک چکی تھیں لیکن انہیں اپنے اپنے انتہا پسندوں کے داخلی دباو کا سامنا تھا۔

## بھارت کا مکروہ چہرہ

تحریر: اشفاق اللہ ڈوگوال

گزشتہ دنوں بھارتی ریاست بہار میں ایک سرکاری تقریب کی وڈیو وائرل ہوئی جس نے صرف بھارت ہی نہیں پوری دنیا میں ہلچل مچا دی۔ یہ وڈیو سوشل میڈیا کے ذریعے پوری دنیا میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی جس پر بھارت سمیت پوری دنیا کے مسلمان اور انسانی حقوق کی علمبردار تنظیمیں سراپا احتجاج بن گئیں۔

اس وڈیو نے ایک بار پھر بھارت کے چہرے سے سیکولرازم کا نقاب نوچ ڈالا۔ 15 دسمبر 2025 کو بھارتی ریاست بہار کے دارالحکومت پٹنہ میں ایک سرکاری تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی وزیر اعلیٰ بہار نتیش کمار تھے۔ اس تقریب میں ڈاکٹروں کی نئی تقرریوں کے سرٹیفکیٹ تقسیم ہو رہے تھے۔ وزیر اعلیٰ بہار نتیش کمار ڈاکٹروں کو ان کے تقرر نامے تھما رہے تھے، اسی دوران حجاب پہنے ہوئے ایک مسلمان خاتون ڈاکٹر نصرت پروین صاحبہ اپنا تقرر نامہ وصول کرنے کے لیے اسٹیج پر پہنچی تو وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے تقرر نامہ دیتے ہوئے مسلمان خاتون ڈاکٹر کے چہرے پر موجود نقاب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پہلے کہا، یہ کیا ہے؟ اور پھر ان کا نقاب خود کھینچ ڈالا جس سے ایک باپردہ مسلمان خاتون بھونچکا اور خوفزدہ ہو گئیں۔ غیرت مسلم کا مظاہرہ کرتے ہوئے خاتون ڈاکٹر نے احتجاجا سرکاری نوکری کا تقرر نامہ پھاڑ کر سرکاری نوکری کرنے سے انکار کر دیا۔

وزیر اعلیٰ بہار نتیش کمار نے دراصل ہندوستان کے چہرے سے سیکولرازم کا نقاب نوچ ڈالا جو بھارت کے مکروہ چہرے کا منہ بولتا ثبوت ہے جہاں اقلیتیں خصوصا مسلمان مکمل طور پر غیر محفوظ ہیں۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ جب سے بھارت کی عنان اقتدار بی جے پی کے ذریعے گجرات کے قصاب نریندر مودی) سریندر مودی ( کے ہاتھ میں آئی ہے، اس وقت سے بھارت میں موجود شیو سینا، بجرنگ دل، وشوا ہندو پریشد، ہندو مہاسبھا، آر ایس ایس جیسی انتہا پسند اور ہندوتوا نظریے کی حامل دہشت گرد جماعتیں اقلیتوں خصوصا مسلمانوں پر مظالم ڈھا رہی ہیں اور بھارت میں اقلیتوں کے خلاف منافرت اور تعصب انتہاؤں کو چھو رہی ہے۔

فاشسٹ بھارتی حکمران ہٹلر کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ہندوتوا نظریے کی حامل ان انتہا پسند جماعتوں اور ان کے پیروکاروں کے ذریعے مسلمانوں کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے مذموم منصوبے اور بھارت کو ہندو راشٹر بنانے کی مہم پر عمل پیرا ہیں جس کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ 20 کروڑ سے زائد بھارتی مسلمان ہیں۔ اسی لیے ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت انتہا پسند حکمران اور ان کی جماعتیں ہر وہ گھناؤنا کام کر رہی ہیں جن سے مسلمانوں کو نقصان ہو یا انہیں اشتعال دلایا جائے۔ بھارت جو خود کو ایک سیکولر اور جمہوری ریاست کہتا ہے، حقیقت میں اس کا نہ سیکولرازم سے کوئی تعلق ہے اور نہ جمہوریت سے، وہ عملی طور پر ایک متشدد اور مسلم دشمن ہندو ریاست بن چکا ہے۔

گزشتہ چند برسوں میں نافذ کی جانے والی بعض ریاستی پالیسیاں اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ خصوصا گائے کے ذبیحہ پر پابندی اور شہریت ترمیمی قانون ایسے اقدامات ہیں جنھیں ناقدین مسلمانوں کے لیے بھارت کی سرزمین تنگ کرنے کی منظم کوشش قرار دیتے ہیں۔ یہ پالیسیاں صرف قانونی نوعیت کی نہیں بلکہ ان کے سماجی، معاشی اور نفسیاتی اثرات بھی انتہائی گہرے ہیں۔ بھارت کی کئی ریاستوں میں گائے کے ذبیحہ پر سخت پابندیاں عائد ہیں۔ بظاہر یہ اقدام جانوروں کے تحفظ کے نام پر کیا گیا، مگر حقیقت میں یہ ہندو مذہبی عقیدے گا ماتا کو تحفظ کے لیے کی گئی ہے۔ اس پابندی کا سب سے زیادہ اثر مسلمانوں پر ہوا ہے، کیونکہ عیدالضحیٰ کے موقع پر مسلمانوں کی قربانی میں یہ اقدام بہت بڑی رکاوٹ ہے۔ دلتوں اور دیگر اقلیتی برادریوں پر بھی اس کا اثر پڑا ہے جن کا روزگار گوشت، چمڑے اور مویشیوں سے وابستہ تھا۔ اسی طرح 2019 میں منظور کیا جانے والا شہریت ترمیمی قانون بھارتی تاریخ کا ایک متنازع ترین قانون ہے۔

## میں مدینے چلا

تحریر: سعد اللہ جان

دنیا میں ایسا کونسا مسلمان ہوگا جس کی یہ آرزو نہ ہو، جستجو نہ ہو، تمنا نہ ہو کہ مدینے چلے لیکن میں مدینے چلا، چلیں سارے چلنے والے، میں مدینے چلا، میں مدینے چلا، میں مدینے چلا۔ یہ معلوم نہیں ہو پایا کہ یہ صاحب خود مدینے چلے ہیں یا نہیں لیکن یہ سعادت بھی کچھ کم نہیں کہ دنیا کو مدینے چلا رہے ہیں، میں مدینے چلا۔

ہم نے کہا نا کہ یہ سعادت ہر کسی کو کہاں نصیب ہوتی ہے ورنہ مدینے کے شیدائی بہت ہیں۔ اب لوگوں نے محبت میں اپنے کاروبار بھی اس نام سے منسوب کر لیے ہیں۔ یہ سامنے مدینہ چکن زون ہے، اس کے ذرا آگے مدینہ ریسٹورنٹ ہے۔ آگے مدینہ پنکھے ہیں، ایک حلوائی کی دکان بھی مدینہ کے نام سے ہے۔

میں مدینے چلا۔ مطلب یہ کہ یہاں کون ہے جو مدینے کا شیدائی نہیں، مدینے کا فدائی نہیں، تمنائی نہیں
سب لوگ جدھر وہ ہیں ادھر دیکھ رہے ہیں
ہم دیکھنے والوں کی نظر دیکھ رہے ہیں

ہمارے بانی مبانی مثل امبانی کو دیکھئے جو چلے تو مدینے تھے لیکن راستے میں کچھ اور مصروفیات، ضروریات اور نکل آئیں، نئے پاکستان کا پراجیکٹ، تبدیلی کون و مکان کا پراجیکٹ، نوے دن میں سب کچھ ارزاں کا پراجیکٹ۔ اور نئے پاکستان کو مدینے میں تبدیل کرنے لگے لیکن افسوس کہ حاسدوں نے اس میں روڑے اٹکائے، ورنہ پاکستان ریاست مدینہ ہو جاتا۔

اب انھوں نے تو اپنا فرض ادا کر دیا، مدینے چل پڑے ہیں، آگے اللہ کی مرضی، انسان کا تو صرف ارادہ ہوتا ہے، میں مدینے چلا، نیک مسلمانوں کا تو کام ہی لوگوں کو نیک راہ پر چلانا اور پھر پاکستان کے مسلمان تو یہ فرض بہت زیادہ کر رہے ہیں، اتنا زیادہ کہ لوگوں کو نیک راہ دکھانے میں اور جنت پہنچانے میں اتنے سرگرم ہو جاتے ہیں کہ خود کو بھی بھول جاتے ہیں۔

آپ یقین کریں جب سے ہم نے موبائل پر یہ مژدہ سنا ہے، اتنے پرجوش ہو گئے ہیں کہ جی چاہتا ہے
میں مدینے چلا، میں مدینے چلا، میں مدینے چلا، میں مدینے چلا، میں مدینے چلا
سبحان اللہ، ماشاءاللہ، جزاک اللہ، الحمدللہ
کیا شان ہے، کیا الحان ہے، کیا بیان ہے اور کیا زبان ہے
میں مدینے چلا۔
چلتے تو سب ہیں، کیوں کہ سارے باادب ہیں، مدح بلب ہیں لیکن
میں مدینے چلا، چلنا ہو تو ایسا باادب ہو تو ہو ورنہ نہ ہو۔
میں مدینے چلا۔
کمر باندھے ہوئے چلنے کو یاں سب یار بیٹھے ہیں
بہت آگے گئے باقی جو ہیں تیار بیٹھے ہیں
میں مدینے چلا
کون ہے جو مدینے چلنے کو تیار نہیں، مدینے پر نثار نہیں، مدینے کا امیدوار نہیں، طلب گار نہیں، طالب دیدار نہیں
لیکن ایں سعادت بزور بازو نیست
برسماع راست ہر کس چیز نیست
طعمہ ہر مرغکے انجیر نیست

اور ان صاحب کی کیا تقدیر ہے، کیا تدبیر ہے۔ کہ چل بھی رہے ہیں اور ساری دنیا کو آگاہ بھی کر رہے ہیں۔ میں مدینے چلا۔ کہنے کو تو یہ صرف تین الفاظ ہیں لیکن بہت قابل لحاظ ہیں مثل معوذ و معاذ ہیں لیکن ان تین الفاظ میں کیف و سرور کی، طائر و طیور کی، طاہر و طہور کی جو دنیا سنائی دے رہی ہے، وہ کمال ہے، بے مثال ہے، جلال و جمال ہے، مژدہ وصال ہے، خاتم ملال ہے

میں مدینے چلا، میں مدینے چلا، میں مدینے چلا، ان تین الفاظ کو آپ کسی طرح بھی ادا کیجئے۔ مثلاً میں مدینے چلا، میں مدینے چلا، میں مدینے چلا۔ چلا میں مدینے، چلا میں مدینے، چلا میں مدینے۔ مدینے چلا میں، چلا مدینے میں، اثر وہی رہے گا۔ میں مدینے چلا، میں مدینے چلا، میں مدینے چلا، میں مدینے چلا۔

## عوامی اشتہارات

### اطلاع عام

بعدالت جناب عبدالفہیم پھنور سینئر سول جج شہدادکوٹ

F.C Suit No. 83/2022

پیارل خان ولد درمحمد رہائش پذیر گاؤں سجاول جونیجو تحصیل سجاول ضلع قمبر شہدادکوٹ۔۔۔مدعی

خلاف

گلشن محمد ولد فتح محمد مستوئی ودیگر۔۔۔مدعاعلیہ

مدعاعلیہ محمد نور ولد خان محمد

مدعاعلیہ آفتاب گل ولد محمد گل

مدعاعلیہ علی گل ولد محمد گل

مدعاعلیہ امیر حمزہ ولد محمد یار

مدعاعلیہ ثاقب جان ولد محمد یار

مدعاعلیہ سکندر ولد محمد یار بروہی

سب کے سب رہائش پذیر آفتاب گل مینگل کا پرندوں کا دکان واقع بھوسا منڈی لنک روڈ کوئٹہ بلوچستان۔۔۔مدعاعلیہ

نوٹس اور مدعاعلیہ اور عام وخاص کیلئے

جیسا کہ پیارل خان مگسی نے اس عدالت میں Suit for Declaration for cancellation documents and perpetua injuction آپ کے خلاف داخل کیا ہے جس کی شنوائی 15 اگست 2026 کو رکھی گئی ہے آپ کو بار بار سمن/نوٹس جاری کیے گئے مگر تعمیل نہیں ہوسکی، اس لئے آپ کو اس اخباری اشاعت کے ذریعے آگاہ کیا جاتا ہے کہ آپ خود یا کسی وکیل کے ذریعے اس عدالت میں صبح 08:30 بجے حاضر ہوکر اپنے اعتراض پیش کریں۔دوسری صورت میں اس کیس کا فیصلہ قانون کے مطابق سنایا جائے گا۔

ہماری دستخط اور کورٹ کی مہر سے 06 اگست 2026 کو جاری کیا گیا۔

غلام یاسین چند

سینئر سول کورٹ شہدادکوٹ

## روس نے دس خطوں میں ڈیجیٹل کرنسی کی مائننگ پر پابندی عائد کردی

ماسکو(این این آئی ) روس کی حکومت نے دس خطوں اور تین دیگر علاقوں میں ڈیجیٹل کرنسی کی مائننگ پر پابندی عائد کردی ہے، جو یکم جنوری سے نافذالعمل ہو گی۔روسی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ پابندی 15 مارچ 2031 تک نافذ رہے گی۔ یہ پابندیاں ایسے خطوں پر توانائی کی قلت کے ممکنہ خطرات کے پیش نظر عائد کی گئی ہیں۔

## جنوبی کوریا امریکا کی طاقت پر اندھا اعتماد کر کے حواس کھو بیٹھا ہے، کم جونگ ان

پیانگ یانگ (انٹر نیوز) شمالی کوریا کے حکمراں کم جونگ ان نے امریکی گٹھ جوڑ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنوبی کوریا امریکا کی طاقت پر اندھا اعتماد کرکے حواس کھو بیٹھا ہے۔شمالی کوریا کے حکمراں کم جونگ ان نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی میں تقریر کرتے ہوئے کہا

## امریکا میں بڑا بریک ڈاؤن، لاکھوں افراد بجلی سے محروم

واشنگٹن (این این آئی )امریکا کے زیرِ انتظام جزیرے پورٹو ریکو میں فنی خرابی کے باعث بجلی کی ترسیل متاثر ہوگئی، جس کے باعث لاکھوں افراد بجلی سے محروم ہوگئے ۔بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق پورٹو ریکو میں پاور گرڈ کی خرابی کے باعث جزیرے کے بڑے حصے میں بجلی معطل ہوگئی،

## مرحوم سرکاری ملازمین کے کوٹے سے متعلق سندھ حکومت کی درخواستیں مسترد

### جو مقدمات پہلے ہی نمٹ چکے ہیں، انہیں دوبارہ نہیں کھولا جاسکتا، سپریم کورٹ کا فیصلہ

اسلام آباد(این این آئی) سپریم کورٹ نے مرحوم سرکاری ملازمین کے کوٹے سے متعلق سندھ حکومت کی درخواستیں مسترد کردیں۔جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس اطہر من اللہ اور جسٹس صلاح الدین پنہور نے کیس پر سماعت کی۔جسٹس محمد علی مظہر نے تین رکنی بینچ کا تفصیلی فیصلہ تحریر کیا۔سپریم کورٹ نے مرحوم کوٹہ کے تحت ملازمت سے متعلق سندھ ہائی کورٹ کے فیصلے برقرار رکھ دیے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ جو مقدمات پہلے ہی نمٹ چکے ہیں، انہیں دوبارہ نہیں کھولا جا سکتا۔سپریم کورٹ نے ریمارکس دیے کہ سندھ ہائی کورٹ کے احکامات میں کوئی قانونی سقم موجود نہیں، مرحوم کوٹہ سے متعلق فیصلے حتمی حیثیت اختیار کر چکے ہیں، مرحوم کوٹہ سے متعلق قوانین کی منسوخی کے فیصلے کو ماضی پر لاگو نہیں کیا جائے۔عدالت عظمٰی نے ریمارکس دیے کہ جنرل پوسٹ آفس کیس کا فیصلہ سابقہ نمٹائے گئے مقدمات پر لاگو نہیں ہوگا، عدالتی فیصلے اصولاً مستقبل پر لاگو ہوتے ہیں، جب تک ماضی پر اطلاق واضح نہ کیا جائے۔سندھ ہائی کورٹ نے مرحوم سرکاری ملازمین کے ورثا کو ملازمت دینے کے احکامات جاری کیے تھے۔ ہائی کورٹ نے 2019 سے 2023 کے درمیان مرحوم کوٹہ کے تحت ورثا کو ملازمت دینے کے احکامات دیے تھے۔سندھ حکومت نے مرحوم کوٹہ پر تقرریوں کے احکامات کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا

## قبائلی ضلع کرم میں ممکنہ آپریشن، درجنوں دیہات سے عوام کی نقل مکانی

### شدید سردی میں گھربار چھوڑنے پر مجبور، کرم میں خوف و ہراس کی فضا

کوہاٹ (این این آئی) قبائلی ضلع کرم کی وسطی تحصیل میں ممکنہ آپریشن کے باعث متعدد دیہات سے قبائلی عوام کی نقل مکانی کا سلسلہ جاری ہے، جہاں شدید سرد موسم میں خواتین اور بچوں سمیت لوگ اپنے گھربار چھوڑنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔مقامی میڈیا اور دیگر ذرائع کے مطابق وسطی تحصیل کے درجنوں دیہات جن میں سنگروبہ، گلی شنگ، جودارہ، وام، راجہ کوٹ، پیشوتندی، ساپو کلے اور سلطانی شامل ہیں، سے بڑی تعداد میں مقامی آبادی ممکنہ آپریشن کے خوف کے باعث علاقہ چھوڑ چکی ہے۔ذرائع کے مطابق ممکنہ آپریشن کی اطلاعات کے بعد علاقے میں خوف و ہراس کی فضا قائم ہوگئی ہے، جس کے باعث قبائلی خاندان سخت سردی کے باوجود نقل مکانی پر مجبور ہیں۔خواتین، بچے اور بزرگ نہ چاہتے ہوئے بھی اپنے گھر اور علاقے چھوڑ رہے ہیں

## مذاکرات کے مثبت نتیجے کا بہت زیادہ امکان ہے، فواد چوہدری کا دعویٰ

### مذاکرات کا ماحول بن رہا ہے، سہیل آفریدی سے گزارش ہے اپنا لہجہ سخت نہ کریں، گفتگو

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سابق رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ میرے خیال میں مذاکرات کے مثبت نتیجے کا بہت زیادہ امکان ہے۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مذاکرات کا ماحول بن رہا ہے، سہیل آفریدی سے گزارش ہے اپنا لہجہ سخت نہ کریں، حکومت سے گزارش کی مذاکرات میں کامیابی کیلئے کوٹ لکھپت سے پی ٹی آئی رہنماؤں کو پیرول پر رہا کریں، حکومتی لوگوں سے بات کی تو انھوں نے بھی اتفاق کیا کہ پرانے لوگوں کو لانا چاہیے۔سینئر سیاستدان نے کہا کہ تینوں فریق چاہیں گے تو ہی سیاسی درجہ حرارت نیچے آئیگا، تین سال سے ٹوئٹر پر بیٹھے لوگ اپنے نام بدل بدل کر ٹوئٹ کرتے ہیں، تین سال مین پی ٹی آئی کا انقلاب آجاتا تو بات چیت کی ضرورت ہی نہ ہوتی۔فواد چوہدری نے کہا کہ میرا خیال ہے حکومت بھی چاہتی ہے کہ سیاسی درجہ حرارت نیچے آئے، جب ہم نے بات چیت کی کوشش شروع کی تو سب نے کہا موقع دینا چاہیے۔سابق رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ جب ڈائیلاگ کمیٹی بنائی تو اچھی بات ہے پورے پاکستان میں اس پر بات ہورہی ہے،

لاہور، وزیر توانائی ملک فیصل ایوب پنجاب تھرمل پاور پلانٹ بارے بریفنگ لے رہے ہیں

## شہر میں تاجر اور بزنس مینوں سمیت عوام اپنے اپ کو غیر محفوظ سمجھ رہے ہیں

### نصیرآباد میں بڑھتی ہوئی بدامنی رہزنی ڈکیتی کے واقعات پر پولیس کی خاموشی لمحہ فکر ہے

کوئٹہ (یو این اے ) جماعت اسلامی نصیرآباد کے زیر اہتمام "نصیرآباد کو امن دو" کے عنوان سے ڈیرہ مراد جمالی میں ایک بڑا عوامی جرگہ نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان امر ضلع نصیرآباد بشیر احمد ماندائی کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں مختلف سیاسی جماعتوں مذہبی رہنماں سول سوسائٹی کے نمائندوں ٹریڈ یونیز کے عہدیداروں سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی امن گرینڈ جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے سیاسی وسماجی رہنماں جس میں امیر جماعت اسلامی بشیر احمد ماندائی گرینڈ الائنس کے مرکزی ترجمان علی بخش جمالی جاموٹ قومی مومنٹ کے محمد وارث ابڑو، نیشنل پارٹی کے جاگن خان مغیری، وائس چیئرمین شاہ محمد ہاڑا کونسلران محمد عثمان ابڑو، مولاحسن جتک، خان جان بنگلزئی، سیٹھ داسو مل، کونسلر غلام رسول سولنگی، مولانا محمد داد، سفر خان جویا، تاج بلوچ، حاجی رحمت اللہ بنگلزئی، ملازمین اتحاد کے صدر عبداللہ بلوچ، میر جان مینگل، کامریڈ نذیر احمد مستوئی، عبدالعزیز کھوسہ، صدر پریس کلب عبدالرزاق بنگلزئی، سابق صدر ولی محمد زہری، دلدار احمد پندرانی، غلام فرید بھٹو نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اس موقع پر کہا کہ نصیرآباد میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے عوامی جرگہ منعقد کرنے کا مقصد نصیرآباد میں بڑھتی ہوئی بدامنی رہزنی ڈکیتی کے واقعات پر پولیس کی خاموشی لمحہ فکر ہے عوام بے یارومددگار ہیں

## مسئلہ کشمیر دراصل قیامِ پاکستان کے نامکمل ایجنڈے کی علامت ہے، سردار عامر الطاف

### آج بھی کشمیر عوام پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں اور آخری دم تک پاکستان کے ساتھ کھڑے رہیں گے

ہجیرہ (این این آئی) ممبر اسمبلی و مرکزی رہنما مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر سردار عامر الطاف خان نے قائداعظم محمد علی جناح ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ قائداعظم محض ایک عظیم رہنما ہی نہیں بلکہ پاکستان کی نظریاتی اساس اور مسلمانوں کی آزادی کی جدوجہد کی علامت ہیں کشمیری عوام کے دل پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور وہ آج بھی قائداعظم کے نظریے کے مطابق پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔سردار عامر الطاف خان نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح نے برصغیر کے مسلمانوں کو اتحاد ایمان اور تنظیم کا جو سنہرا اصول دیا وہ آج بھی ہماری اجتماعی زندگی کے لیے مشعلِ راہ ہے پاکستان کا قیام ایک عظیم جدوجہد کا نتیجہ تھا اور مسئلہ کشمیر دراصل قیامِ پاکستان کے نامکمل ایجنڈے کی علامت ہے جس کی تکمیل کے بغیر برصغیر میں پائیدار امن ممکن نہیں۔انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے آزادی کی جدوجہد میں بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں اور ان قربانیوں کی بنیاد قائداعظمؒ کا وہ نظریہ ہے جس میں حق خودارادیت اور آزادی کو بنیادی حیثیت حاصل ہے کشمیری عوام نے ہمیشہ پاکستان کو اپنا حقیقی سہارا سمجھا ہے

لاہور، پاکستان کسان اتحاد کے صدر خالد محمود، رضوان اقبال ودیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

## یوم قائداعظم ہمیں قومی یکجہتی اور ذمہ داری کا احساس دلاتا ہے، خواجہ عمران نذیر

### قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت اور سیاسی بصیرت کی بدولت ہم آزاد ملک میں سانس لے رہے ہیں، صوبائی وزیر صحت

لاہور(جی این ایم)صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے یوم قائداعظم کی مناسبت سے محکمہ صحت وآبادی میں منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور کیک کاٹا ۔اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری اسما ناز عباسی، سیکرٹری صحت وآبادی، نادیہ ثاقب، سپیشل سیکرٹری عون عباس و دیگر افسران بھی موجود تھے ۔خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح برصغیر کے عظیم رہنما اور پاکستان کے معمار تھے۔قائداعظم کا پیغام اتحاد، ایمان اور نظم وضبط آج بھی ہماری رہنمائی کر رہا ہے۔پاکستان کی ترقی قائداعظم کے سنہری اصولوں پر عمل میں ہی مضمر ہے ۔مسلم لیگ ن قائداعظم کے ویژن کے مطابق ایک مضبوط فلاحی مملکت تعمیر کر رہی ہے۔قائداعظم نے قانون کی حکمرانی اور مساوات کی بنیاد رکھی۔صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ یوم قائداعظم ہمیں قومی یکجہتی اور ذمہ داری کا احساس دلاتا ہے۔قائدِ اعظم محمد علی جناح کی قیادت اور سیاسی بصیرت کی بدولت ہم آزاد ملک میں سانس لے رہے ہیں۔تقریب میں قائد مسلم لیگ ن میاں محمد نواز شریف کو سالگرہ کی بھی مبارکباد دی۔مریم نواز شریف قائداعظم کے پاکستان کی عملی تعبیر کرنے میں کوشاں ہیں۔اس موقع پر ملک کی سلامتی اور خوشحالی کے لئے بھی دعا کی گئی۔قبل ازیں پی پی 150 میں قائداعظم محمد علی جناح، قائد مسلم لیگ ن میاں محمد نواز شریف کی سالگرہ اور کرسمس کی مشترکہ تقریب منعقد ہوئی جس میں صوبائی وزیر صحت وآبادی خواجہ عمران نذیر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی ۔

## غزہ جنگ بندی معاہدے کا دوسرا مرحلہ، اسرائیل ٹال مٹول کررہا ہے، امریکا

### اسرائیل کی جانب سے ایندھن کی فراہمی روکنے کے بعد وسطی غزہ میں نصیرات کیمپ کے العودہ ہسپتال کی بجلی منقطع ہوگئی

واشنگٹن (این این آئی )امریکا نے الزام عائد کیا ہے کہ اسرائیل غزہ جنگ بندی معاہدے کے دوسرے مرحلے پر عمل درآمد میں تاخیر اور ٹال مٹول سے کام لے رہا ہے۔ایک امریکی ذریعے نے اسرائیلی ٹی وی چینل 12 کو بتایا کہ تل ابیب نہ صرف معاہدے کی فنڈنگ اور نفاذ میں رکاوٹیں ڈال رہا ہے بلکہ جنگ بندی کی متعدد بار خلاف ورزی بھی کر چکا ہے۔ذرائع کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ 29 دسمبر کو واشنگٹن میں اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو سے ملاقات کے دوران جنگ بندی پر مکمل عمل درآمد کا مطالبہ کریں گے اور ٹرمپ اس ملاقات میں جنگ بندی کے بعد غزہ میں ہونے والی فلسطینی ہلاکتوں کا معاملہ بھی اٹھائیں گے۔دوسری جانب اسرائیلی میڈیا کے مطابق بنیامین نیتن یاہو غزہ معاہدے کے دوسرے مرحلے میں داخل ہونے کے حوالے سے صدر ٹرمپ کے مشیروں کی رائے سے متفق نہیں ہیں۔اسرائیلی اخبار کے مطابق نیتن یاہو اور ٹرمپ کی ملاقات کے بعد غزہ سے متعلق اہم اعلانات متوقع ہیں۔اسرائیلی ذرائع کے مطابق وائٹ ہاؤس میں ہونے والی اس ملاقات کے بعد ایک مشترکہ اعلامیہ جاری کیا جاسکتا ہے، جس میں دو نئے اداروں کے قیام کا اعلان ہوگا۔ا

## 2025، خیبر پختونخوا میں کتے کے کاٹنے کے 87 ہزار 364 واقعات رپورٹ

### ماہرین صحت کا کتے کے کاٹنے کے بڑھتے واقعات پر تشویش کا اظہار

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں کتے کے کاٹنے کے واقعات میں خطرناک حد تک اضافہ ہو گیا۔محکمہ صحت کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال کے مقابلے میں رواں سال کتے کے کاٹنے کے کیسز میں 27 ہزار سے زائد اضافہ ہوا ہے تاہم سال 2025 کے دوران صوبے بھر میں کتے کے کاٹنے کے 87 ہزار 364 کیسز رپورٹ ہوئے جبکہ سال 2024 میں یہ تعداد 60 ہزار 223 تھی۔اعدادوشمار کے مطابق صوبے میں سب سے زیادہ کیسز ضلع مردان میں سامنے آئے جہاں 13 ہزار 328 افراد کتے کے کاٹنے سے متاثر ہوئے، پشاور میں 2024 کے دوران کتے کے کاٹنے کے 655 کیسز رپورٹ ہوئے تھے

پیپلز پارٹی خیبر پختونخواہ ڈیرہ اسماعیل خان کے ایم پی اے احمد خان کنڈی سے پیپلز پارٹی کے رہنما نعمت کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہی ہیں۔

## سابق صدرِ پاکستان فضل الٰہی چوہدری کی سالگرہ یکم جنوری کو منائی گئی

مکوآنہ (این این آئی) سابق صدرِ پاکستان فضل الٰہی چوہدری کی سالگرہ یکم جنوری کو منائی گئی۔فضل الٰہی چوہدری یکم جنوری 1904ء کو مرالہ، تحصیل کھاریاں ضلع گجرات میں پیدا ہوئے تھے۔وہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے فارغ التحصیل تھے۔تحریک پاکستان میں انہوں نے مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے حصہ لیا اور 1946ء میں پنجاب اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔قیام پاکستان کے بعد وہ پنجاب کے وزیر تعلیم اور وزیر صحت رہے۔1956ء میں وہ مغربی پاکستان اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے

## جہانیاں شہر کے نجی کلینک میں مبینہ طور پر آپریشن میں غفلت پر زچہ بچہ جاں بحق

جہانیاں (این این آئی) جہانیاں شہر کے نجی کلینک میں مبینہ طور پر آپریشن میں غفلت پر زچہ بچہ جاں بحق، ورثاء کی مشتعل ہو کر کلینک میں توڑ پھوڑ، متعدد تھانوں کی پولیس تعینات ، پولیس تھانہ جہانیاں نے ڈاکٹر اس کی اہلیہ اور سٹاف کے خلاف قتل کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے کلینک کو سیل کر دیا ہے۔

## بینظیر بھٹو کا سیاسی وژن آج بھی عوام کے دلوں میں زندہ ہے، گورنر خیبر پختونخوا

### بینظیر بھٹو جمہوریت، آئین کی بالادستی، اور عوامی حقوق کی جدوجہد کی ایک روشن علامت تھیں

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے سابق وزیراعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی کی قائد شہید بینظیر بھٹو کی 18 ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ شہید بینظیر بھٹو جمہوریت، آئین کی بالادستی، اور عوامی حقوق کی جدوجہد کی ایک روشن علامت تھیں، بینظیر بھٹو نے آمریت کے خلاف بے مثال قربانیاں دیں اور ملک میں جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے اپنی پوری زندگی وقف کی۔شہید بینظیر بھٹو نہ صرف پاکستان بلکہ عالمِ اسلام کی پہلی خاتون وزیراعظم تھیں جنہوں نے خواتین کو بااختیار بنانے، عوامی فلاح، اور سماجی انصاف کے لیے عملی اقدامات کیے۔گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ شہید محترمہ کا سیاسی وژن آج بھی عوام کے دلوں میں زندہ ہے اور ان کی جدوجہد آئندہ نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت کے استحکام اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے کردار ادا کیا ہے۔

## جنوبی وزیرستان میں صحت کی سہولیات کی بہتری سے متعلق اجلاس

### جنوبی وزیرستان کے تمام بی ایچ یوز کو اپ گریڈیشن سکیم میں شامل کیا جائے گا، خلیق الرحمٰن

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیرِ صحت خلیق الرحمٰن کی زیرِ صدارت پشاور میں جنوبی وزیرستان میں صحت کی سہولیات کی بہتری سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں رکنِ صوبائی اسمبلی محمد آصف خان محسود، سیکرٹری صحت، ڈپٹی چیف پلاننگ آفیسر (P&D)، ریجنل ڈائریکٹر ساؤتھ ریجن ڈاکٹر کامران زکریا، منیجنگ ڈائریکٹر ہیلتھ فاؤنڈیشن ڈاکٹر خضر حیات اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جنوبی وزیرستان اپر ڈاکٹر طفیل شیرانی نے شرکت کی۔ یہ اجلاس رکنِ صوبائی اسمبلی پی کے-109- جنوبی وزیرستان، محمد آصف خان محسود کی خصوصی کاوشوں سے منعقد کیا گیا۔جس میں جنوبی وزیرستان میں عوام کو شعبہ صحت کے حوالے سے درپیش مسائل سمیت جاری اور آئندہ کے ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔اجلاس میں مولہ خان سرائے ہسپتال کے حوالے سے بتایا گیا کہ ایم پی اے محمد آصف خان محسود اور محکمہ صحت کی مسلسل کاوشوں کے نتیجے میں ہسپتال کے عملے کی بھرتی کا اشتہار جاری کر دیا گیا ہے، صوبائی وزیرِ صحت نے یقین دہانی کروائی

کوئٹہ: بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بی ایف سی سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، سی ای او قائم لاشاری بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں

## فیصل آباد کے 21 مرکزی شاہراؤں پر عرصہ دراز سے بند سٹریٹ لائٹس فعال

مکوآنہ (این این آئی) روشن فیصل آباد پروگرام پر تیز رفتار عملدرآمد جاری ہے، اس ضمن میں شہر کی 21 مرکزی شاہراؤں پر عرصہ دراز سے بند سٹریٹ لائٹس روشن ہوگئی ہیں۔کمشنر فیصل آباد راجہ جہانگیر انور نے بتایا کہ جیل روڈ، الائیڈ ہسپتال روڈ اور بلال روڈ، سرینا روڈ، لنکس روڈ سول لائنز، کمشنر آفس روڈ، کچہری روڈ، ایف آئی سی ہسپتال روڈ اور ٹیچنگ ہسپتال غلام محمد آباد روڈ پر سٹریٹ لائٹس 100 فیصد فعال ہوچکی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ عزیز فاطمہ ہسپتال روڈ، کینال روڈ ویسٹ سائیڈ، ناولٹی پل روڈ پر بھی سٹریٹ لائٹس فنکشنل ہیں۔

## سیاست میں بات چیت کے دروازے بند نہیں ہوتے، حکومت فیل ہوچکی ہے، سینیٹر مولانا عبدالواسع

### زیادہ دیر تک یہ حکومت چلنے والی نہیں، عوام سڑکوں پر نکلنے کیلئے مولانا فضل الرحمان کی کال کے منتظر ہیں، جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر

لورالائی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ سیاست میں بات چیت کے دروازے بند نہیں ہوتے حکومت فیل ہوچکی ہے زیادہ دیر تک یہ حکومت چلنے والی نہیں عوام سڑکوں پر نکلنے کیلئے مولانا فضل الرحمان کی کال کے منتظر ہیں بعض سیاسی جماعتوں نے اپنی واضح شکست کو دیکھتے ہوئے کوئٹہ کے بلدیاتی الیکشن ملتوی کرنے کیلئے عدالت سے التواء حاصل کیا ہم واضح اکثریت سے 28 دسمبر کو کلین سوئپ کررہے تھے جب بھی الیکشن ہونگے بھرپور حصہ لینگے۔یہ بات انہوں نے لورالائی میں کلی ژڑ کاریز میں رحمت اللہ ٹھیکیدار کے گھر پر عصرانے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کو 2018 اور 8 فروری 2024 کے عام الیکشن میں ہروایا گیا ہمیں دیوار سے نہ لگایا جائے ہم ملک کے اصل خیر خواہ ہیں اور جمہوری جدوجہد پر یقین رکھتے ہیں ہم ملک میں بندوق کے زور پر اقتدار میں آنے پر یقین ہرگز نہیں رکھتے بلکہ آئین کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے پارلیمانی طور پر الیکشن کے ذریعے اسمبلیوں میں پہنچنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم پی آئی اے کی 135 ارب میں نجکاری کی مخالفت کرتے ہیں

## 70 سے زائد پاورلومز بند 2025 بھی فیصل آباد کی صنعت کیلئے بہتر ثابت نہ ہوسکا

مکوآنہ (این این آئی) سال 2025 فیصل آباد کی صنعت کے لیے ملا جلا سال رہا 2025 کی شروعات بہتر انداز میں ہوئی مگر چند ماہ بعد ہی ایکسپورٹ میں کمی آنا شروع ہوگئی، مجموعی طور پر یہ سال صنعتکاروں کے لیے نقصان دہ ثابت ہوا۔گزشتہ برس کی طرح سال 2025 بھی صنعت کے لیے بہتر ثابت نہ ہوسکا

## بانی نے محمود اچکزئی اور راجہ ناصر عباس کو مذاکرات کا اختیار دیا ہے، اخونزادہ حسین

### فواد چوہدری کی نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی سے ہمارا کوئی لینا دینا نہیں، نہ ہم اہمیت دیتے ہیں، ترجمان تحریک تحفظ آئین

اسلام آباد(این این آئی) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ترجمان اخونزادہ حسین نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے محمود اچکزئی اور راجہ ناصر عباس کو مذاکرات کا اختیار دیا ہے۔ایک انٹرویو میں اخونزادہ حسین نے کہا کہ ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے نئے میثاق کی ضرورت ہے، محمود اچکزئی نے کہا تھا ہمارے مذاکرات کا مرکز اڈیالہ جیل ہوگا اور وہیں سے رہنمائی لیں گے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی کی بات کی ہے، اپوزیشن مذاکرات کیلئے پہل نہیں کرتی، حکومت پہل کرتی ہے، ہم نے حکومت کے مذاکرات کی پیشکش کا جواب دے دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ فضل الرحمان قابل احترام ہیں، انہیں قومی کانفرنس میں مدعو کیا تھا، انہوں نے کراچی میں مصروفیت کے باعث شرکت کرنے سے معذرت کی تھی۔اخونزادہ حسین نے کہا کہ تحریک تحفظ آئین اور مولانا فضل الرحمان کے بیانیے میں بہت حد تک یکسانیت ہے۔

## گرینڈ الائنس کے تمام مطالبات برحق، جائز اور آئینی ہیں، نصراللہ خان زیرے

### ان مطالبات کو فی الفور تسلیم کرتے ہوئے ان پر بلاتاخیر عمل درآمد کو یقینی بنائے، صوبائی صدر

کوئٹہ (یو این اے ) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ گرینڈ الائنس کے تمام مطالبات برحق، جائز اور آئینی ہیں اور حکومت کو چاہیے کہ ان مطالبات کو فی الفور تسلیم کرتے ہوئے ان پر بلاتاخیر عمل درآمد کو یقینی بنائے۔انہوں نے واضح کیا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ملازمین کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ان کی جائز جدوجہد میں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے ملازمین کے گرینڈ الائنس کے احتجاجی کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کا ایک وفد بھی موجود تھا، جس میں صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی آفس سیکرٹری نداسنگر، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز فیاض خان اور محمود ریاض، پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے رکن محبت خان مندوخیل، پارٹی اراکین انجینئر ملک شعیب خان، سیدنور اچکزئی، اجمل خان اور دیگر شامل تھے۔گرینڈ الائنس کے احتجاجی کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے پہلے ہی گرینڈ الائنس کے مطالبات تسلیم کرنے کا وعدہ کیا تھا، مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اب تک ان وعدوں پر کوئی عملی پیش رفت نظر نہیں آ رہی، جو حکومت کی نااہلی اور وعدہ خلافی کا واضح ثبوت ہے۔مقررین نے کہا کہ گرینڈ الائنس کا چارٹر آف ڈیمانڈ مکمل طور پر جائز اور آئینی تقاضوں کے عین مطابق ہے، جسے تسلیم کرنا حکومت پر لازم ہے۔مطالبات میں شامل ہے کہ تمام سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں مہنگائی کے تناسب سے فوری اضافہ کیا جائے، ملازمین کی تنخواہوں میں موجود تفریق اور عدم مساوات کا خاتمہ کیا جائے، پنشن رولز میں اصلاحات کے نام پر جاری ملازم دشمن نوٹیفکیشنز فوری طور پر واپس لیے جائیں، اور ریٹائرمنٹ کا عمل پنجاب کے طرز پر خودکار اور آن لائن کیا جائے۔انہوں نے مزید مطالبہ کیا کہ اداروں کی نجکاری اور پرائیوٹائزیشن کے عمل کو فوری طور پر روکا جائے، کنٹریکٹ اور ایڈہاک تعیناتیوں کا سلسلہ ختم کیا جائے، تمام ملازمین کے ہاس رینٹ، میڈیکل الائنس اور کنوینس الائنس میں سو فیصد اضافہ کیا جائے، جبکہ اے جی آفس سے مالی اختیارات واپس لے کر ضلعی سطح پر خزانہ دفاتر کو منتقل کیے جائیں

## مسلم لیگ ن صوبے میں ایک مضبوط اور منظم سیاسی جماعت کے طور پر ابھر رہی ہے، اختر بی بی

### پارٹی کی جڑیں عوام میں گہری ہیں اور لوگوں کی خصوصاً خواتین کی، دن بدن شمولیت سے پارٹی مزید منظم اور مضبوط ہورہی ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کی صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری اور ممبر قومی اسمبلی اختر بی بی نے ڈیرہ مراد جمالی نصیرآباد میں خواتین کی جانب سے پارٹی میں شمولیت کے پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن صوبے میں ایک مضبوط اور منظم سیاسی جماعت کے طور پر ابھر رہی ہیانہوں نے کہا کہ پارٹی کی جڑیں عوام میں گہری ہیں اور لوگوں کی خصوصاً خواتین کی، دن بدن شمولیت سے پارٹی مزید منظم اور مضبوط ہورہی ہے یہ شمولیت پارٹی کے نظریے اور قیادت پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہےاس موقع پر پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ اور صوبائی جنرل سیکرٹری ندہت خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے عوام خصوصاً نصیرآباد ڈویژن کے عوام خوش قسمت ہیں کہ انہیں اختر بی بی کی شکل میں ایک نڈر، بہادر اور خدمت خلق سے سرشار رہنما ملی ہے انہوں نے کہا کہ اختر بی بی پارٹی کے مرکزی صدر میاں محمد نواز شریف، شہباز شریف اور مریم نواز کا پیغام پورے صوبے میں گھر گھر پہنچا رہی ہیں اور مستقبل میں پارٹی کو مزید فعال بنائیں گی۔ان کی قیادت میں پارٹی کو نئی بلندیوں تک لے جانے کا عزم کیا گیا ہے۔

## گورنر نے پنجاب لینڈ ریونیو اور غیر منقولہ جائیداد تحفظ ترمیمی آرڈیننس جاری کردیئے

### ترمیمی آرڈیننس کا مقصد زمین کے مالکان کو سہولت فراہم کرنے کے لئے اراضی کے معاملات میں شفافیت، کارکردگی اور جوابدہی کے نظام کو مضبوط بنانا ہے، رپورٹ

لاہور (جی این ایم) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے پنجاب لینڈ ریونیو (ترمیمی) آرڈیننس اور غیر منقولہ جائیداد وملکیت تحفظ (ترمیمی) آرڈیننس 2026 جاری کردیئے ترمیمی آرڈیننس سے پنجاب لینڈ ریونیو میں ڈیجیٹل نظام اور جدت کی ترویج ہوگی، ترمیمی آرڈیننس کا مقصد زمین کے مالکان کو سہولت فراہم کرنے کے لئے اراضی کے معاملات میں شفافیت، کارکردگی اور جوابدہی کے نظام کو مضبوط بنانا ہے پنجاب لینڈ ریونیو ترمیمی آرڈیننس میں قبضے کی منتقلی اور زر واصلات منافع کے ساتھ زمین کی تقسیم پر بات کی گئی، اپیلوں، نظرثانی کے عمل میں اصلاحات کا طریقہ کار متعارف کرایا گیا ہے، الیکٹرانک ڈیجیٹل ذرائع سے سمن، نوٹسز اور اعلان کا طریقہ کار وضع کیا گیا ہے نئے قانون کے تحت زمینوں کی حدبندی اور غیر قانونی قابضین کی بے دخلی کے لیے قانونی طریقہ کار مرتب کیا جائے گا، اراضی انتقال کے لیے ای رجسٹریشن سسٹم متعارف کرایا جائے گا،

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو نیشنل ورکشاپ کے شرکاء شیلڈ پیش کررہے ہیں۔

## ملائیشیا، سابق وزیراعظم 569 ملین ڈالر کرپشن کیس میں مجرم قرار

### ایک اور کرپشن کیس میں اسیر سابق وزیراعظم نجیب رزاق کو اس کیس میں سزا کا اعلان بعد میں کیا جائے گا

کوالالمپور (این این آئی) ملائیشیا کی عدالت نے سابق وزیراعظم نجیب رزاق کو ایک اور بڑے مالیاتی اسکینڈل میں اختیارات کے ناجائز استعمال اور منی لانڈرنگ کے الزامات میں مجرم قرار دیدیا۔عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ فیصلہ ریاستی سرمایہ کاری فنڈز میں خرد برد کے کیس میں سنایا گیا جس میں اربوں رنگٹ کی کرپشن کی گئی تھی۔عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ 72 سالہ نجیب رزاق کو اختیارات کے ناجائز استعمال کے چار اور منی لانڈرنگ کے 21 الزامات میں قصوروار پایا گیا۔عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ سابق وزیراعظم نے تقریباً 2.3 ارب ملائیشین رنگٹ، جو اس وقت کے سرکاری زرِمبادلہ کے مطابق تقریباً 569 ملین امریکی ڈالر بنتے ہیں ریاستی فنڈ سے غیر قانونی طور پر حاصل کیے تھے۔یہ فیصلہ 7 برس تک جاری رہنے والی عدالتی کارروائی کے سامنے آیا ہے جب کہ اس کیس میں سزا کا اعلان بھی بعد میں کیا جائے گا۔اس کیس میں استغاثہ نے 76 گواہوں کے بیانات ریکارڈ کرائے۔یاد رہے کہ نجیب رزاق 2022 سے جیل میں ہیں۔ چند روز قبل عدالت نے سابق وزیراعظم کی یہ درخواست بھی مسترد کردی تھی کہ باقی سزا انھیں گھر پر نظر بندی کی صورت میں پوری کرنے کی اجازت دی جائے۔سابق وزیراعظم کے حامیوں کا ایک حلقہ اب بھی انھیں سیاسی انتقام کا نشانہ قرار دیتا ہے اور فیصلوں کو غیر منصفانہ کہتا ہے

## حریت کانفرنس کی طرف سے بانی پاکستان قائداعظم کو خراج عقیدت

### پاکستان تبھی مکمل ہوگا جب جموں وکشمیر بھارتی قبضے سے آزاد ہو کر اس کا حصہ بنے گا

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کو ان کے 149 ویں یوم پیدائش پر شاندار خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ قائداعظم ایک انتہائی دوراندیش رہنما تھے جنہوں نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے علیحدہ وطن کے لیے جدوجہد کی قیادت کی اور بالآخر اسے حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام تحریک پاکستان کا حصہ رہے جنہوں نے قیام پاکستان سے تقریباً ایک ماہ پہلے 19 جولائی 1947 کو مملکت خداداد کیساتھ الحاق کی قرارداد پاس کی۔انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام پاکستان سے بے پناہ محبت کرتے ہیں

## مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان نے بجلی کے بلوں میں اضافے اور طویل لوڈشیڈنگ پر تشویش کا اظہار

### شفاف ریڈنگ اور اضافی چارجز کے خاتمے کے بغیر احتجاج کی صورت اختیار ہوسکتی ہے، کاشف حیدری

کوئٹہ (یو این اے ) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے بجلی کے بلوں میں ہوشربا اضافے، گھنٹوں طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، یونٹس کی تقسیم میں تضاد اور تاجروں سمیت عام صارفین سے بلاجواز اضافی وصولیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔کاشف حیدری نے کہا کہ یہ ظالمانہ اقدامات غریب عوام کا جینا دوبھر کررہے ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ شفاف ریڈنگ، بجلی کے بلز میں اضافی ٹیکسز اور لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے تاکہ عوام اور تاجروں کو ریلیف ملے۔انہوں نے مزید کہا کہ بجلی کے بل اس قدر پیچیدہ اور ناقابل فہم بنائے گئے ہیں کہ صارفین اپنے اصل استعمال کا درست اندازہ نہیں لگا سکتے

## مہنگائی سے عوام کا معاشی قتل ہورہا ہے، عبدالقادر لونی

### گزشتہ پچھتر سالوں سے ملک بیرونی قرضوں سے نجات کے بجائے مزید دلدل میں دھنستا جارہا ہے

کوئٹہ (یو این اے ) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈووکیٹ، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی اور مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا ہے کہ ملک معاشی طور پر دیوالیہ ہوچکا ہے اور حکمران عالمی مالیاتی اداروں کی ہر جائز و ناجائز شرط تسلیم کررہے ہیں۔مرکزی رہنماں نے کہا کہ اداروں کی نجکاری، بجلی کے بھاری بل، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ اور مختلف ٹیکسز کے نفاذ سے قوم کا خون نچوڑا جارہا ہے۔

## پی آئی اے فروخت کرنا قومی مفادات کے ساتھ کھلا مذاق ہے، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

### ریاستی اداروں اور اسٹیبلشمنٹ کے گٹھ جوڑ پر مبنی ایک سوچا سمجھا منصوبہ قرار دیا گیا ہے، مرکزی سیکریٹریٹ

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکریٹریٹ سے جاری کردہ ایک تفصیلی پریس ریلیز میں پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) کی نجکاری کو یکسر مسترد کرتے ہوئے اسے عالمی اور ملکی استعماری مالیاتی اداروں، ریاستی اداروں اور اسٹیبلشمنٹ کے گٹھ جوڑ پر مبنی ایک سوچا سمجھا منصوبہ قرار دیا گیا ہے۔بیان میں کہا گیا ہے کہ قومی ادارہ پی آئی اے، اس کا طیارہ بیڑا، اثاثہ جات اور ملک بھر میں موجود کھربوں روپے مالیت کی قیمتی جائیدادوں کو محض 135 ارب روپے میں فروخت کرنا قومی مفادات کے ساتھ کھلا مذاق ہے، جبکہ اس تمام عمل پر پاکستان پیپلز پارٹی کی مجرمانہ خاموشی انتہائی افسوس ناک اور قابلِ گرفت ہے۔پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ پی آئی اے کی نجکاری کے عمل میں فوجی فرٹیلائزر اور دیگر ریاستی اداروں کا شامل ہونا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ اس پورے نجکاری پروگرام میں ریاستی ادارے اور اسٹیبلشمنٹ براہِ راست شریک ہیں۔بیان میں واضح کیا گیا ہے کہ 135 ارب روپے کی رقم درحقیقت عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہے، کیونکہ اس رقم میں سے حکومت کو صرف 10 ارب روپے ملیں گے، جبکہ باقی 92.5 فیصد رقم نجی کنسورشیم کو واپس چلی جائے گی اور حکومت کا حصہ محض 7.5 فیصد رہ جائے گا۔بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ امر نہایت تشویشناک ہے کہ پی آئی اے کی کراچی، اسلام آباد، لاہور، پشاور، کوئٹہ اور دیگر شہروں میں موجود دفاتر، اراضی اور دیگر قیمتی جائیدادوں کی مجموعی مالیت کھربوں روپے میں ہے، جنہیں انتہائی کم قیمت پر فروخت کردیا گیا۔

## باغ کو بااختیار بنانا محض سیاسی وعدہ نہیں بلکہ نظریاتی جدوجہد تھی، سردار قمر زمان

### جو قیادت تعلیم کو اپنی اولین ترجیح بناتی ہے وہی قوموں کو پسماندگی سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے

باغ (این این آئی)تعلیم، سیاست اور عوامی خدمت کو یکجا کرتے ہوئے سابق سینئر وزیر آزاد کشمیر سردار قمر الزمان نے کہا ہے کہ قوموں کی تقدیر کا فیصلہ تعلیمی اداروں میں ہوتا ہے، اور جو قیادت تعلیم کو اپنی اولین ترجیح بناتی ہے وہی قوموں کو پسماندگی سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے، باغ جیسے نظرانداز کیے گئے خطے کو تعلیمی میدان میں بااختیار بنانا محض سیاسی وعدہ نہیں بلکہ ایک نظریاتی جدوجہد تھی، جس کے لیے میں نے اپنی وزارت، سیاست اور ذاتی مفادات کو بھی داؤ پر لگا دیا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن باغ کی سلور جوبلی تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔سابق قائمقام وزیراعظم آزاد کشمیر سردار قمر الزمان نے کہا کہ گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن باغ کا قیام کسی رعایت یا احسان کا نتیجہ نہیں بلکہ باغ کے عوام کا بنیادی حق تھا، جسے شدید سیاسی دباؤ، رکاوٹوں اور مشکلات کے باوجود حاصل کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ اگرچہ اس ادارے کا باضابطہ افتتاح راولاکوٹ میں سابق وزیراعظم آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور اس وقت کے صدر آزاد کشمیر غازی ملت سردار ابراہیم خان نے کیا، تاہم یہ ادارہ باغ کے لیے منظور شدہ تھا اور میں نے اسے باغ کے عوام کے لیے چھین کر یہاں منتقل کروایا۔سردار قمر الزمان نے کہا کہ اگر بچے اور بچیاں یکساں مواقع پاکر آگے بڑھیں تو آزاد کشمیر نہ صرف تعلیمی بلکہ معاشی اور سیاسی طور پر بھی خودمختار اور خوشحال بن سکتا ہے۔

## عوام کی بے لوث خدمت ہمارا وژن ہے، سردارزادہ فیصل خان جمالی

### قائد ملت محمد علی جناح شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید رانی بے نظیر بھٹو کی ویژن کو پایا تکمیل تک پہنچا کر دم لیں گے

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر لائیوسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ قائد ملت محمد علی جناح شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید رانی بے نظیر بھٹو کی ویژن کو پایا تکمیل تک پہنچا کر دم لیں گے سیاست کو عبادت سمجھتے ہیں اقتدار ہرگز ہماری منزل نہیں عوام کی بے لوث خدمت ہمارا وژن ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے بولان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا اس موقع پر استا محمد بچاؤ تحریک کے صدر معروف قوم پرست رہنما محمد حنیف بختیارزئی بلوچ بلدیاتی کونسلر محمد اکمل سومرو اور سینئر صحافی سونا خان جمالی بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ قائد ملت محمد علی جناح شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید رانی بے نظیر بھٹو کی پالیسیوں پر عمل پیرا ہو کر ملک کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے ہمیں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ امن کی بحالی اور عوام کی جان و مال کی تحفظ کے لیے فورسز کے جوانوں نے لازوال قربانیاں دی ہیں ان کی قربانیوں کو ہرگز فراموش نہیں کیا جا سکتا دہشت گردی کے خاتمے کے لیے بلوچستان کی محب وطن عوام اپنے فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں ایک سوال پر سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ حلقہ انتخاب اوستا محمد کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے بہت جلد ماسٹر پلان کے تحت ترقی کا عمل شروع ہوگا اور عوام کو زندگی کی تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی عام انتخابات میں عوام سے کیے گئے تمام وعدے وفا ہوں گے

## لاہور ہائی کورٹ نے بھائی بہن کے درمیان 16 سال پرانا وراثتی جائیداد کا تنازع حل کر دیا

### بھائی نے اپنے حق میں زبانی تحفے کے ذریعے بہن کو وراثتی جائیداد میں حصے سے محروم کیا، عدالت

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائی کورٹ نے بھائی بہن کے درمیان 16 سال پرانا وراثتی جائیداد کا تنازع حل کر دیا عدالت نے وراثتی جائیداد سے بہن کو حصہ دینے کا سیشن کورٹ کا فیصلہ درست قرار دیتے ہوئے بھائی کا وراثتی جائیداد زبانی تحفے میں ملنے کا دعوی مسترد کر دیا۔جسٹس رسال حسن سید نے شہری محمد ریاض کی اپیل پر نوصفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا فیصلے کے مطابق درخواست گزار کا کہنا ہے کہ والد نے 2009 میں ساری جائیداد زبانی تحفے کے ذریعے اس کے نام کردی تاہم درخواست گزار زبانی تحفے میں ملنے والی جائیداد کے ثبوت پیش نہیں کرسکا فیصلے میں کہا گیا کہ بھائی نے اپنے حق میں زبانی تحفے کے ذریعے بہن کو وراثتی جائیداد میں حصے سے محروم کیا زبانی تحفے کا بینیفشری ہونے کے ناطے درخواست گزار کی ذمہ داری ہے کہ وہ تحفے کو ثابت کرے درخواست گزار نہیں بتا سکا کہ تحفہ کب، کہاں، کس وقت اور کن گواہوں کی موجودگی میں دیا گیا ۔فیصلے کے مطابق درخواست گزار نے اعتراض عائد کیا کہ بہن نے تاخیر سے دعوی دائر کیا بھائی غیر قانونی طور پر مرحوم باپ کی وراثتی جائیداد سے بہن کا حق ہتھیانے کی کوشش کر رہا تھا فیصلے میں کہا گیا کہ وراثتی حق سے متعلق دعوی محض مدتِ معیاد کی بنیاد پر ناقابل سماعت قرار نہیں دیا جاسکتا والد کے انتقال کے بعد 2009 میں وراثتی جائیداد بھائی اور بہن کو منتقل ہوئی لہذا عدالت درخواست گزار کی اپیل کو میرٹ پر مسترد کرتی ہے۔

## برسوں سے ناکارہ پڑا آکسیجن جنریشن پلانٹ مکمل طور پر مرمت کر کے فعال کردیا گیا

### ہمیں اپنے اللہ تعالیٰ پر مکمل بھروسہ ہے اور اسی یقین کے ساتھ ہم درپیش تمام چیلنجز پر قابو پائیں گے، پروفیسر ڈاکٹر صالح محمد چنا

سکھر (نمائندہ بولان) عابد سلیم صاحب، کمشنر سکھر کی خصوصی معاونت اور پروفیسر ڈاکٹر صالح محمد چنا کی ذاتی دلچسپی و مسلسل کاوشوں سے جی ایم سی ہسپتال سکھر میں برسوں سے ناکارہ پڑا آکسیجن جنریشن پلانٹ مکمل طور پر مرمت کر کے فعال کر دیا گیا ہے۔ آکسیجن پلانٹ کی بحالی سے نہ صرف مریضوں کے علاج معالجے میں نمایاں بہتری آئے گی بلکہ ہسپتال کے آکسیجن کی خریداری پر اٹھنے والے اخراجات میں بھی خاطر خواہ کمی واقع ہوگی، جس سے سرکاری وسائل کی بچت ممکن ہو سکے گی۔ہسپتال ذرائع کے مطابق آکسیجن جنریشن پلانٹ طویل عرصے سے خراب ہونے کے باعث مریضوں کو درپیش مشکلات میں اضافہ ہو رہا تھا اور ہسپتال انتظامیہ کو مہنگے آکسیجن سلنڈرز پر انحصار کرنا پڑ رہا تھا۔ تاہم کمشنر سکھر عابد سلیم کی سرپرستی اور پروفیسر ڈاکٹر صالح محمد چنا کی نگرانی میں تکنیکی ٹیم نے پلانٹ کی مرمت مکمل کر کے اسے دوبارہ قابلِ استعمال بنا دیا۔اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر صالح محمد چنا نے کہا کہ ہمیں اپنے اللہ تعالیٰ پر مکمل بھروسہ ہے اور اسی یقین کے ساتھ ہم درپیش تمام چیلنجز پر قابو پائیں گے۔انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے اور آکسیجن پلانٹ کی بحالی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔دریں اثنا میڈیکل سپرنٹنڈنٹ جی ایم سی ہسپتال سکھر ڈاکٹر احمد مجتبیٰ نے کہا کہ آکسیجن پلانٹ کی بحالی کے بعد ہسپتال میں دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری پر بھی کام جاری ہے۔انہوں نے بتایا کہ مردہ خانے (مارچری) کی کولڈ چین کی مرمت کا عمل بھی جلد شروع کر دیا جائے گا تاکہ اس اہم سہولت کو بھی مکمل طور پر فعال بنایا جا سکے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان شاءاللہ ہسپتال میں تمام شعبہ جات کو مرحلہ وار بہتر بنایا جائے گا۔شہری حلقوں اور مریضوں کے لواحقین نے آکسیجن جنریشن پلانٹ کی بحالی پر کمشنر سکھر، پروفیسر ڈاکٹر صالح محمد چنا اور ہسپتال انتظامیہ کی کوششوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ جی ایم سی ہسپتال سکھر میں طبی سہولیات کا معیار مزید بہتر ہوگا اور عوام کو براہِ راست اس کے مثبت ثمرات حاصل ہوں گے۔

## پارلیمانی سیکرٹری الحاج ولی محمد نورزئی کی بلاتفریق عوامی خدمت، پشتون آباد میں ترقیاتی وفلاحی کام جاری

### حاجی ولی محمد نورزئی کی قیادت میں منصوبے شفافیت اور عوامی مشاورت کے ساتھ مکمل ہورہے ہیں، بسم اللہ خان کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) کاروان کے پشتون آباد، کاکڑ کالونی واچکزئی کالونی علاقائی کمیٹی کے صدر ڈاکٹر بسم اللہ خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر الحاج ولی محمد نورزئی اپنے حلقہ انتخاب میں بلاتفریق عوامی خدمت کی روشن مثال ہیں۔ڈاکٹر بسم اللہ خان کاکڑ میں جاری ترقیاتی اور فلاحی کام عوامی مسائل کے عملی حل کے واضح ثبوت ہیں۔ان کی کارکردگی محض اعلانات تک محدود نہیں بلکہ عملی اقدامات پر مبنی ہے، جس سے سوشل ویلفیئر منصوبے، بنیادی سہولیات، مستحق خاندانوں کی معاونت اور گلی محلوں کی بہتری ممکن ہورہی ہے۔

## امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے ایران کے سفیر رضا امیری مقدم کی ملاقات

### غزہ کی صورتحال، اتحاد امت، پاک ایران گیس پائپ لائن اور باہمی دلچسپی کے موضوعات پر گفتگو

اسلام آباد( این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔اس موقع پر غزہ کی صورتحال، اتحاد امت، پاک ایران گیس پائپ لائن اور باہمی دلچسپی کے موضوعات پر گفتگو ہوئی۔ امیر جماعت اسلامی خیبر پختونخواہ پروفیسر ابراہیم اور ڈائریکٹر امور خارجہ جماعت اسلامی آصف لقمان قاضی بھی اس موقع پر موجود تھے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ غزہ پر تمام اسلامی ممالک اور خصوصی طور پر پاکستان، ایران، سعودی عرب اور ترکی کو مشترکہ جاندار اور دوٹوک موقف لینا ہوگا۔

## اے این ایف کارروائیوں میں 58 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد

### 10 کارروائیوں میں 11 ملزمان کو گرفتار کرکے 32.914 کلوگرام چرس برآمد کرلی گئی

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف کی مختلف کارروائیوں میں 58 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کرلی گئی۔ترجمان اینٹی نارکوٹکس فورس کے مطابق ملک بھر میں انسداد منشیات اسمگلنگ کریک ڈاؤن جاری ہے، اس دوران 10 کارروائیوں میں 11 ملزمان کو گرفتار کرکے 58 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 32.91 کلوگرام چرس برآمد کرلی گئی۔حکام نے راولپنڈی میں کوریئر آفس میں برطانیہ سے بھیجے گئے پارسل سے 24 گرام ویڈ برآمد کرلی۔دوسری جانب ایم ون موٹروے اسلام آباد کے قریب گاڑی میں چھپائی گئی 12 کلو چرس برآمد کرکے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔علاوہ ازیں اسلام آباد میں ایم ون موٹروے کے قریب ایک اور کارروائی میں ملزم سے 1.2 کلو چرس برآمد کرلی گئی۔ادھر گوادر میں جیوانی کے غیر آباد علاقے میں چھپائی گئی 10 کلو چرس برآمد کرلی گئی۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
قیمت 20 روپے
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760

# SPORTS

# سپورٹس

## بطور کپتان میرا کردار اپنے کرکٹرز کی حفاظت کرنا ہے، بین اسٹوکس

### جب آپ 0-3 سے سیریز ہار چکے ہوں تو جو بھی کہیں یا کریں، آس پر تنقید ہونا فطری ہے، کپتان

میلبرن (سپورٹس نیوز) انگلینڈ کی کرکٹ ٹیم کے کپتان بین اسٹوکس اپنے ساتھیوں کی حمایت میں سامنے آگئے اور کہا ہے کہ بطور کپتان میرا کردار اپنے کرکٹرز کی حفاظت کرنا ہے۔ گزشتہ روز میلبرن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بین اسٹوکس نے کہا کہ کھلاڑیوں کی ذہنی صحت میری سب سے اہم ترجیح ہے، مجھے خود اس طرح کے حالات کا براہِ راست تجربہ ہے کہ یہ انسان پر کیسے اثر ڈال سکتے ہیں۔ اسٹوکس نے کہا کہ بطور کپتان میرا کردار اپنے کرکٹرز کی حفاظت کرنا ہے، میں ہمیشہ اپنی پوری کوشش کروں گا کہ انہیں تحفظ فراہم کروں، ابھی یہی میری اصل ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کبھی آسان صورتحال نہیں ہوتی جب نہ صرف میڈیا بلکہ سوشل میڈیا بھی آپ پر حملہ آور ہو جائے، مشکل وقت میں جب آپ جانتے ہیں کہ آپ کے لیڈر ساتھ ہیں تو یہ احساس بہت حوصلہ دیتا ہے۔ اسٹوکس نے اعتراف کیا کہ جب آپ 0-3 سے سیریز ہار چکے ہوں تو جو بھی کہیں یا کریں، آس پر تنقید ہونا فطری ہے، ایسے حالات میں آپ کے پاس کسی بات کا جواز نہیں رہتا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ڈکٹ سے رابطہ کر کے ہر ممکن تعاون کی پیشکش کی ہے، وہ اس ٹیم کے لیے بہت اہم کھلاڑی ہیں، ابھی سیریز میں ہمارے 2 میچز باقی ہیں، ڈکٹ ایک انتہائی اثر انداز ہونے والی شخصیت ہیں۔ یاد رہے کہ ایشیز کے دوران چھٹیاں منانے اور زیادہ شراب نوشی پر انگلش پلیئرز کو تنقید کا سامنا ہے جبکہ بین ڈکٹ کی نشے میں دھت ایک ویڈیو بھی سامنے آچکی ہے۔ انگلینڈ کرکٹ بورڈ کھلاڑیوں کی شراب نوشی سے متعلق تحقیقات کا بھی اعلان کرچکا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

## ابرار احمد بنگلہ دیش پریمیئر لیگ میں حصہ نہیں لیں گے

### مسٹری سپنر کا نام اجازت کے بغیر نیلامی کی فہرست میں شامل کیا گیا

ڈھاکا (سپورٹس نیوز) مسٹری سپنر ابرار احمد بنگلہ دیش پریمیئر لیگ کے 12ویں ایڈیشن میں حصہ نہیں لیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انہیں چٹاگرام رائلز نے منتخب کیا تھا لیکن اجازت کے بغیر نام نیلامی کی فہرست میں شامل کیا گیا۔ جب فرنچائز نے رابطہ کیا تو ابرار نے واضح کیا کہ انہوں نے اس حوالے سے کوئی اجازت نہیں دی تھی۔ اس کے بعد رائلز نے انہیں کسی اور کھلاڑی سے تبدیل کر کے بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کو صورتحال سے آگاہ کردیا۔ مسٹری سپنر ابرار احمد بنگلہ دیش پریمیئر لیگ کے 12ویں ایڈیشن میں حصہ نہیں لیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انہیں چٹاگرام رائلز نے منتخب کیا تھا لیکن اجازت کے بغیر نام نیلامی کی فہرست میں شامل کیا گیا۔ جب فرنچائز نے رابطہ کیا تو ابرار نے واضح کیا کہ انہوں نے اس حوالے سے کوئی اجازت نہیں دی تھی۔ اس کے بعد رائلز نے انہیں کسی اور کھلاڑی سے تبدیل کر کے بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کو صورتحال سے آگاہ کردیا۔

☆☆☆☆☆



## لیونل میسی نے نئی رینکنگ میں کرسٹیانو رونالڈو کو پیچھے چھوڑ دیا

### ٹینس اسٹار سرینا ولیمز، دنیا کے تیز ترین انسان یوسین بولٹ اور باسکٹ بال سپر اسٹار لیبرون جیمز جیسے نامور کھلاڑی بھی شامل ہیں

آئرس بیونس (سپورٹس نیوز) انٹر میامی کے اسٹار فٹبالر لیونل میسی نے نئی رینکنگ میں کرسٹیانو رونالڈو کو پیچھے چھوڑ دیا۔ تفصیلات کے مطابق ارجنٹائن کے عالمی شہرت یافتہ کھلاڑی کو کینیڈین جریدے لی ژورنال ڈی کیوبیک کی جانب سے اکیسویں صدی کا بہترین ایتھلیٹ قرار دے دیا گیا ہے، اس حیران کن رینکنگ میں لیونل میسی نے نا صرف اپنے روایتی حریف کرسٹیانو رونالڈو کو پیچھے چھوڑ دیا بلکہ این ایف ایل لیجنڈ ٹام بریڈی سمیت کئی بڑے عالمی اسپورٹس اسٹارز کو بھی مات دے دی۔ یہ فہرست دنیا بھر کے مختلف کھیلوں سے تعلق رکھنے والے 25 بااثر ترین ایتھلیٹس پر مشتمل ہے، جنہیں ان کی غیر معمولی کامیابیوں، اعزازات اور عالمی اثر و رسوخ کی بنیاد پر منتخب کیا گیا ہے۔ این ایف ایل کے سات مرتبہ چیمپئن رہنے والے ٹام بریڈی اس فہرست میں دوسرے نمبر پر ہیں جبکہ 28 اولمپک میڈلز کے حامل تاریخ کے کامیاب ترین تیراک مائیکل فیلپس تیسری پوزیشن پر موجود ہیں۔ فہرست میں ٹینس اسٹار سرینا ولیمز، دنیا کے تیز ترین انسان یوسین بولٹ اور باسکٹ بال سپر اسٹار لیبرون جیمز جیسے نامور کھلاڑی بھی شامل ہیں۔ حیران کن طور پر فٹبال لیجنڈ کرسٹیانو رونالڈو اس فہرست میں دسویں نمبر پر رہے، جہاں وہ ٹینس کے نوواک جوکووچ، جمناسٹک آئیکون سمون بائلز اور باسکٹ بال لیجنڈ کوبی برائنٹ جیسے کھلاڑیوں سے پیچھے رہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

## ایشین انڈور اتھلیٹکس چیمپئن شپ کے لیے نیشنل گیمز کے پرفارمر کو نظر انداز کر دیا گیا

### ایشین انڈور اتھلیٹکس چیمپئن شپ 6 سے 8 فروری 2026 تک چین کے شہر تیانجن میں کھیلی جائیگی

لاہور (سپورٹس نیوز) ایشین انڈور اتھلیٹکس چیمپئن شپ کے لیے نیشنل گیمز کے پرفارمر کو نظر انداز کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایشین انڈور اتھلیٹکس چیمپئن شپ 6 سے 8 فروری 2026 تک چین کے شہر تیانجن میں کھیلی جائیگی۔ ذرائع کے مطابق اتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان اور پاکستان اولمپکس ایسوسی ایشن (پی او اے) کے تنازعے سے اتھلیٹکس متاثر ہونے لگے۔ فیڈریشن نیشنل گیمز کے اتھلیٹکس ایونٹ کو تسلیم نہیں کرتی۔ اتھلیٹکس کا ایونٹ پی او اے کی کمیٹی نے کرایا تھا۔ اس وجہ سے فیڈریشن نیشنل گیمز کو زیر غور نہیں لائی اور نئے ٹرائلز بھی نہیں کرائے گئے۔ ایشین انڈور اتھلیٹکس چیمپئن شپ کے لیے گزشتہ ٹرائلز کی بنیاد پر ٹیم تشکیل دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق نیشنل گیمز میں پاکستان کی تیز ترین ایتھلیٹ قرار پانے والی ٹرپل گولڈ میڈلسٹ فائقہ ریاض نظر انداز ہوگئیں جبکہ تیسرے نمبر پر آنے والی اسپرنٹر تامین خان ٹیم میں جگہ بنانے میں کامیاب ہوئیں۔ ذرائع کے مطابق تیز ترین ایتھلیٹ محمد سمیع اللہ نظر انداز جبکہ نیشنل گیمز نہ کھیلنے والے شجر عباس ایونٹ کیلئے شامل ہوگئے۔ شجر عباس انجری کے باعث نیشنل گیمز میں حصہ نہ لے سکے تھے۔ ذرائع کے مطابق سہیل عامر، محمد اختر اور محمد نعیم چیمپئن شپ کے لیے سلیکٹ ہونے والوں میں شامل ہیں۔ سیکرٹری فیڈریشن شاہ جہاں میر نے بتایا کہ چیمپئن شپ کے لیے فائنل انٹری نہیں بھیجی گئی۔ نیشنل گیمز میں اتھلیٹکس کے ایونٹ کو فیڈریشن نے سپر وائز نہیں کیا، نتائج کو تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ سیکرٹری فیڈریشن کے مطابق نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن آئندہ ہفتے منعقد ہوگی۔

## ایشیز سیریز، باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچ کے پہلے روز 20 وکٹیں گر گئیں

### انگلینڈ کی ٹیم بھی پہلی اننگز میں کوئی خاطر خواہ کارکردگی نہیں دکھا سکی اور پوری ٹیم 110 رنز پر پویلین لوٹ گئی

### آسٹریلیا نے دن کے اختتام تک دوسری اننگز میں بغیر کسی نقصان کے 4 رنز بنا کر 46 رنز کی مجموعی برتری حاصل کرلی

میلبرن (سپورٹس نیوز) آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان جاری ایشیز سیریز کے باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچ کے پہلے روز 20 وکٹیں گر گئیں۔ میلبرن کرکٹ گراؤنڈ (ایم سی جی) میں کھیلے جا رہے باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا کی ٹیم پہلی اننگز میں 152 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ آسٹریلیا کی جانب سے مائیکل نیسر 35 رنز بنا کر نمایاں رہے جبکہ عثمان خواجہ نے 29 رنز بنائے۔ انگلینڈ کے جوش ٹنگ نے 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا اور گس ایٹکنسن نے وکٹیں لیں۔ انگلینڈ کی ٹیم بھی پہلی اننگز میں کوئی خاطر خواہ کارکردگی نہیں دکھا سکی اور پوری ٹیم 110 رنز پر پویلین لوٹ گئی۔ انگلش ٹیم کی جانب سے ہیری بروک 41 رنز کے ساتھ نمایاں رہے جبکہ گس ایٹکنسن نے 28 رنز بنائے۔ آسٹریلیا کے مائیکل نیسر نے 4 اور اسکاٹ بولینڈ نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ آسٹریلیا نے دن کے اختتام تک دوسری اننگز میں بغیر کسی نقصان کے 4 رنز بنا کر 46 رنز کی مجموعی برتری حاصل کرلی۔

☆☆☆☆☆☆☆

## نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ کا انعقاد کھٹائی میں پڑ گیا

### ڈیپارٹمنٹس نیا یونٹ ملتوی کرنے کیلئے فیڈریشن کو آگاہ کردیا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان اتھلیٹکس فیڈریشن کے زیر اہتمام رواں ماہ کھیلی جانیوالی نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ کا انعقاد کھٹائی میں پڑ گیا، ڈیپارٹمنٹس چیمپئن شپ ملتوی کرنے کیلئے فیڈریشن کو آگاہ کردیا۔ 29 دسمبر سے 31 دسمبر تک اسلام آباد میں شیڈول 53 ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شرکت کرنیوالے اہم اسٹیک ہولڈرز نیوی، ایئرفورس، پولیس سمیت دیگر ڈیپارٹمنٹس نے اتھلیٹکس فیڈریشن کو آگاہ کیا ہے کہ حالیہ 35 ویں نیشنل گیمز میں بھرپور شرکت کے بعد کھلاڑیوں کو شدید جسمانی تھکن اور فٹنس مسائل کا سامنا ہے جبکہ قومی سطح کے بیک ٹو بیک ایونٹس اتھلیٹس کی صحت اور کارکردگی کے لیے سنگین خطرات پیدا کر سکتے ہیں لہٰذا اسپورٹس سائنس کے اصولوں کی روشنی میں چیمپئن شپ کم از کم دو ماہ کیلئے ملتوی کی جائے تاکہ اتھلیٹس کو مناسب ریکوری اور تیاری کا وقت مل سکے اور غیر ضروری انجریز سے بچا جاسکے۔

## برینڈن میکولم انگلینڈ کے ہیڈ کوچ کے طور پر کام جاری رکھنے کے خواہاں

### ایشز سیریز میں ابتدائی تین ٹیسٹ میچز میں شکست کے بعد برینڈن میکولم اور کپتان بین سٹوکس دونوں کے مستقبل پر سوالات اٹھ رہے ہیں،

میلبورن (سپورٹس نیوز) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ برینڈن میکولم نے کہا ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں جاری رکھنا چاہتے ہیں، تاہم ان کے مستقبل کا حتمی فیصلہ ان کے اختیار میں نہیں، ایشز سیریز میں ابتدائی تین ٹیسٹ میچز میں شکست کے بعد برینڈن میکولم اور کپتان بین سٹوکس دونوں کے مستقبل پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ بی بی سی کے مطابق نیوزی لینڈ سے تعلق رکھنے والے برینڈن میکولم کا انگلینڈ کرکٹ بورڈ کے ساتھ معاہدہ 2027 میں ہونے والے ون ڈے ورلڈ کپ تک ہے، جس میں رواں سال کھیلی جانے والی ایشز سیریز بھی شامل ہے۔ برینڈن میکولم نے کہا کہ یہ ایک بہترین ذمہ داری ہے، دنیا بھر میں ٹیم کے ساتھ سفر کرنا اور مثبت کرکٹ کھیلنے کی کوشش کرنا خوشگوار تجربہ ہے۔ میرا مقصد صرف یہ ہے کہ کھلاڑیوں سے بہترین کارکردگی حاصل کی جائے۔ ایشز سیریز کے تیسرے ٹیسٹ میں شکست کے بعد کپتان بین سٹوکس نے بھی واضح کیا کہ وہ انگلینڈ کی قیادت جاری رکھنا چاہتے ہیں۔ بین سٹوکس نے نومبر میں نیا سینٹرل کنٹریکٹ سائن کیا تھا جو 2027 تک ہے۔ برینڈن میکولم اور بین سٹوکس کے مستقبل سے متعلق فیصلہ ممکنہ طور پر انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کے مینجنگ ڈائریکٹر راب کی کے ہاتھ میں ہوگا، جو بہت جلد میلبورن میں میڈیا سے گفتگو کرنے والے ہیں۔ برینڈن میکولم نے کہا کہ مجھے نہیں معلوم کہ میں آئندہ سیزن میں بھی ذمہ داری سنبھالوں گا یا نہیں۔ میں صرف اپنا کام کرنے، غلطیوں سے سیکھنے اور بہتری لانے پر توجہ دے رہا ہوں۔ برینڈن میکولم کو 2022 میں انگلینڈ کا ہیڈ کوچ مقرر کیا گیا تھا، جہاں انہوں نے بین سٹوکس کے ساتھ مل کر ٹیم کو نئی شناخت دی اور ابتدائی 11 میچوں میں 10 فتوحات حاصل کیں۔ تاہم بعد ازاں انگلینڈ کی کارکردگی میں تسلسل برقرار نہ رہ سکا اور آسٹریلیا و بھارت کے خلاف بڑی سیریز جیتنے میں ناکامی رہی۔ ایشز میں مسلسل تین شکستوں کے بعد انگلینڈ کو اب 0-5 کی کلین سویپ کے خطرے کا سامنا ہے۔ انگلینڈ کی ٹیم 2010-11 کے بعد سے آسٹریلیا میں کوئی ٹیسٹ سیریز نہیں جیت سکی۔ برینڈن میکولم نے کہا کہ ٹیم ابھی مکمل نہیں، لیکن واضح شناخت کے ساتھ بہتر کرکٹ کھیل رہی ہے۔ ان کے مطابق باقی دو ٹیسٹ میچز میں انگلینڈ کو اپنی اصل پہچان دکھانے اور سیریز سے کچھ حاصل کرنے کی کوشش کرنی ہوگی۔ چوتھے ٹیسٹ کے لیے ٹیم میں تبدیلیوں کا امکان ہے، جہاں بلے باز اولی پوپ کو ڈراپ کیا جا سکتا ہے، جبکہ بولنگ اٹیک میں بھی ردوبدل زیرِ غور ہے۔ برینڈن میکولم نے واضح کیا کہ وہ موجودہ 16 رکنی سکواڈ سے باہر کسی کھلاڑی کو شامل کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں ہمیشہ اپنے کھلاڑیوں کا دفاع کروں گا۔ عوامی سطح پر حمایت ضروری ہے، جبکہ اندرونی طور پر بہتری کے لیے بات چیت ہوتی رہتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
قیمت 20 روپے
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760

# SHOWBIZ

# شوبز

## دیرپا صحت کیلئے زندگی بھر کے اہداف مقرر کرنا ضروری ہوتا ہے، فیصل قریشی

### میں باقاعدگی سے جم جاتا ہوں اور پوری لگن اور جوش کے ساتھ ورزش کرتا ہوں، اداکار

کراچی (شوبز نیوز) پاکستان کے معروف اداکار فیصل قریشی نے فٹنس روٹین اور صحت مند طرزِ زندگی کے راز بتا دیئے۔ فیصل قریشی کا شمار ان فنکاروں میں ہوتا ہے جنہیں ناظرین بے حد پسند کرتے ہیں۔ وہ اپنی شاندار اداکاری، مختلف کرداروں میں ڈھلنے کی صلاحیت اور ہر کردار کو حقیقت کے قریب لانے کے باعث کنگ آف ورسٹیلیٹی کہلاتے ہیں۔ اداکاری کے ساتھ ساتھ فیصل قریشی اپنی بہترین فٹنس اور صحت مند طرزِ زندگی کی وجہ سے بھی خبروں میں رہتے ہیں۔ حال ہی میں فیصل قریشی نے اپنی فٹنس روٹین سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ میں باقاعدگی سے جم جاتا ہوں اور پوری لگن اور جوش کے ساتھ ورزش کرتا ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ جسمانی طور پر مضبوط رہنے کے لیے مستقل محنت اور نظم و ضبط بہت ضروری ہے، اسی وجہ سے میں ورزش کو اپنی روزمرہ زندگی کا لازمی حصہ سمجھتا ہوں۔ اداکار نے اپنی خوراک سے متعلق بھی بات کرتے ہوئے بتایا کہ میں نے اپنی ڈائٹ کو صاف اور متوازن بنانے پر خاص توجہ دی، اعجاز اسلم نے مجھے خصوصی اور سخت ڈائٹس سے بچنے کا مشورہ دیا تھا۔ فیصل قریشی کے مطابق مخصوص ڈائٹس وقتی فائدہ دیتی ہیں، لیکن دیرپا صحت کے لیے زندگی بھر کے اہداف مقرر کرنا ضروری ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت مند ہر چیز کھانی چاہیے، مگر مقدار کو کنٹرول میں رکھنا اصل کامیابی ہے، یہی اصول اپنانے سے میں نا صرف اپنی فٹنس برقرار رکھنے میں کامیاب ہوا بلکہ مجموعی صحت میں بھی بہتری آئی۔ فیصل قریشی کا ماننا ہے کہ صحت مند طرزِ زندگی کسی ایک مرحلے کا نام نہیں بلکہ ایک مسلسل سفر ہے، جس کے لیے مستقل مزاجی، متوازن خوراک اور باقاعدہ ورزش ناگزیر ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

## سنیتا آہوجا نے گووندا کے افیئر کی تصدیق کردی

### وہ عورت گووندا سے محبت نہیں کرتی تھی وہ صرف ان کی دولت چاہتی تھی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سینئر اداکار گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے تسلیم کیا ہے کہ ان کے شوہر کا ایک افیئر تھا لیکن کسی ایکٹریس کے ساتھ نہیں تھا، انکا کہنا تھا کہ وہ عورت گووندا سے محبت نہیں کرتی تھی وہ صرف ان کی دولت چاہتی تھی۔ سنیتا آہوجا نے کہا کہ 2025 ان کے لیے اچھا سال ثابت نہیں ہوا، کیونکہ گووندا کے ایک اور خاتون کے ساتھ ملوث ہونے کے تنازع نے ان کی زندگی کو متاثر کیا۔ 62 سالہ گووندا کی اہلیہ نے اپنے شوہر کے افیئر کی افواہ پر کھل کر گفتگو کی، تاہم یہ وضاحت بھی کی کہ یہ افیئر کسی مراٹھی نوجوان اداکارہ کے ساتھ نہیں ہے۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو سنیتا نے کہا کہ وہ عورت گووندا سے نہیں ان کے پیسوں سے محبت کرتی ہے۔ 56 سنیتا آہوجا جن کی 1987 میں گووندا سے شادی ہوئی، انکا کہنا ہے کہ اس سال کو میں بہت برا سال سمجھتی ہوں، کیونکہ میں مسلسل گووندا کے لڑکی کے ساتھ افیئر کا سن رہی ہوں، لیکن میں جانتی ہوں کہ وہ کوئی اداکارہ نہیں ہے، کیونکہ اداکارائیں ایسے برے کام نہیں کرتیں۔ انھوں نے کہا میں چاہتی ہوں کہ گووندا ان تمام تنازعات کو ختم کر دیں اور آئندہ برس ہماری اچھی فیملی لائف ہو۔ یاد رہے کہ اس سال کے اوائل میں گووندا اور سنیتا کی طلاق کی افواہیں تھیں، جس کی سنیتا نے تردید کی تھی

## برطانوی اداکارہ نے طلاق کے بعد شوہر کے قریبی دوست کو جیون ساتھی چن لیا

### وہ اب اپنے بوائے فرینڈ مارٹن والیس کے ساتھ رہائش اختیار کرچکی ہیں جو ان کے شوہر کامیڈین جون رچرڈسن کے دوست بھی ہیں

لندن (شوبز نیوز) برطانوی اداکارہ لوسی بیومونٹ کی زندگی میں نیا موڑ آیا ہے جب انھوں نے شوہر جون رچرڈسن سے علیحدگی کے بعد ان ہی کے ایک دوست کو جیون ساتھی چن لیا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق کامیڈین اور اداکارہ لوسی بیومونٹ نے حال ہی میں دی سلیبریٹی ٹریٹرز میں شاندار کارکردگی سے مداحوں کے دل جیت لیے تھے۔ کرسمس کے موقع پر ایک بار پھر بی بی سی اسکرین پر نظر آ رہی ہیں۔ وہ فیسٹیو اسپیشل دی گریٹ برٹش سونگ بی میں بھی حصہ لے رہی ہیں۔ ان سب کامیابیوں کے باوجود ان کی ازدواجی زندگی طلاطم خیز ہے۔ سال 2025 لوسی بیومونٹ کے لیے ذاتی اور پیشہ ورانہ دونوں حوالوں سے نہایت اہم ثابت ہوا ہے۔ رپورٹس کے مطابق وہ اب اپنے بوائے فرینڈ مارٹن والیس کے ساتھ رہائش اختیار کرچکی ہیں جو ان کے شوہر کامیڈین جون رچرڈسن کے دوست بھی ہیں۔ لوسی اور مارٹن کو پہلی بار اکتوبر 2024 میں ایک ساتھ دیکھا گیا تھا جو لوسی اور جون رچرڈسن کی علیحدگی کے تقریباً چھ ماہ بعد کی بات ہے۔ یاد رہے کہ مشہور زمانہ کامیڈین جوڑی لوسی بیومونٹ اور جون رچرڈسن نے 12 اپریل 2024 کو مشترکہ بیان کے ذریعے اپنی طلاق کا اعلان کیا تھا۔ بیان میں کہا گیا تھا کہ 9 سالہ شادی کے بعد دونوں نے باہمی رضامندی سے الگ ہونے کا فیصلہ کیا ہے اور ان کی اولین ترجیح اپنی بیٹی کی فلاح و بہبود ہے۔ عوام اور میڈیا سے نجی زندگی کے احترام کی اپیل بھی کی گئی تھی۔ خیال رہے کہ اس جوڑے نے اپنی نو سالہ بیٹی کو ہمیشہ ہی میڈیا کی نظروں سے دور رکھا ہے اگرچہ ان کے مزاحیہ شو میٹ دی رچرڈسنز میں بیٹی اور ازدواجی زندگی کا ذکر آتا رہا ہے۔

☆☆☆☆☆

## اداکارہ صبا قمر پولیس کی وردی پہننے کے بعد مشکل میں پڑ گئیں

### صبا قمر کیخلاف پنجاب پولیس کا یونیفارم پہننے پر مقدمہ درج کرنے کی درخواست

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان کی معروف اداکارہ صبا قمر پولیس کی وردی پہننے کے بعد مشکل میں پڑ گئیں۔ صبا قمر کے پولیس یونیفارم پہن کر ویڈیو شوٹ کروانے کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی درخواست دائر کردی گئی۔ اس حوالے سے لاہور میں ایڈیشنل سیشن جج الیاس ریحان نے اداکارہ کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ اس معاملے پر درخواست گزار وسیم زوار نے موقف اختیار کیا ہے کہ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو میں صبا قمر ڈریسنگ روم میں پولیس یونیفارم میں ملبوس ہیں اور انہوں نے ایس پی کا بیج بھی لگایا ہوا ہے۔ درخواست گزار کے مطابق پولیس یونیفارم پہننے سے قبل پولیس سے این او سی لینا ہوتا ہے۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا ہے کہ تھانہ پرانی انارکلی کو مقدمہ درج کرنے کی درخواست دی جس پر کارروائی نہیں ہوئی۔ عدالت نے سماعت 14 جنوری تک ملتوی کردی ہے۔

## ’’میری شادی میں کچھ بھی پہنوں‘‘ راحت فتح علی کی بیٹی ماہین ناقدین پر برس پڑیں

### ماہین خان کی اس ویڈیو کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے مختلف تبصروں کا سلسلہ جاری

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان کے لیجنڈ گلوکار راحت فتح علی خان کی بیٹی ماہین خان نے تقریب کے لباس پر تنقید کرنے والوں کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ ماہین خان کی حال ہی میں مایوں اور نکاح کی تقریب ہوئی جس میں انہوں نے بھارتی ڈیزائنر کے لباس کا انتخاب کیا۔ نکاح اور مایوں کی تصاویر سوشل میڈیا پر بھی وائرل ہوئیں جس پر صارفین کی جانب سے ماہین خان کو بھارتی ڈیزائنر کا لباس زیب تن کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ تاہم ماہین خان بھی تنقید پر چپ نہ رہیں اور ناقدین کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ خدا کا واسطہ ہے لوگوں کی زندگیوں میں دخل دینا بند کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں بھارتی ڈیزائنر کا لباس پہنوں یا چائنیز یا افغانستانی لباس پہنوں، جو مرضی پہنوں، میری شادی ہے آپ لوگوں کو کیا مسئلہ ہے۔ ماہین خان کی اس ویڈیو کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے مختلف تبصروں کا سلسلہ جاری ہے، کسی نے انہیں سپورٹ کیا تو کسی نے ان کی بات سے اتفاق نہ کرتے ہوئے کہا کہ ایسا لباس پہننا ہمارے کلچر کا حصہ نہیں۔ مختلف تبصروں کا سلسلہ جاری ہے، کسی نے انہیں سپورٹ کیا تو کسی نے ان کی بات سے اتفاق نہ کرتے ہوئے کہا کہ ایسا لباس پہننا ہمارے کلچر کا حصہ نہیں۔

☆☆☆☆☆

## ندا یاسر نے میری طلاق سے متعلق ویڈیو وائرل کروائی، فضا علی کا دعوی

### میں نے ڈیلیوری رائیڈرز کے حق میں منطقی اور سچی بات کی، جس کے بعد میری ذاتی زندگی کو نشانہ بنایا گیا، فضا علی

پاکستانی اداکارہ اور مارننگ شو ہوسٹ فضا علی ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئی ہیں۔ پروگرام مارننگ ود فضا کی میزبان فضا علی حالیہ دنوں میں مسلسل تنازعات کی وجہ سے سوشل میڈیا پر زیرِ بحث ہیں۔ اس سے قبل وہ ندا یاسر اور صبا فیصل کی غیر محتاط گفتگو پر تنقید اور کاشف ضمیر کے مبینہ طور پر نقلی سونا پہننے کا انکشاف کرنے پر بھی سرخیوں میں رہ چکی ہیں۔ اب تازہ معاملے میں فضا علی نے بالواسطہ طور پر ندا یاسر پر الزام عائد کیا ہے کہ ان پر تنقید کے بعد میری پرانی طلاق سے متعلق ویڈیوز کو دوبارہ وائرل کیا گیا۔ فضا کا کہنا تھا کہ میں نے ڈیلیوری رائیڈرز کے حق میں منطقی اور سچی بات کی، جس کے بعد میری ذاتی زندگی کو نشانہ بنایا گیا۔ فضا کے مطابق ایک پرانا کلپ، جو عرصے سے بھلا دیا گیا تھا، جان بوجھ کر دوبارہ پھیلایا گیا۔ فضا علی نے کہا کہ پاکستان میں بے شمار سنگین مسائل موجود ہیں، مگر لوگوں نے ان کی طلاق کے بجائے اس بات پر زیادہ توجہ دی کہ ان کے سابق شوہر طلاق کے وقت بے ہوش کیوں ہوئے۔ ان کا کہنا تھا کہ طلاق بذاتِ خود تکلیف دہ ہوتی ہے، لیکن ہمارے معاشرے میں عورت کو اس کے بعد خاص طور پر نشانہ بنایا جاتا ہے۔ فضا نے کہا کہ انہوں نے طلاق کے بعد اپنی زندگی سنبھال لی تھی، مگر پرانے زخم دوبارہ کرید دیے گئے، جس پر انہیں اپنا دفاع کرنا پڑا۔ انہوں نے واضح کیا کہ دوسروں کے دکھ کو مواد بنانے کا حق کسی کو نہیں۔



## فیروز خان نے بچوں کی تحویل لینے سے انکار کردیا، علیزے سلطان کا دعوی

### بچوں کی ذمہ داری پوری کرنا صرف ماں کی نہیں بلکہ باپ کی بھی ذمہ داری ہے، صارفین

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار فیروز خان کی سابقہ اہلیہ علیزے سلطان نے دعوی کیا ہے کہ فیروز خان نے بچوں کی تحویل لینے سے انکار کردیا ہے۔ حال ہی میں علیزے سلطان نے ایک مختصر ویڈیو شیئر کی ہے، جس میں انہیں اپنی دوست کے ساتھ دیکھا جاسکتا ہے۔ مذکورہ ویڈیو کے کمنٹس میں ایک صارف نے علیزے کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے لکھا کہ ان کے پاس بچوں کے سردیوں کے کپڑوں کے پیسے نہیں تھے۔ صارف کی تنقید پر دیگر صارفین نے علیزے کا دفاع کیا اور لکھا کہ بچوں کی ذمہ داری پوری کرنا صرف ماں کی نہیں بلکہ باپ کی بھی ذمہ داری ہے۔ صرف اس بنیاد پر کہ ایک عورت اپنی زندگی میں آگے بڑھ رہی ہے، اسے ہر وہ کام کرنے کا پابند نہیں بنایا جا سکتا جو بچوں کے والد کو کرنا چاہیے۔ علیزے کم عمری میں طلاق اور مبینہ تشدد کا سامنا کرچکی ہیں، اب وہ اکیلی ماں ہیں، جبکہ بچوں کے والد دوبارہ شادی کر کے اپنی زندگی گزار رہے ہیں، اس لیے انہیں کم از کم بچوں کے اخراجات بروقت ادا کرنے چاہئیں۔ بعد ازاں علیزے سلطان نے بھی مذکورہ صارف کی تنقید کا جواب دیتے ہوئے لکھا کہ وہ (فیروز خان) تحویل لینا نہیں چاہتے۔ میں دو بار کوشش کرچکی ہوں، انہوں نے دونوں بچوں کو رکھنے سے انکار کردیا ہے۔ واضح رہے کہ بچوں کی تحویل کے حوالے سے علیزے سلطان نے عدالت میں درخواست دائر کر رکھی ہے۔ علیزے سلطان اور فیروز خان 2018 میں شادی کے بندھن میں بندھ گئے تھے۔ ان کے 2 بچے سلطان اور فاطمہ ہیں۔ 2020 میں ان دونوں کی طلاق کی خبر اس وقت سامنے آئی جب علیزے سلطان نے فیروز خان پر گھریلو تشدد کا الزام عائد کرتے ہوئے عدالت سے رجوع کیا۔ اس وقت علیزے سلطان اپنی بیٹی فاطمہ کے ساتھ الگ رہائش پذیر ہیں، جبکہ بیٹا سلطان اپنے والد فیروز خان کے ساتھ رہتا ہے۔



**بقیہ نمبر 1**

ٹھن اور غیر معمولی دور سے گزر رہا ہے جس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی۔انہوں نے کہا کہ اس مشکل صورتحال کا سب سے زیادہ بوجھ عام عوام پر پڑا ہے، جو نہ کسی سیاسی جماعت سے وابستہ ہیں اور نہ ہی کسی احتجاجی تحریک کا حصہ ہیں، یہ وہ شہری ہیں جن کی واحد خواہش پرامن زندگی گزارنا ہے، وہ اپنے بچوں کو تعلیم کیلئے اسکول بھیجنا چاہتے ہیں، پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے لیے اپنے دفاتر اور ہسپتالوں تک رسائی چاہتے ہیں، اور اپنے روزگار وکاروبار کو بحال رکھنا چاہتے ہیں مگر موجودہ حالات میں ان کی روزمرہ کی زندگی شدید متاثر ہوکر رہ گئی ہے، طویل بندشوں، رابطوں کے تعطل اور غیر یقینی کی فضا نے نہ صرف معاشی سرگرمیوں کو مفلوج کر دیا ہے بلکہ بنیادی سہولیات تک رسائی بھی مشکل بنا دی ہے جس کے باعث عام خاندانوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ فوری طور پر ایسے اقدامات کرے جن سے عوام کو ریلیف ملے اور معمولاتِ زندگی بحال ہوں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آزاد کشمیر میں گزشتہ کئی ہفتوں سے جاری انٹرنیٹ کی بندش اور مسلسل احتجاج کے باوجود عوامی مسائل کا کوئی مؤثر اور دیرپا حل سامنے نہیں آ سکا۔انہوں نے کہا کہ مواصلات کے تعطل اور نقل وحرکت کی بندش نے تعلیمی اداروں، صحت کی سہولیات اور مقامی تجارت کو شدید متاثر کیا ہے جس کے اثرات براہِ راست عام شہریوں پر مرتب ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا اصولی موقف ہمیشہ سے یہی رہا ہے کہ سیاسی اور سماجی بحرانوں کا حل تصادم کے بجائے بات چیت، مکالمے اور مفاہمت کی فضا میں تلاش کیا جائے۔ اسی تناظر میں پارٹی نے آزاد کشمیر اسمبلی میں ریکنسیلی ایشن کمیشن کے فوری قیام پر زور دیا ہے تاکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر جامع مشاورت کے ذریعے مسائل کے پائیدار حل کو یقینی بنایا جا سکے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ آزاد کشمیر اسمبلی میں اب یہ معاملہ صرف پاکستان پیپلز پارٹی کے موقف تک محدود نہیں رہا بلکہ ایوان میں باقاعدہ ایک قرارداد پیش کر کے ”سچ کمیشن“ کے قیام کا مطالبہ کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کمیشن کا بنیادی مقصد حالیہ واقعات کے حقائق کو غیر جانبدارانہ اور شفاف طریقے سے سامنے لانا ہے تاکہ عوام کو سچائی کا معلوم ہو اور ریاست وعوام کے درمیان اعتماد بحال کیا جا سکے۔انہوں نے زور دیا کہ جب تک کمیشن اپنی تحقیقات مکمل نہ کرے، تمام احتجاجی سرگرمیاں معطل کی جائیں اور تعلیمی، تجارتی و انتظامی امور کو فوری طور پر بحال کیا جائے تاکہ عام شہریوں کی روزمرہ زندگی معمول پر آ سکے۔ چیئرمین نے واضح کیا کہ کمیشن کی رپورٹ کی روشنی میں اگر یہ ثابت ہو کہ کسی فرد یا گروہ نے قانون کو ہاتھ میں لیا ہے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے، جبکہ اگر کوئی شخص بے گناہ قرار پائے تو اسے باعزت بری کیا جائے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہوں اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جا سکے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے آزاد کشمیر میں انتخابات کو چھ مراحل میں منعقد کروانے کے فیصلے پر گہرے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسے انتخابی شفافیت پر سوالیہ نشان قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ اگر کشمیر ایک ہے تو الیکشن بھی ایک دن میں ہونا چاہیے تھا۔ چھ مرحلوں میں الیکشن کا مطلب صرف یہ ہے کہ وہ صاف وشفاف الیکشن نہیں کروانا چاہتے، (ن) لیگ کا بیان کہ 10 سیٹیں ان کی جیب میں ہیں صاف ظاہر کرتا ہے کہ وہ شروع سے ہی صاف شفاف الیکشن نہیں چاہتے تھے۔انہوں نے کہا کہ حالیہ کشمیر کے انتخابات میں لیگ نے میرپور اور مظفرآباد میں عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ مارا ہے

**بقیہ نمبر 2**

سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والا مکہ دفاعی معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں خطے میں امن، استحکام اور دفاعی تعاون کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ اپنے پر جاری بیان میں رجب طیب اردوان نے کہا کہ انہوں نے سعودی ولی عہدو وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان کی دعوت پر مکہ مکرمہ کا دورہ کیا، جہاں سعودی ولی عہد اور پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ ملاقات کے دوران تینوں ممالک کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے گئے، جس کا مقصد اجتماعی دفاعی صلاحیت کو مضبوط بنانا، دفاعی صنعت میں مشترکہ منصوبوں کو فروغ دینا اور دہشت گردی کے خلاف مؤثر تعاون کو وسعت دینا ہے۔ ترک صدر نے کہا کہ یہ معاہدہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 میں درج حق دفاع کی توثیق بھی کرتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں بلکہ خطے میں امن، خوشحالی اور استحکام کے خواہاں تمام برادر ممالک کے لیے کھلا ہے۔ رجب طیب اردوان نے مزید کہا کہ ترکیہ تنازعات اور بحرانوں کے حل کے لیے بات چیت اور سفارت کاری پر مبنی اپنے اصولی موقف پر قائم رہے گا۔انہوں نے دعا کی کہ یہ معاہدہ پورے خطے کے لیے خیر، برکت، امن اور استحکام کا باعث بنے۔

**بقیہ نمبر 3**

عربوزیر اعظم محمد شہباز شریف کی مکہ مکرمہ میں قصر الصفا آمد، سعودی ولی عہد و وزیر اعظم شیخ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آلسعود نے وزیر اعظم کا استقبال کیا۔ دونوں رہنماؤں کے مابین دوطرفہ ملاقات شروع۔ ملاقات میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، آرمی چیف وچیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیر دفاع خواجہ محمد آصف بھی وزیر اعظم کے ہمراہ ہیں۔

**بقیہ نمبر 4**

ترکیہ اور پاکستان کے مشترکہ دفاعی معاہدے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ تاریخی کامیابی، معاہدہ خطے میں امن کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ وفاقی وزیر مواصلات نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ عالمی معاہدے مضبوط ہونگے، پاک فوج کی عزت ووقار میں مزید اضافہ ہوگا۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے وزیر اعظم شہباز شریف اور چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کی قیادت یکساں مبارکباد کی مستحق ہے، ایسی کاوشیں مسلم ممالک کے مابین اتحاد و یگانگت کا باعث ہونگی، افواج پاکستان کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا اعتراف ہر پاکستانی کے لیے قابل فخر ہے، یہ معاہدہ دفاع کے علاوہ تجارت، معیشت اور سہ ملکی تعاون کے فروغ کا باعث ہوگا۔ عبدالعلیم خان نے نعرہ لگاتے ہوئے لکھا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ دوستی، زندہ باد، پاکستان، پائندہ باد۔

**بقیہ نمبر 5**

سربراہی اجلاس کے موقع پر دستخط کیے۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق تینوں ممالک کے درمیان مشترکہ دفاع کے لیے مکہ المکرمہ میں ہونے والے سربراہی اجلاس کیلئے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی دعوت پر جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے سعودی عرب کا دورہ کیا۔ ولی عہد و وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود نے جمہوریہ ترکیہ کے صدر اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیر اعظم کا مکہ المکرمہ کے قصر الصفا میں استقبال کیا جہاں مشترکہ دفاع کے لیے مکہ المکرمہ سربراہی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران مملکت سعودی عرب، جمہوریہ ترکیہ اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے درمیان قائم دیرینہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا، نیز باہمی دلچسپی کے متعدد امور پر تبادلہ خیال کیا گیا تینوں ممالک کے مابین دیرینہ تاریخی تعلقات، اخوت اور اسلامی یکجہتی کے پائیدار رشتوں، مشترکہ تزویراتی مفادات اور دفاعی شعبے میں طویل عرصے سے جاری تعاون کی روشنی میں مملکت سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان، اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔ دفاعی معاہدے پر دستخطوں کے بعد تینوں رہنماؤں نے گرمجوشی سے مصافحہ کیا ان کے درمیان انتہائی خوشگوار ماحول میں غیر رسمی جملوں کا بھی تبادلہ ہوا۔ اس موقع پر چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ اور وزیر اعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی بھی موجود تھے۔ بیان کے مطابق یہ معاہدہ تینوں ممالک کی جانب سے اپنی اجتماعی سلامتی کو مزید مستحکم کرنے اور خطے سمیت دنیا بھر میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے تاکہ ایک محفوظ اور خوشحال مستقبل کے حصول کو یقینی بنایا جا سکے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ معاہدے کا مقصد کسی بھی جارحیت کے خلاف اجتماعی دفاع کو مضبوط بنانا ہے۔ معاہدے میں یہ واضح طور پر طے کیا گیا ہے کہ تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف کوئی بھی مسلح حملہ تینوں ممالک کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا۔ مزید برآں معاہدہ تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید وسعت دینے اور مضبوط بنانے کی بھی ضمانت دیتا ہے۔ قبل ازیں دفتر خارجہ کی طرف سے جاری اعلامیہ کے مطابق اجلاس میں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان تعلقات کا جائزہ لیا گیا جبکہ باہمی دلچسپی کے متعدد امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ تینوں ممالک کے درمیان دیرینہ تاریخی تعلقات، اخوت اور اسلامی یکجہتی کے مضبوط رشتوں، مشترکہ تزویراتی مفادات اور طویل عرصے سے جاری دفاعی تعاون کو مدنظر رکھتے ہوئے سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور پاکستان کے وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کئے۔ دفتر خارجہ کے مطابق یہ معاہدہ تینوں ممالک کے اس مشترکہ عزم کا مظہر ہے کہ وہ اپنی اجتماعی سلامتی کو مزید مضبوط بنائیں گے اور خطے سمیت عالمی سطح پر امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے لئے مل کر کام کریں گے تاکہ ایک محفوظ اور خوشحال مستقبل کی بنیاد رکھی جا سکے۔ اس معاہدے کا مقصد کسی بھی جارحیت کے خلاف مشترکہ دفاعی صلاحیت اور اجتماعی قوت کو مضبوط بنانا ہے۔ معاہدے کے مطابق تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر ہونے والا کوئی بھی مسلح حملہ، تینوں ملکوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ معاہدے میں یہ بھی طے پایا ہے کہ تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ دریں اثناء اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے تاریخی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے اور اس سے باہر امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ ایکس پر اپنی پوسٹ میں صدر مملکت نے کہا کہ یہ تاریخی معاہدہ مشترکہ دفاعی صلاحیت کو مضبوط بناتا ہے، دفاعی تعاون کو مزید گہرا کرتا ہے اور تینوں برادر ممالک کے محفوظ اور خوشحال مستقبل کے لئے مشترکہ عزم کی توثیق کرتا ہے۔ صدر مملکت نے اس اہم اقدام کو آگے بڑھانے میں وزیراعظم محمد شہباز شریف اور چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام برادرانہ تعلقات اور سٹریٹجک شراکت داری کے دیرینہ رشتوں پر استوار ہے۔ صدر مملکت نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس تاریخی معاہدے کو بابرکت بنائے اور پوری امت مسلمہ کو دائمی امن، سلامتی اور خوشحالی عطا فرمائے دوسری جانب سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے پاکستان، ترکیے اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والے معاہدے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ معاہدہ علاقائی امن کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگا جس کے مثبت اثرات پورے خطے پر مرتب ہونگے۔ اپنے بیان میں سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے کہا کہ مشترکہ دفاعی معاہدہ پاکستان اور ترکیے کے ساتھ مضبوط تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے مکہ معاہدے کو ترکیے اور پاکستان کے ساتھ دفاعی تعاون میں ایک اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ مکہ معاہدہ امن اور استحکام کے تحفظ کے لیے مشترکہ سیاسی عزم کو ظاہر کرتا ہے۔ فیصل بن فرحان نے کہا کہ معاہدہ علاقائی امن کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگا جس کے مثبت اثرات پورے خطے پر مرتب ہونگے

**بقیہ نمبر 6**

عملی جامہ پہنائیں گے، پنجاب اور وفاق کی طرز پر یہاں بھی تعمیر و ترقی کے سنہری دور کا آغاز کریں گے۔ وہ گزشتہ روز ایل اے 17 حویلی میں مسلم لیگ ن کے امیدوار محسن عزیز کے بڑے جلسہ عام سے خطاب کر رہے تھے۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ غازیوں اور شہیدوں کی سرزمین پونچھ کے رہنے والوں پر ہمیں فخر ہے جو وطن کے دفاع کیلئے اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں، ان کے ذہنوں سے کوئی پاکستان کی محبت نہیں نکال سکتا۔ انہوں نے کہا کہ لائن آف کنٹرول پر بسنے والوں کیلئے پختہ بنکر اور سڑکوں سمیت ترقیاتی کام کرائے جا رہے ہیں، وہ ہر وقت بھارتی فائرنگ کا نشانہ بنتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کا ماضی اور عوام کے ساتھ محبت اور مریم نواز کی کارکردگی کو دیکھتے ہوئے آزاد کشمیر کے عوام نے مسلم لیگ (ن) کو واضح مینڈیٹ دیا ہے اور آزاد کشمیر میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت بن چکی ہے۔ امیر مقام نے کہا کہ ہم کسی کا حق نہیں چھینے گے لیکن کسی کو حق چھیننے بھی نہیں دیں گے، اس حوالے سے کوئی خوش فہمی میں نہ رہے، جینوئن مینڈیٹ آپ کا حق ہے، آج کا جذبہ دیکھ کر ہم چوہدری محسن عزیز کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، انہوں نے نئی تاریخ رقم کی ہے، 2021 میں مریم نواز شریف نے بھی یہاں پر خطاب کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہاں کے عوام سے وعدہ کرتے ہیں کہ ان کا احساس محرومی دور کر کے رہیں گے، جو پیار یہاں کے لوگوں نے ہمیں دیا ہے وہ ہمارے ذہنوں پر نقش ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان پہاڑوں پر رہنے والے محبِ وطن لوگ ہیں کیونکہ پہاڑوں کے رہنے والوں کی ایک زبان ہوتی ہے اور وہ اس پر ڈٹ جاتے ہیں، آپ کا نمائندہ آپ سے کئے گئے وعدوں پر پہرا دے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایل او سی کے اس پار بسنے والوں کو بھی یہ پیغام دیتے ہیں کہ وہ اکیلے نہیں، ہم ان کا مقدمہ لڑتے رہیں گے۔ انہوں نے افواج پاکستان کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں اپنے سے 10 گنا بڑے دشمن کو شکست فاش دی اور 10 مئی کے بعد ایک نیا پاکستان معرض وجود میں آیا، ہمیں اس وقت افواج پاکستان سے یکجہتی کی ریلیاں نہیں بھولیں، تب یہاں کے لوگوں میں جذبہ شہادت دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کے بعد جب حکومت سازی ہوگی تو پھر محسن عزیز جھنڈے سمیت یہاں آئیں گے تو ہم بھی آپ کو مبارکباد دینے آئیں گے۔ انہوں نے اس موقع پر کشمیر بنے گا پاکستان اور مسلم لیگ ن زندہ باد کے فلک شگاف نعرے بھی لگوائے۔ وزیر اعظم کے مشیر برائے بین الصوبائی رابطہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ جب کشمیری یہ نعرہ بلند کرتے ہیں کہ ہم پاکستانی ہیں، پاکستان ہمارا ہے تو 25 کروڑ عوام صدق دل سے یہ تسلیم کرتے ہیں یہ پاکستان آپ کا ہے اور تحریک آزادی جموں وکشمیر دراصل تحریک پاکستان ہے، پاکستان کشمیر کے بغیر نامکمل ہے، کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، ہم کشمیر ہیں اور کشمیر ہمارا ہے اور آپ پاکستانی ہیں اور پاکستان آپ کا ہے، یہ ہمارا رشتہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر اور پاکستان کے رشتے کو دنیا کی کوئی طاقت کمزور نہیں کرسکتی، ہندو بنیا ہمارا دشمن ہے جس نے ہمارے بھائیوں پر ظلم وستم ڈھائے ہیں، لاکھوں کشمیریوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے، معرکہ حق کی کامیابی کے بعد ہندوستان کو یہ معلوم پڑ گیا ہے کہ وہ کسی طور پر پاکستان کا مقابلہ نہیں کرسکتا، پاکستان کی مسلح افواج میں بڑی تعداد میں آزاد کشمیر کے سپوت شامل ہیں، اس سے مقابلہ کرنا بھارت کے بس کی بات نہیں، وہ بخوبی یہ سمجھ چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں مسلح افواج نے بھارت کو وہ دھول چٹائی کہ وہ اب پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اب سندور 2 کے تحت کشمیری اور پاکستانی قوم کو آپس میں لڑانے کی سازش کر رہا ہے، ہم ہرگز یہ سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر میں عام انتخابات کے دو مراحل میں مسلم لیگ ن نے سادہ اکثریت حاصل کر لی ہے اور اس کی حکومت قائم ہوئی ہے، مسلم لیگ ن کو 45 کے ایوان میں 30 نشستیں درکار ہیں، اب تک مسلم لیگ ن 24 نشستیں حاصل کر چکی ہے۔ انہوں نے حویلی کے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اب صرف محسن عزیز کا انتظار ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر میں تعمیر وترقی کا دور اس وقت ہی شروع ہوا جب پاکستان میں مسلم لیگ ن برسر اقتدار آئی اور آزاد کشمیر میں بھی مسلم لیگ ن کی حکومت قائم ہوئی وہ دور سنہری دور ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں جو اقدامات وہاں کے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کئے جا رہے ہیں جن میں گرین بسیں، موبائل میڈیکل سہولیات سمیت دیگر تمام منصوبے یہاں بھی شروع کریں گے، کشمیری قوم نے مسلم لیگ ن کے حق میں اپنا فیصلہ دے دیا ہے

**بقیہ نمبر 7**

پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں دہشت گردوں کے خلاف 2 الگ آپریشنز کے دوران پاک فوج نے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنۃ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 10 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق پہلی کارروائی 6 اگست کو جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک میں کی گئی، جہاں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹوں پر حملے کی کوشش کی۔ فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنا دیا اس دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں 8 دہشت گرد مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دوسری کارروائی ضلع دیر میں کی گئی، جہاں سیکیورٹی فورسز نے مزید 2 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا اس طرح دونوں کارروائیوں میں مجموعی طور پر 10 دہشت گرد مارے گئے۔ بیان میں مزید بتایا گیا ہے کہ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور بھاری مقدار میں گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ سیکیورٹی اداروں کے مطابق یہ عناصر علاقے میں متعدد دہشت گرد کارروائیوں میں سرگرم رہے تھے۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ ان علاقوں میں مزید دہشت گردوں کی موجودگی کے خدشے کے پیش نظر کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے۔ بیان کے مطابق وفاقی اپیکس کمیٹی کے منظور کردہ قومی ایکشن پلان کے تحت عزم استحکام وژن کے مطابق پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے انسداد دہشت گردی کی کارروائیاں پوری شدت کے ساتھ جاری رکھیں گے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے جنوبی وزیرستان اور دیر میں فتنہ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ آصف زرداری نے کہا کہ قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے خلاف ان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔ دریں اثناء، وزیر اعظم نے جنوبی وزیرستان اور ضلع دیر میں کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم اپنے بہادر جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیت، جرات اور قربانیوں پر فخر کرتی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں دہشت گردی پھیلانے والے عناصر کے ناپاک عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور عزم کے ساتھ جاری رہیں گی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت اور پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

**بقیہ نمبر 8**

ٹ انسینٹو اسکیم کے تحت برآمد کنندگان کو اضافی برآمدات پر مراعات دی جائیں گی جبکہ موجودہ ٹیکس ڈھانچے میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ماہی گیری کے شعبے میں سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے کا یہ موزوں وقت ہے۔ ان کے بقول مؤثر مراعات اور برآمد کنندگان سے قریبی رابطہ سمندری غذائی مصنوعات کی برآمدات بڑھانے اور قومی معیشت میں اس شعبے کے کردار کو مزید مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ مجوزہ اسکیم کا تفصیلی جائزہ لینے کیلئے فشریز ڈویلپمنٹ کمشنر ڈاکٹر محمد حفیظ الرحمن کی سربراہی میں چار رکنی کمیٹی قائم کر دی گئی ہے۔ کمیٹی میں کورنگی فش ہاربر اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر شاہد، میرین فشریز ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر منصور وسان اور اسسٹنٹ کمشنر فشریز محمد فرحان خان شامل ہیں۔ کمیٹی ایک ہفتے کے اندر اپنی سفارشات وفاقی وزیر کو پیش کرے گی۔ اس کے علاوہ نمایاں کارکردگی دکھانے والے فش ایکسپورٹرز کیلئے قومی ایوارڈز کی تجاویز بھی تیار کی جائیں گی اور صنعت سے وابستہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد اسکیم کا حتمی فریم ورک مرتب کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران میرین فشریز ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر منصور وسان نے کہا کہ ہدفی مراعات اور برآمد کنندگان کے ساتھ مؤثر رابطہ عالمی منڈی میں پاکستان کی سمندری غذائی صنعت کی مسابقت بڑھانے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ مالی سال 2025-26 کے دوران پاکستان کی سمندری غذائی مصنوعات کی برآمدات 568 ملین امریکی ڈالر تک پہنچ گئیں، تاہم علاقائی حریف ممالک اس شعبے میں کہیں زیادہ تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماہی گیری کا شعبہ برآمدی آمدن اور روزگار کا اہم ذریعہ ہے اور حکومت برآمدات میں اضافے، معیار کی بہتری اور عالمی منڈی میں پاکستان کی مسابقت بڑھانے کیلئے مؤثر اقدامات کر رہی ہے

**بقیہ نمبر 9**

ہ تینوں ممالک کے محفوظ، مستحکم اور خوشحال مستقبل کے مشترکہ عزم کا مظہر ہے۔ یہ معاہدہ نہ صرف دفاعی تعاون کو نئی جہت دے گا بلکہ تینوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو بھی مزید مستحکم کرے گا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات تاریخی، برادرانہ اور باہمی احترام پر مبنی ہیں، جبکہ ترکیہ بھی پاکستان کا قابلِ اعتماد دوست اور برادر ملک ہے۔ تینوں ممالک کا قریبی تعاون مسلم دنیا میں باہمی یکجہتی، تعاون اور مشترکہ مفادات کے فروغ کا باعث بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ اہم معاہدے کو ممکن بنانے میں وزیر اعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل کا کردار قابل تحسین ہے، جنہوں نے قومی مفادات اور خطے کے امن وسلامتی کو مدنظر رکھتے ہوئے اس اہم پیشرفت کو آگے بڑھایا۔ میر سرفراز بگٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مکہ مکرمہ میں ہونے والے اس تاریخی معاہدے کو پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور پوری مسلم امہ کے لیے خیر وبرکت کا ذریعہ بنائے اور تینوں برادر ممالک کو امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی کی نئی منزلوں سے ہمکنار کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ خطے اور دنیا میں پائیدار امن، باہمی احترام، خودمختاری اور تعاون کے فروغ کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرتا رہے گا۔

**بقیہ نمبر 10**

نگ میں بتایا گیا کہ سیف سٹی توسیعی منصوبے کا مجموعی طور پر 85 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، جبکہ نئے کیمروں کی تنصیب کا بھی 85 فیصد مرحلہ مکمل کر لیا گیا ہے، منصوبے کے تحت 415 کلومیٹر آپٹیکل فائبر بچھائی جا چکی ہے، ڈیٹا سینٹر، سائبر آرکیٹیکچر اور سائبر سیکیورٹی پر بھی تقریباً 80 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سیف سٹی توسیعی منصوبہ ہر صورت 30 ستمبر تک مکمل کیا جائے۔ انہوں نے اسلام آباد سیف سٹی کے جدید فیوژن سینٹر کو بھی تین ماہ کے اندر مکمل کرنے کا ٹاسک دیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ حکومت کا عزم اسلام آباد سیف سٹی کو جدید، سمارٹ اور ترقی یافتہ ممالک کی طرز پر عالمی معیار کا ادارہ بنانا ہے، جدید ٹیکنالوجی سے لیس سیف سٹی نظام شہریوں کے تحفظ، مؤثر نگرانی اور ہنگامی صورتحال میں فوری ریسپانس کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ وزیر داخلہ نے ہدایت کی کہ سیف سٹی بل کو حتمی شکل دے کر جلد از جلد قومی اسمبلی میں پیش کیا جائے۔ اجلاس میں وفاقی سیکرٹری داخلہ، ڈی جی ایف آئی اے، سیف سٹی کے اعلیٰ حکام اور دیگر متعلقہ افسران بھی شریک تھے، جبکہ وفاقی وزیر داخلہ کو منصوبے پر جاری پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

**بقیہ نمبر 11**

کیلئے کمپنیوں کو 2 کروڑ روپے کی بڈ سیکیورٹی جمع کرانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق درخواستیں ایڈیشنل ڈائریکٹر لاجسٹکس کو جمع کرانا ہوں گی، جبکہ کراچی ایئرپورٹ پر موجود فلائٹ انفارمیشن ڈسپلے سسٹم پرانا ہو چکا ہے جسے جدید نظام سے تبدیل کیا جائے گا۔

**بقیہ نمبر 12**

کی صورتحال کے پیش نظر عام انتخابات 2026 کے تیسرے مرحلے میں ضلع پونچھ اور ضلع پلندری کے تمام انتخابی حلقوں میں 10 اگست کو ہونے والی پولنگ موخر کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے ترجمان کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق یہ فیصلہ امن و امان سے متعلق تحفظات، بعض سیاسی شخصیات اور امیدواروں کی جانب سے موصول ہونے والی درخواستوں، اور متعلقہ اداروں سے حاصل ہونے والی معلومات کی روشنی میں کیا گیا ہے۔ ترجمان نے واضح کیا کہ ضلع پونچھ اور ضلع پلندری کے انتخابی حلقوں میں 10 اگست کو پولنگ نہیں ہوگی، تاہم ضلع باغ کے تین انتخابی حلقوں اور ضلع حویلی کے ایک انتخابی حلقے میں پہلے سے جاری شیڈول کے مطابق 10 اگست کو ہی پولنگ منعقد کی جائے گی۔ پریس ریلیز کے مطابق مخر کیے گئے حلقوں کیلئے نئی تاریخ اور نظر ثانی شدہ انتخابی شیڈول کا اعلان بعد ازاں حالات کا جائزہ لینے اور تمام متعلقہ امور کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ انتخابات موخر کرنے کا مقصد آزادانہ، منصفانہ، شفاف اور پرامن ماحول میں ووٹنگ کے انعقاد کو یقینی بنانا ہے، جبکہ کمیشن انتخابی عمل کی شفافیت اور عوام کے اعتماد کو ہر صورت برقرار رکھنے کیلئے پرعزم ہے۔

**بقیہ نمبر 13**

کی قیمتوں اور غذائی اشیا کے معیار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ جولائی کے دوران مہنگائی کی شرح 11.1 فیصد سے کم ہو کر 9.2 فیصد پر آ گئی، یعنی مجموعی طور پر 2 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ حکام نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ گیس کی قیمتوں میں اضافہ مہنگائی بڑھانے کا سب سے بڑا سبب رہا جب کہ گندم، آٹا، تازہ دودھ اور پیٹرول کی قیمتوں نے بھی مہنگائی پر اثر ڈالا، دوسری جانب چینی، آلو اور مرغی کی قیمتوں میں کمی کے باعث مجموعی مہنگائی میں کمی دیکھنے میں آئی۔ اجلاس میں پیک شدہ اشیائے خورونوش کے معیار سے متعلق رپورٹ بھی پیش کی گئی جس کے مطابق خوردنی تیل، گھی اور دودھ کے 491 نمونوں کی لیبارٹری جانچ میں 176 نمونے قومی معیار پر پورے نہ اتر سکے، یعنی 36 فیصد نمونے غیر معیاری قرار پائے۔ رپورٹ میں لکھا گیا کہ 204 بناسپتی گھی کے نمونوں میں سے 98، بلینڈڈ کوکنگ آئل کے 146 میں سے 40، پیک شدہ دودھ کے 104 میں سے 26، دودھ پاؤڈر کے 18 میں سے 8، ریفائنڈ پام آئل کے 4 میں سے 3 جبکہ ریفائنڈ کینولا آئل کے 13 میں سے ایک نمونہ غیر معیاری نکلا۔ احسن اقبال نے کھلے گھی، خوردنی تیل اور دودھ کا ملک گیر سروے کرانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ غیر معیاری اشیائے خورونوش عوامی صحت کے لیے سنگین خطرہ بن رہی ہیں۔ اجلاس میں پیک شدہ اشیائے خورونوش کی رپورٹ کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے ماہرین پر مشتمل تکنیکی کمیٹی بھی قائم کر دی گئی، جو لیبارٹری رپورٹ کی بنیاد پر شواہد پر مبنی سفارشات پیش کرے گی۔ وفاقی وزیر نے مختلف شہروں میں تھوک اور پرچون قیمتوں کے درمیان نمایاں فرق پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس کی تحقیقات کا حکم دیا اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مارکیٹ میں قیمتوں کے بگاڑ کی وجوہات کا جائزہ لے کر صارفین کو اشیائے ضروریہ مناسب اور منصفانہ قیمتوں پر فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس میں ایل پی جی، اشیائے ضروریہ، عالمی منڈی میں خام تیل، سویابین آئل، چاول، گندم، چینی اور کھاد یوریا کی قیمتوں کے ملکی مارکیٹ پر ممکنہ اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا۔

**بقیہ نمبر 14**

ہیں اور فتنہ الخوارج کی سرکوبی کے لیے ان کے مستقل مزاجی سے کیے گئے اقدامات لائق تحسین ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی پر قابو پانے کے لیے اپنے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہندوستان کی مذموم سرگرمیوں کے سہولت کاروں کا پیچھا جاری رکھا جائے گا۔ عبدالعلیم خان نے پاک فوج اور سیکورٹی فورسز کے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان اور ہمارے بہادر جوانوں کا حامی وناصر ہو۔

**بقیہ نمبر 15**

پرالیکشن ایکٹ کے تحت کارروائی کرتے ہوئے اسے رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی فہرست سے خارج کردیا گیا۔

**بقیہ نمبر 16**

ڈتھ انوویشن اینڈ انویسٹمنٹ سمٹ 2026 سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ چین کی غیر معمولی معاشی ترقی مستقل اور تسلسل کے ساتھ اپنائی گئی پالیسیوں، مؤثر منصوبہ بندی اور اجتماعی فیصلوں کا نتیجہ ہے، جس سے پاکستان بھی رہنمائی حاصل کرسکتا ہے، حکومت سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی ترقی اور کاروبار دوست ماحول کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا سب سے قیمتی اثاثہ ہیں اور ملک کی تقریباً 60 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی، اختراعی سوچ اور عصر حاضر کی مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ قومی معیشت میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات میں پائیدار اضافے کے لیے ویلیو ایڈیشن ناگزیر ہے، خام مال کی برآمد کے بجائے ویلیو ایڈڈ مصنوعات کی تیاری سے نہ صرف ملکی آمدن میں اضافہ ہوگا بلکہ عالمی منڈیوں میں پاکستان کی مسابقت بھی بہتر ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بورڈ آف انویسٹمنٹ ملک میں سرمایہ کاروں کے لیے سازگار اور کاروبار دوست ماحول کی فراہمی کے لیے متحرک کردار ادا کر رہا ہے، حکومت غیر ضروری قواعد وضوابط کے خاتمے، کاروباری آسانیوں کے فروغ اور سرمایہ کاری کے عمل کو مزید شفاف اور مؤثر بنانے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سرمایہ کاری کے لیے بھی سازگار ماحول فراہم کیا جا رہا ہے تاکہ وہ اعتماد کے ساتھ مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کر سکیں اور ملکی معیشت کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ معیشت کی تیز رفتار ترقی سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، صنعتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور عوام کے معیار زندگی میں بہتری آئے گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر کے درمیان مؤثر ہم آہنگی ہی پائیدار اقتصادی ترقی کی ضمانت ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت سرمایہ کاری، جدت، ٹیکنالوجی کے فروغ اور اقتصادی اصلاحات کے ذریعے پاکستان کو علاقائی اور عالمی سطح پر پرکشش سرمایہ کاری کی منزل بنانے کے لیے بھرپور اقدامات جاری رکھے گی۔

**بقیہ نمبر 17**

کہا کہ ٹرانسفارمر ٹیکنالوجی نے مصنوعی ذہانت کو فروغ دیا ہے، جس کی معلومات اکٹھی کرنے کی رفتار انتہائی تیز ہے، تاہم اس کے بنیادی سافٹ ویئر اب بھی انسان ہی تیار کر رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹیکنالوجی کے کئی غیر دانستہ نتائج بھی سامنے آ سکتے ہیں۔ جمیل احمد کا کہنا تھا کہ اسٹیٹ بینک نے ابتدائی مراحل میں ہی ٹیکنالوجی کو اختیار کرنا شروع کر دیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ نئے ادائیگیوں کے نظام میں جدت کے باعث ریٹیل کی نصف سے زائد ٹرانزیکشنز اب ڈیجیٹل ہو چکی ہیں۔ مالی سال 2025-26 کے دوران 30 ارب ریٹیل ٹرانزیکشنز ہوئیں، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 77 فیصد زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں 20 لاکھ سے زائد تاجر کیو آر پیمنٹ سسٹم استعمال کر رہے ہیں۔ گورنر اسٹیٹ بینک کے مطابق گزشتہ مالی سال کے دوران راست پلیٹ فارم پر 3.6 ملین ٹرانزیکشنز ہوئیں، جن کی مجموعی مالیت 7 . 1 کھرب روپے رہی۔ جمیل احمد نے کہا کہ آج بھی متعدد خواتین اور چھوٹے کاروباروں کو سرمایہ حاصل کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ جدت ترقی کا ذریعہ بنتی ہے، تاہم مناسب آگہی کے بغیر اس سے خطرات بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ چند برسوں میں خواتین کی مالیاتی شمولیت 4 فیصد سے بڑھ کر 52 فیصد ہو چکی ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کو دیے جانے والے قرضے 46 فیصد اضافے کے بعد 850 ارب روپے سے تجاوز کر گئے ہیں، جبکہ گزشتہ مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں زرعی قرضوں کا حجم 2.5 کھرب روپے تک پہنچ گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک ابھرتی ہوئی معیشت کو صنعتوں کی مالی معاونت کے لیے صکوک اور کارپوریٹ بانڈز کی ضرورت ہوتی ہے۔ گرین صکوک کے ذریعے بھی بہتری لائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے آئی سی ایم اے پر زور دیا کہ وہ اپنے نصاب اور استعداد کار میں مزید بہتری لائے، خصوصاً ٹیکنالوجی کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جائے۔

**بقیہ نمبر 18**

میں فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سیکورٹی فورسز کی بھرپور ستائش کی ہے۔ وزیر داخلہ نے اعظم ورسک اور دیر کے علاقوں میں 10 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ اپنے بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ سیکورٹی فورسز خیبر پختونخوا میں قیام امن کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہیں۔ انہوں نے خوارجیوں کے خلاف برسر پیکار قوم کے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم دہشتگردی کے خلاف اس جنگ میں سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

**بقیہ نمبر 19**

مطابق مرکزی شوٹرز سمیت تین ملزمان افغانستان سے ملحقہ سرحدی علاقے تک پہنچ چکے ہیں جن کی گرفتاری کے لیے پولیس کی ایک خصوصی ٹیم متعلقہ علاقے میں موجود ہے۔ پولیس نے عبداللہ طاہر کی ریکی کرنے والے مبینہ ڈرون آپریٹر کی بھی نشاندہی کر لی ہے۔ تفتیش کے مطابق قتل کے منصوبے پر عملدرآمد سے قبل ڈرون کی چار پروازیں کی گئیں جن کے ذریعے نقل وحرکت اور ریکی کی گئی۔

**بقیہ نمبر 20**

سے متعلق قانون کو مزید سخت کر دیا گیا ہے اور اس سلسلے میں صدر ٹرمپ نے ایک نئے ایگزیکٹو آرڈر پر دستخط کیے ہیں۔ امریکی صدر نے اپنے سابقہ ایگزیکٹو آرڈر کے خلاف سپریم کورٹ کے اقدام کو بدقسمت فیصلہ قرار دے دیا۔ واضح رہے کہ ٹرمپ نے جنوری 2025 میں بھی پیدائشی شہریت محدود کرنے کا حکم جاری کیا تھا۔ 30 جون 2026 کو امریکی سپریم کورٹ نے اس کوشش کو مسترد کر دیا اور قرار دیا کہ ٹرمپ کا سابقہ حکم نافذ نہیں ہوسکتا۔

**بقیہ نمبر 21**

ہو گئے۔ یمنی حکومت کے مطابق شہادتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ہے جبکہ حوثیوں نے دعویٰ کیا ہے کہ حملوں میں یمنی فوج کے سیکڑوں اہلکار ہلاک اور زخمی ہوئے ہیں۔ حوثی ترجمان یحییٰ سریع نے کہا کہ حملے حکومتی فوج کی حالیہ عسکری نقل وحرکت کے جواب میں کیے گئے ہیں۔ یمنی فوج نے بھی حملوں کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ یہ کارروائیاں ہماری جانب سے حوثیوں پر کیے گئے حملوں کے ردعمل میں ہوئی ہیں۔ حوثیوں نے صوبہ الجوف سے 8 میزائل داغے جنہوں نے حضر موت کے الثنیہ اور العبر جبکہ مارب کے علاقے الروک میں فوجی کیمپوں کو نشانہ بنایا، حملے کے وقت اہلکار تربیتی مشق کے لیے جمع تھے جس کے باعث جانی نقصان زیادہ ہوا۔ یہ حملے 2022 کے بعد یمن میں سب سے خونریز عسکری کارروائی قرار دیے جا رہے ہیں اور حالیہ ہفتوں میں دونوں فریقوں کے درمیان بڑھتی ہوئی جھڑپوں کے بعد صورتِ حال مزید سنگین ہو گئی ہے۔ دوسری جانب امریکی سفارت خانے نے ان حملوں کو بزدلانہ دہشت گردی قرار دیتے ہوئے شہید ہونے والے یمنی فوجیوں کے اہل خانہ سے تعزیت کی ہے۔ ادھر سعودی قیادت میں قائم اتحاد نے دعویٰ کیا کہ سعودی سرحدی شہر نجران پر حوثیوں کے حملے میں 11 شہری زخمی ہوئے ہیں جن میں 1 خاتون اور 1 بچہ بھی شامل ہے تاہم حوثیوں نے اس حملے کی فوری ذمے داری قبول نہیں کی۔ یاد رہے کہ حوثیوں نے 20 جولائی کو سعودی عرب کے خلاف بحری ناکہ بندی کا اعلان کیا تھا جس کے بعد سے حوثی بحیرہ احمر میں سعودی عرب سے منسلک جہازوں کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں۔ سعودی اتحاد نے بھی مغربی یمن میں حوثیوں کے ٹھکانوں پر فضائی حملے دوبارہ شروع کر دیے ہیں جو 2022 کے بعد پہلی بڑی کارروائیاں ہیں۔

**بقیہ نمبر 22**

پاکستان اور مقررہ اصولوں کے مطابق سائنس، تعلیم، ادب، فن اور عوامی خدمت کے شعبوں میں غیر معمولی خدمات انجام دینے والی شخصیات کی نامزدگیوں کا حتمی جائزہ لیا ہے۔ پاکستان سول ایوارڈز کمیٹی کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح خالص میرٹ کی بنیاد پر ان قومی ہیروز کو اعزاز سے نوازنا ہے جنہوں نے اپنی صلاحیتوں، محنت اور خدمات کے ذریعے پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن کیا۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ جب قوم اپنے حقیقی معماروں اور محسنوں کو عزت واحترام دیتی ہے تو یہی اعتراف آنے والی نسلوں کے لیے تحریک، حوصلہ اور ملک کی خدمت کے جذبے کو فروغ دینے کا مؤثر ذریعہ بنتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سول ایوارڈز کا عمل مکمل شفافیت، انصاف اور میرٹ کے اصولوں کے مطابق جاری رکھا جائے گا تاکہ قومی خدمت انجام دینے والی ممتاز شخصیات کی خدمات کا بھرپور اعتراف کیا جا سکے۔

**بقیہ نمبر 23**

ور پوچھا کہ کیا یہ معاملہ باضابطہ طور پر صوبائی حکومت کے ساتھ اٹھایا گیا تھا۔ مناسب عملہ اور ادارہ جاتی تعاون کے بغیر، صحت کی دیکھ بھال کے مؤثر ضابطے کو حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ملک گیر ایچ آئی وی سے متعلق آگاہی مہم شروع کرنے کی سختی سے سفارش کی، خاص طور پر سوشل میڈیا کے ذریعے، اور تعلیمی اداروں میں جنسی اور تولیدی صحت کے بارے میں عمر کے لحاظ سے آگاہی کی اہمیت پر زور دیا تاکہ ہمارے نوجوانوں کی بہتر حفاظت کی جا سکے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن کے اندر ادارہ جاتی حدود واحتساب کو کمزور کرتی ہیں اور مضبوط گورننس اور نگرانی پر زور دیا۔ اس کے علاوہ، انہوں نے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (PMDC) کے پبلک ریلیشن سیکشن کی جوابدہی سے متعلق شکایات پر تشویش کا اظہار کیا اور متعلقہ حکام کو کمیٹی کے سامنے بلانے کی سفارش کی۔ معیاری صحت کی دیکھ بھال کے لیے آگاہی، جوابدہی اور مؤثر اداروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری ان اصلاحات کی حمایت کے لیے پرعزم ہوں جو ہمارے صحت کی دیکھ بھال کے نظام کو مضبوط کریں اور ہر شہری کے لیے قابل رسائی، سستی اور معیاری صحت کی دیکھ بھال کو یقینی بنائیں۔

**بقیہ نمبر 24**

وحرکت کا بھی مشاہدہ کیا ہے، جس کے باعث ممکنہ خطرات پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ حکام نے خدشہ ظاہر کیا کہ توانائی کی تنصیبات، بندرگاہوں اور ہوائی اڈوں کو ممکنہ طور پر نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ سعودی عرب نے واضح کیا کہ کسی بھی جارحیت کی صورت میں بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ سعودی حکام کا کہنا تھا کہ کشیدہ صورتحال کے باوجود ایران سمیت تمام متعلقہ فریقوں سے سفارتی رابطے جاری ہیں، جبکہ مذاکرات درست سمت میں آگے بڑھتے دکھائی دے رہے ہیں۔

**بقیہ نمبر 25**

وڑ دیموں کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس کی صدارت کی، اجلاس میں وفاقی وزرا، چیئرمین این ڈی ایم اے، پی ڈی ایم اے، محکمہ موسمیات اور متعلقہ وفاقی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں موسمی پیش گوئی، مون سون سے نمٹنے کی تیاریوں اور مربوط رسپانس کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی حکام نے ریسکیو وسائل، ہنگامی ذخائر، انخلا کے منصوبوں، ضلعی انتظامیہ سے رابطوں اور متاثرہ اضلاع میں تیاریوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس میں بروقت وارننگز کے اجرا، امدادی وسائل کی پیشگی دستیابی، مواصلاتی نظام کو بلاتعطل فعال رکھنے اور تمام رسپانس اداروں کی مکمل تیاری یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطہ مزید موثر بنائیں اور پیشگی حفاظتی ورسپانس اقدامات پر فوری عملدرآمد یقینی بنایا جائے

**بقیہ نمبر 26**

گیا۔ اجلاس کے دوران ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹس نے ہدایت کی کہ تمام زونل ہیڈز اپنے متعلقہ زونل دفاتر اور ماتحت پاسپورٹ دفاتر کو ماڈل دفاتر میں تبدیل کریں، جہاں صفائی، نظم وضبط، مناسب ماحول اور پاسپورٹ درخواست گزاروں کیلئے تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے تمام زونل ہیڈز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے متعلقہ ایف آئی اے زونل دفاتر کے ساتھ رابطہ رکھیں اور ایجنٹ وٹاؤٹ مافیا کے خلاف مؤثر کارروائی کرتے ہوئے پاسپورٹ دفاتر سے ان کے مکمل خاتمے کو یقینی بنائیں۔ اجلاس میں یہ بھی ہدایت کی گئی کہ کیش لیس پاسپورٹ فیس ادائیگی نظام سے متعلق آگاہی ویڈیوز تمام پاسپورٹ دفاتر میں نمایاں طور پر چلائی جائیں تاکہ درخواست گزاروں کو ادائیگی کے جدید طریقہ کار سے آسانی سے آگاہ کیا جا سکے۔ ڈی جی نے مزید ہدایت کی کہ پاسپورٹ ہوم ڈیلیوری سروس سے متعلق بینرز اور اسٹینڈیز تمام پاسپورٹ دفاتر میں نمایاں مقامات پر آویزاں کیے جائیں تاکہ عوام اس سہولت سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو یہ بھی ہدایت کی کہ جن درخواست گزاروں نے اپنے پاسپورٹس تاحال وصول نہیں کیے ان سے فوری رابطہ کر کے مقررہ طریقہ کار کے مطابق پاسپورٹس کی بروقت ترسیل کو یقینی بنایا جائے۔ ڈائریکٹر جنرل نے ہدایت کی کہ تجدید پاسپورٹ کی درخواستوں کو ترجیحی بنیاد پر پراسیس کیا جائے تاکہ عوام کو تیز، منظم اور مؤثر خدمات فراہم کی جا سکیں۔

**بقیہ نمبر 27**

ضاحت کر چکے ہیں، اس لیے اب اس معاملے کو ختم ہو جانا چاہیے، محسن نقوی کے وزیر اعظم شہباز شریف سے ذاتی تعلقات اور دوستی بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری سے ایسے بیان کی توقع نہیں تھی، تاہم ان کی باتوں کو جذباتی سمجھتے ہیں اور ان پر مزید تبصرہ نہیں کریں گے۔ حذیفہ رحمٰن نے کہا کہ پیپلز پارٹی مسلم لیگ (ن) کی اچھی اتحادی ہے، تاہم پیپلز پارٹی کے بغیر بھی مسلم لیگ (ن) کے پاس حکومت کے لیے مطلوبہ نمبرز موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹک ٹک صرف مسلم لیگ (ن) کے لیے نہیں بلکہ سندھ اور بلوچستان کی حکومتوں کیلئے بھی ہوگی۔ ایک سوال کے جواب میں حذیفہ رحمٰن نے کہا کہ میں اس بیان سے اتفاق نہیں کرتا کہ انہوں نے 30 سال کا سفر 3 سال میں طے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ 1 ماہ قبل وزیر اعظم شہباز شریف نے تمام وزارتوں سے کارکردگی رپورٹس طلب کی ہیں۔

**بقیہ نمبر 28**

ہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک فورسز کے آپریشنز جاری رہیں گے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج ملک میں امن واستحکام کے قیام کے لیے شب وروز مصروف عمل ہیں اور پوری قوم اپنے جوانوں کی جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر فخر کرتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ فتنہ الخوارج اور اس کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک پوری قوت سے جاری رہیں گی۔

**بقیہ نمبر 29**

ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے رہنماؤں کے درمیان باہمی مفاہمت اور مسلسل روابط نے متعدد شعبوں میں عملی تعاون کے لیے نئی راہیں کھول دی ہیں۔ بات چیت میں دوطرفہ لین دین کو آسان بنانے اور دونوں ممالک میں کاروباری اداروں کی معاونت کے لیے عملی مالی انتظامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ متعلقہ مالیاتی ادارے اور تکنیکی ماہرین محفوظ اور باہمی طور پر قابل قبول ادائیگی کے طریقہ کار بشمول مقامی کرنسی میں تصفیوں اور دیگر متبادل انتظامات پر مشاورت جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان زراعت، کھاد، انجینئرنگ مصنوعات، ٹریکٹرز، بھاری مشینری، توانائی کی مصنوعات اور غذائی اجناس کے شعبوں میں تعاون کے نمایاں مواقع موجود ہیں۔ بیلاروس کے سفیر نے وفاقی وزیر کو آگاہ کیا کہ بیلاروس میں ملازمت کرنے والے پاکستانی کارکنوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے جبکہ ہنرمند کارکنوں کی طلب میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ فریقین نے پاکستانی کارکنوں کے لیے روزگار کے مواقع کو مزید وسعت دینے کے لیے شفاف بھرتی، مناسب مہارتوں کی مطابقت اور ادارہ جاتی سطح پر قریبی ہم آہنگی کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ وفاقی وزیر تجارت نے بیلاروس کی جدید انجینئرنگ اور صنعتی صلاحیتوں بالخصوص ٹریکٹرز، ٹرکوں اور زرعی مشینری کی پیداوار کو سراہا اور ان شعبوں میں تعاون کی بتدریج بحالی کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں بیلاروس کے وزیر کے آئندہ دورے اور مشترکہ وزارتی کمیشن کی تیاریوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین اس بات پر متفق ہوئے کہ آئندہ روابط سے عملی تعاون کو آگے بڑھانے، تجارت سے متعلق امور کو حل کرنے اور اقتصادی شراکت داری کے نئے شعبوں کی نشاندہی کرنے کے لیے بھرپور استفادہ کیا جائے

**بقیہ نمبر 30**

کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ تحریری معاہدہ کرنا چاہتے ہیں تاکہ ہم اکٹھے آگے سفر کرسکیں۔

**بقیہ نمبر 31**

دور میں بھی اسی جذبے کے ساتھ جاری رہے گا۔ سفیر یرژان کستافین نے پاکستان، قازقستان اور وسطی ایشیا کے ممالک کے درمیان تاریخی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ان مضبوط روابط کو مزید فعال اور مستحکم بنانے کی ضرورت ہے۔

**بقیہ نمبر 32**

ب ملزم گرفتار ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ایس ڈی پی او حب امام یعقوب بلوچ کی نگرانی میں ایس ایچ او حب سٹی نعیم خان خلجی نے پولیس پارٹی کے ہمراہ دورانِ ناکہ بندی میں منشیات فروش ہدایت اللہ کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے قبضے سے 1.750 گرام آئس برآمد ہوئی پولیس کے مطابق حب سٹی پولیس نے لسبیلہ کینال سے غیر قانونی طور پر پانی چوری کر کے کراچی منتقل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے دو واٹر ٹینکر ڈرائیور محمد عباس اور محمد عمران کو گرفتار کر لیا حب سٹی پولیس کے مطابق جعلسازی اور دھوکہ دہی میں مطلوب علی عرف مروس اور شاہ میر کو گرفتار کر لیا جبکہ بجلی اور پانی چوری کے مقدمے میں علی عرف مروس کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے اس حوالے سے ایس پی حب مرزا بلال حسن نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں منشیات فروشوں، جعلسازوں، سرکاری وسائل کو نقصان پہنچانے والے عناصر اور دیگر جرائم پیشہ افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی عوام کے جان ومال کے تحفظ، قانون کی عملداری اور امن وامان کے قیام کے لیے ضلع پولیس حب ہر ممکن اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

**بقیہ نمبر 33**

م دینے والے پولیس اہلکار حافظ عبدالرشید ابڑو جام شہادت نوش کر گئے۔ واقعے کے بعد پولیس اور سیکیورٹی اداروں کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا۔ شہید اہلکار کی میت ضروری کارروائی کے بعد آبائی علاقے روانہ کی گئی۔ پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کرتے ہوئے حملہ آوروں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن بھی شروع کر دیا ہے

**بقیہ نمبر 34**

مشکل ہو گیا۔ اے آئی بیسڈ کیمرے مشکوک نمبر پلیٹس کی فوری شناخت کر کے خودکار الرٹ جاری کرتے ہیں، خودکار الرٹ ملتے ہی فوری کارروائی کیلئے قریبی فیلڈ فورس کو معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔ ترجمان سیف سٹی کے مطابق جولائی کے دوران سیف سٹی کیمروں نے 100 سے زائد جعلی، کلون اور مشکوک گاڑیاں پکڑوائیں۔ جعلی یا ٹیمپرڈ نمبر پلیٹ کے استعمال پر چالان سمیت دفعہ 420، 468، 471 اور 171 کے تحت مقدمہ درج ہو سکتا ہے، اصل نمبر پلیٹ چھپانا یا نمبرز میں ردوبدل کرنا قانوناً جرم ہے۔ ترجمان سیف سٹی نے کہا کہ جعلی اور ٹیمپرڈ نمبر پلیٹس کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد جاری ہے، دوسری گاڑی پر اپنی نمبر پلیٹ استعمال ہونے کی صورت میں شہری فوری 15 پر اطلاع دیں، شہری اپنی گاڑی پر ہمیشہ اصل، درست اور سرٹیفائیڈ نمبر پلیٹ استعمال کریں۔

**بقیہ نمبر 35**

زمیں عشائیہ اور سپریم کورٹ کی جانب سے فل کورٹ ریفرنس کا انعقاد کیا گیا، اس دوران سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے نائب صدر لیاقت علی ترین ایڈووکیٹ اور ممبر ایگزیکٹو الہی بخش مینگل ایڈووکیٹ نے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس یحییٰ خان آفریدی، جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس ہاشم خان کاکڑ، جسٹس نعیم اختر افغان اور چیف جسٹس وفاقی شرعی عدالت سے ملاقات کی اور بلوچستان کے وجودہ حالات کے تناظر میں حب، لسبیلہ اوران جیسے دور دراز اور دشوار گزار علاقوں کی عوام کی ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ تک رسائی میں مشکلات پر تبادلہ خیال کیا، جس پر چیف جسٹس آف پاکستان اور دیگر جسٹس صاحبان نے اس امر کی یقین دہانی کرائی ہے کہ چیف جسٹس آف بلوچستان سے مشاورت سے ضلعی سطح پر ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی ویڈیو لنک کے ذریعے عوام کو انصاف کی رسائی دی جائے گی، جس سے بلوچستان کی عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

**بقیہ نمبر 36**

ئی سیلز ریکارڈ میں جعلسازی کرنے والوں کی ڈیجیٹل نگرانی کرے گی، اصل رسید میں موجود تفصیلات اور کیو آر کوڈ تمام ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹس میں آویزاں کیے جائیں گے۔ چیئرمین پی آر اے معظم اقبال سپرانے ٹیکس ریونیو اہداف کے حصول کیلئے فیلڈ فارمیشنز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ معظم اقبال سپرانے کہا کہ نئے سیکٹرز میں ریونیو اہداف کے حصول کیلئے انفورسمنٹ ٹیموں کی استعداد کار میں اضافہ ناگزیر ہے، ای آئی ایم ایس کے مکمل نفاذ میں غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ انفورسمنٹ ٹیمیں تمام اضلاع میں جعلی رسیدوں کے خلاف کارروائیاں مزید موثر بنائیں۔

**بقیہ نمبر 37**

82. فیصد، ایل پی جی 1.90 فیصد، ڈیزل 1.66 فیصد، پٹرول 0.63 فیصد، کیلے 1.20 فیصد، چینی 0.51 فیصد اور سادہ ڈبل روٹی 0.29 فیصد سستی ہوئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق سالانہ بنیادوں پر ٹماٹر کی قیمت میں 178.03 فیصد، پیاز میں 84.65 فیصد، گندم کے آٹے میں 80.02 فیصد، ایل پی جی میں 53.83 فیصد، ڈیزل میں 34.44 فیصد اور پٹرول میں 25.97 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح مرچ پاؤڈر 16.37 فیصد، مٹن 16.12 فیصد، کیلے 15.11 فیصد، بیف 13.81 فیصد اور سادہ ڈبل روٹی 9.37 فیصد مہنگی ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق بعض اشیاء کی قیمتوں میں سالانہ بنیادوں پر نمایاں کمی بھی دیکھی گئی، آلو 30.65 فیصد، دال چنا 17.86 فیصد، چینی 17.60 فیصد، چکن 15.65 فیصد، نمک پاؤڈر 14.09 فیصد، دال مسور 13.02 فیصد، انڈے 9.66 فیصد اور دال مونگ 6.25 فیصد سستی ہوئی ہیں۔ اعدادوشمار میں بتایا گیا ہے کہ ایک ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اعشاریہ کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.43 فیصد اضافے کے ساتھ 9.51 فیصد اور 17 ہزار 733 روپے سے 22 ہزار 888 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.41 فیصد اضافے کے ساتھ 9.87 فیصد رہی۔ اسی طرح 22 ہزار 889 روپے سے 29 ہزار 517 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.36 فیصد اضافے کے ساتھ 8.79 فیصد، 29 ہزار 518 روپے سے 44 ہزار 175 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.34 فیصد اضافے کے ساتھ 8.96 فیصد رہی جبکہ 44 ہزار 176 روپے ماہانہ سے زائد آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.20 فیصد اضافے کے ساتھ 9 فیصد رہی۔

**بقیہ نمبر 38**

ہے۔ پولیس کے مطابق تینوں ملزمان کے خلاف بچے سے زیادتی اور اغوا کا مقدمہ بھی درج کر لیا گیا ہے۔

**بقیہ نمبر 39**

میں تاجر تنظیموں کے نمائندگان، سیاسی وسماجی رہنماں، علمی وادبی شخصیات، کاروباری افراد اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر مظاہرین نے حکومت کی معاشی پالیسیوں، پٹرولیم مصنوعات پر عائد بھاری لیوی اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی سندھ کے ڈپٹی جنرل سیکریٹری الطاف احمد ملاح نے کہا کہ مہنگائی، دہشت گردی، بے روزگاری اور حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں نے عام آدمی کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ پٹرولیم لیوی کی مد میں عوام سے اربوں روپے وصول کیے جا رہے ہیں، جس کے باعث اشیائے ضروریہ اور روزمرہ استعمال کی ہر چیز مہنگی ہو رہی ہے اور مہنگائی کا نیا طوفان برپا ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے ٹیکسوں اور مختلف سرچارجز کا بوجھ ڈال رہی ہے، جس سے غریب اور متوسط طبقہ شدید متاثر ہو رہا ہے۔ جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے لیے ہر سطح پر آواز بلند کرتی رہے گی۔ جماعت اسلامی ضلع بدین کے امیر سید علی مردان شاہ گیلانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی ظالمانہ پالیسیوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بار بار اضافہ عوام پر مزید بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے۔ حکومت فوری طور پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرے اور عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کرے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے سے صرف سفری اخراجات نہیں بڑھتے بلکہ ٹرانسپورٹ، زراعت، کاروبار اور اشیائے خورونوش سمیت زندگی کے ہر شعبے پر اس کے اثرات مرتب ہوتے ہیں، اس لیے حکومت کو عوام دشمن فیصلوں پر نظر ثانی کرنا ہوگی۔ اس موقع پر ملک آفتاب احمد، علی اکبر بھوت، عبدالکریم بلیدی، اللہ بچایو ہالیپوٹہ اور دیگر جماعت اسلامی رہنماں نے بھی خطاب کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ پٹرولیم مصنوعات پر عائد اضافی لیوی اور ٹیکسوں میں کمی، مہنگائی پر قابو پانے اور عوام کو فوری ریلیف دینے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ دھرنے کے باعث تھر کول روڈ پر کئی گھنٹوں تک ٹریفک کی روانی متاثر رہی اور کراچی، حیدرآباد اور تھرپارکر سے آنے جانے والی مسافر ومال بردار گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں جس کے باعث مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

**بقیہ نمبر 40**

شناخت کردہ شخص کو میوزخ کی عدالت نے قتل کے دو، اقدام قتل کے 23 اور جسمانی ایذا رسانی کے 22 جرائم کا مرتکب پایا جن میں سے 19 سنگین نوعیت کے تھے۔ عدالت نے پایا کہ جرائم خاص شدت کے حامل تھے۔ اس نوعیت کی نامزدگی سے یہ امکان بہت کم رہ جاتا ہے کہ 25 سالہ شخص کبھی جیل سے رہا ہوگا۔

**بقیہ نمبر 41**

ملک اس جگا ٹیکس سے شدید متاثر ہے عوام کو لاشعوری میں یہ ظلم وجبر کیا جا رہا ہے، ہم عوام کو موبلائز کریں گے آگاہ فراہم کریں گے اور ظلم کا پہیہ جام کریں گے، ان کا کہنا تھا جماعت اسلامی اس وقت صوبے کے حالیہ صورتحال پر بھی فکر مند ہیں صوبے کے کئی علاقوں کرفیو نافذ ہے اور عوام کو مشکلات کا سامنا ہے ایک طرف بے روزگاری کا جن بے قابو ہے تو دوسری جانب بارڈر کی بندش کی وجہ سے عوام رل چکے ہیں اور بلوچستان میں روزگار ایک اہم زریعہ بھی بند کیا گیا ہے بلوچستان کے عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے اس موقع پر مولانا نیاز محمد مینگل نائب امیر ضلع حب، عرفان اسماعیل اور ریاض حسین رونجہ، سیف اللہ سولنگی، سمیع اللہ ساسولی نے بھی خطاب کیا ان کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی نے آج علامتی دھرنا دیا ہے لیکن اگر مرکزی امیر نے اگلے مرحلے کا اعلان کیا تو پھر ملک کا پہیہ مکمل جام کر دیں گے

**بقیہ نمبر 42**

بق افتخار الٰہی کو جج، بینکنگ کورٹ نمبر 2 فیصل آباد تعینات کیا گیا، محمد عمر کو جج، بینکنگ کورٹ نمبر 7 لاہور کے عہدے پر تعینات کیا گیا۔ اسی طرح گل عباس کو پریزائیڈنگ آفیسر، انٹلیکچوئل پراپرٹی ٹریبونل فیصل آباد مقرر کیا گیا ہے، جہاں وہ دانشورانہ املاک سے متعلق مقدمات کی سماعت کریں گے۔ نوٹیفکیشن میں تمام متعلقہ عدالتی افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 10 اگست 2026 تک اپنے نئے عہدوں کا چارج سنبھال کر اس کی رپورٹ متعلقہ حکام کو ارسال کریں۔ علاوہ ازیں لاہور ہائیکورٹ نے 4 ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کے تقرر وتبادلوں کا بھی نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ محمد نعیم سلیم کو راولپنڈی سے بہاولپور تعینات، محمود ہارون خان کا تبادلہ ٹوبہ ٹیک سنگھ سے فیصل آباد، سید علی عمران کو لاہور سے ٹوبہ ٹیک سنگھ تعینات اور محمد سلیمان کو گجرات سے راولپنڈی منتقل کر دیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے تمام تبادلوں کو فوری طور پر نافذ العمل قرار دے دیا۔ تمام متعلقہ افسران کو 10 اگست 2026ء تک نئی جائے تعیناتی پر چارج سنبھالنے کی ہدایت جاری۔

**بقیہ نمبر 43**

س ملاقات میں وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری بھی موجود تھے۔ قومی اسمبلی کے آئندہ اجلاس سے متعلق امور کے حوالے سے گفتگو ہوئی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ملاقات کے دوران حکومتی اور اپوزیشن بنچوں کے درمیان مذاکرات کی بحالی یا آغاز کے حوالے سے کوئی بات چیت یا تجویز زیر غور نہیں آئی۔ جمعہ کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ انہوں نے دونوں سے صرف یوم آزادی کی تقریب میں شرکت کرنے والے اراکین قومی اسمبلی کے نام مانگے تھے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس کے علاوہ کوئی اور بات نہیں ہوئی۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ اگر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور ملک محمد عامر ڈوگر کے درمیان مذاکرات کے حوالے سے کوئی گفتگو ہوئی ہے تو انہیں اس بارے میں علم نہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ انہوں نے ماضی میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کے لئے بارہا کوششیں کیں اور مذاکرات کی دعوتیں دیں تاہم اب انہوں نے مذاکرات کے لئے دعوت دینا چھوڑ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں مذاکرات کی دعوتیں دیتے دیتے تھک گیا ہوں، اب میں نے مذاکرات کے لئے کہنا چھوڑ دیا ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے بھی ماضی میں متعدد بار اپوزیشن کو پارلیمان کے فلور پر مذاکرات کی دعوت دی ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ ہر مسئلے کا حل بالآخر مل بیٹھ کر اور باہمی اتفاق رائے پیدا کر کے نکالا جا سکتا ہے تاہم صرف میڈیا میں بیانات دینے سے مذاکرات نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے لئے میز پر بیٹھنا ضروری ہے۔ ماضی میں سیاسی مذاکرات کے حوالے سے قائم کی گئی پارلیمانی کمیٹی سے متعلق سوال کے جواب میں اسپیکر نے کہا کہ جن اپوزیشن ارکان کے مقف کے نتیجے میں یہ کمیٹی تشکیل دی گئی تھی انہوں نے تاحال اس کمیٹی کی بحالی کے لئے ان سے کوئی رابطہ نہیں کیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ ممکن ہے کہ پی ٹی آئی نے قائد حزب اختلاف کا انتخاب اس توقع کے ساتھ کیا ہو کہ وہ مذاکرات کریں گے تاہم شاید انہیں مذاکرات کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ پی ٹی آئی سے متعلق قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمینوں کے ساتھ منسلک عملے کے حوالے سے سوال کے جواب میں اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ اگر متعلقہ قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمین یہ عملہ واپس کر دیں تو اسے واپس لے لیا جائے گا اور قومی اسمبلی اس عملے کو اپنی ضرورت کے مطابق استعمال کرے گی۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایک بار پھر قائد حزب اختلاف سے ملاقات پر آمادگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر قائد حزب اختلاف ان کے چیمبر میں آنا نہیں چاہتے تو وہ کمیٹی روم میں آ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملاقات کو آسان بنانے کے لئے وہ خود اپنا چیمبر خالی کر دیں گے تاہم اسپیکر سردار ایاز صادق نے واضح کیا کہ بنیادی سوال یہ ہے کہ کیا اپوزیشن واقعی مذاکرات کرنا چاہتی ہے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اصل مسئلہ یہ ہے کہ وہ مذاکرات نہیں کرنا چاہتے۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اس امر کا اعادہ کیا کہ سیاسی مذاکرات اور مسائل کے حل کے لئے پارلیمان ہی موزوں ترین فورم ہے جہاں باہمی مشاورت، سنجیدہ مکالمے اور بامعنی رابطے کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کیا جا سکتا ہے۔

**بقیہ نمبر 44**

ئی ہمیں بلیک میل کرنا چاہتی ہے لیکن ہم ان کی بلیک میلنگ میں نہیں آئیں گے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم فیصل راٹھور نے کہا تھا کہ میں معاملات سنبھال لوں گا لیکن پھر پیپلز پارٹی خود ایکشن کمیٹی کے ساتھ مل گئی۔ پیپلز پارٹی نے جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے مسئلے کو حل کرنے کے بجائے اسے سیاسی فائدے کے لیے استعمال کیا۔ پیپلز پارٹی نے محسوس کیا کہ میدان میں اس کی سیاسی پوزیشن کمزور ہے، اس لیے اس نے جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو بنیاد بنا کر انتخابات ملتوی کرانے کی کوشش کی لیکن آئینی طور پر ایسا ممکن نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی جہاں کامیاب ہوتی ہے وہاں انتخابات کو شفاف قرار دیتی ہے، لیکن جہاں شکست ہوتی ہے وہاں دھاندلی کا الزام لگا دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نوجوانوں کے ساتھ بیٹھیں گے، ان کے تحفظات سنیں گے اور انہیں اصل تاریخی حقائق بتائیں گے، سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی فرضی تاریخ کی بنیاد پر مسائل حل نہیں ہو سکتے۔ آزاد کشمیر کے آئندہ وزیر اعظم سے متعلق سوال پر شاہ غلام قادر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) میں جو بھی امیدوار ہوگا، اس کا فیصلہ پارٹی قائد نواز شریف کریں گے اور تمام ارکان اس فیصلے کو قبول کریں گے۔ اگر پارٹی قیادت انہیں کوئی ذمہ داری سونپتی ہے تو وہ اسے قبول کریں گے، اور اگر فیصلہ کسی اور کے حق میں ہوا تو بھی پارٹی نظم وضبط کے مطابق اس کا احترام کریں گے۔

**بقیہ نمبر 45**

پر فروخت نہیں کی جا رہی۔ اوپن مارکیٹ میں ایل پی جی 400 سے 430 روپے فی کلو تک فروخت کی جا رہی ہے۔ دکانداروں کا موقف ہے کہ انہیں ڈسٹری بیوٹرز سے ایل پی جی سرکاری نرخنامے کے مطابق نہیں مل رہی جس کی وجہ سے وہ بھی مہنگے داموں فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ دوسری جانب سرکاری ادارے بھی ڈسٹری بیوٹرز اور کمپنیوں سے پوچھ گچھ کرنے کی بجائے چھوٹے دکانداروں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہیں۔

**بقیہ نمبر 46**

کی قیمتوں میں روز بروز اضافے اور ظلم وزیادتیوں کے خلاف رکاوٹیں کھڑی کر کے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا گیا اس موقع پر جماعت اسلامی لسبیلا کے رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان کا امن تباہ ہے صوبے کی معیشت اور روزگار سمیت کاروبار تباہ ہو چکا ہے لوگوں کی جان اور مال محفوظ نہیں ملک میں مہنگائی نے لوگوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے آئے روز پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں فوری امن قائم کیا جائے مہنگائی پر قابو پا کر عوام کو جینے کا حق دیا جائے احتجاج میں جماعت اسلامی لسبیلا اور بیلا رہنماؤں وکارکنوں کی بڑی تعداد شریک تھی بعد ازاں مرکزی قیادت کی ہدایت پر مظاہرین پرامن طور پر منتشر ہو گئے اور کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا اس دوران ایس ایچ او بیلا یار محمد کمانڈو اپنی بھاری نفری کے ہمراہ سیکورٹی کے لیے موجود تھے

**بقیہ نمبر 47**

اغوا کر لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق کارگو بس میں بڑی مقدار میں چاول اور آم لدے ہوئے تھے۔ مسلح افراد بس کو اپنے ساتھ نامعلوم مقام پر لے گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے اور کارگو بس، عملے اور ملزمان کی تلاش جاری ہے۔ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات بھی کی جا رہی ہیں۔

**بقیہ نمبر 48**

ت ہے، جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل نظام اور تربیت یافتہ افرادی قوت ہی اس شعبے کی پائیدار ترقی کی ضمانت بن سکتے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں کان کنی کی صنعت تیزی سے ڈیجیٹل تبدیلی کی جانب بڑھ رہی ہے جبکہ پاکستان کو بھی اس رفتار کا حصہ بننے کے لیے موثر حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔ مصنوعی ذہانت، مشین لرننگ، خودکار نظام اور ڈیٹا پر مبنی فیصلے نہ صرف پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرتے ہیں بلکہ اخراجات میں کمی اور حفاظتی معیار کو بھی بہتر بناتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے صنعت اور تعلیمی اداروں کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنا ناگزیر ہے تاکہ جدید مہارتوں سے آراستہ افرادی قوت تیار کی جا سکے۔ آپریٹرز اور انجینئرز کی عملی تربیت کے لیے جدید سمیولیٹرز اور ڈیجیٹل تربیتی پروگرام متعارف کرانے سے شعبے کی مجموعی کارکردگی میں نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ملک ہے تاہم ان وسائل سے مکمل استفادہ جدید سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی اور شفاف پالیسیوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ حکومت، صنعت، جامعات اور ٹیکنالوجی فراہم کرنے والے ادارے اگر مشترکہ حکمت عملی اپنائیں تو پاکستان کا کان کنی کا شعبہ نہ صرف ملکی معیشت میں نمایاں کردار ادا کر سکتا ہے بلکہ روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور سرمایہ کاری کے فروغ کا بھی موثر ذریعہ بن سکتا ہے۔ انہوں نے تجویز دیتے ہوئے کہا کہ کان کنی کے شعبے کے لیے ایک جامع قومی ڈیجیٹل روڈ میپ تیار کیا جائے جس میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، افرادی قوت کی مسلسل تربیت، تحقیق وترقی، سرمایہ کار دوست پالیسیوں اور سرکاری و نجی شعبے کے موثر اشتراک کو ترجیح دی جائے تاکہ پاکستان معدنی وسائل سے بھرپور معاشی فوائد حاصل کر سکے۔

**بقیہ نمبر 49**

شریف کی ترقی اور خوشحالی کے وژن پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا، پاکستان میں بزدل لوگوں کی حکومت تھی جس کی وجہ سے بھارت نے 5 اگست کا سانحہ کیا۔ راجہ فاروق حیدر نے کہا کہ وہ وقت ضرور آئیگا جب مقبوضہ کشمیر آزاد ہو کر ہمارے ساتھ پاکستان کا حصہ بنے گا، آزاد کشمیر میں نظریہ پاکستان کے فروغ، امن اور بھائی چارے کے قیام کیلئے نئی حکومت کو اقدامات اٹھانے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت عظمیٰ کا فیصلہ نواز شریف کریں گے، نواز شریف کا ہر فیصلہ کشمیر کی بہتری اور خوشحالی کیلئے ہوگا۔ راجہ فاروق حیدر الیکشن میں کامیابی کے بعد آبائی علاقے چکار پہنچ گئے، کارکنوں نے پاکستان اور پاک فوج کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔

**بقیہ نمبر 50**

لیے مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے بلور خاندان کی قومی، عوامی اور جمہوری خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلور خاندان نے صوبہ خیبر پختونخوا کی ترقی، عوامی خدمت اور جمہوری اقدار کے فروغ میں ہمیشہ نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس خاندان نے جمہوریت کے استحکام، عوامی نمائندگی اور قومی یکجہتی کے لئے گراں قدر خدمات انجام دی ہیں جنہیں ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلور خاندان کی عوامی خدمات، سیاسی بصیرت اور عوامی فلاح کے لئے کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس خاندان نے اپنی بہتر کاروباری حکمت عملی کے ذریعے ہزاروں افراد کے لئے روزگار کے مواقع بھی پیدا کیے جو قومی معیشت اور معاشرتی ترقی میں ایک اہم خدمت ہے۔ اس موقع پر عوامی نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر ریلوے حاجی غلام احمد بلور نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایوان بالا میں ان کی خدمات قابل قدر ہیں اور وہ اپنے صوبے اور عوام کی مؤثر آواز بن کر ان کے مسائل اجاگر کر رہے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مستقبل میں بھی ملک، جمہوریت اور عوام کی خدمت کے لئے اپنا مؤثر کردار جاری رکھیں گے۔

**بقیہ نمبر 51**

گی۔ بعض صارفین نے اسے شہباز گل پر سنگین الزام قرار دیا جبکہ کچھ نے شفیع جان کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ایک کم عمر اور ناتجربہ کار شخص کو وزیر اطلاعات بنا دیا گیا ہے جو اپنی ہی جماعت کے رہنماؤں پر الزامات لگا کر پارٹی کی ساکھ کو نقصان پہنچا رہا ہے۔

**بقیہ نمبر 52**

ن کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سختی سے ہدایت کی ہے کہ اپنے مویشی شہر کے بازاروں، سڑکوں اور عوامی مقامات زاد چھوڑنے سے گریز کیا جائے جاری نوٹس میں کہا گیا ہے کہ سات یوم کے اندر نوٹس ہذا پر عمل درمد یقینی بنایا جائے بصورت دیگر متعلقہ قوانین کے تحت وارہ مویشی تحویل میں لیے جائیں گے جس کے تمام اخراجات اور جرمانے متعلقہ مالکان ادا کرنے کے پابند ہوں گے جاری ہونے والے نوٹس میں میں مویشی مالکان سے تعاون کرنے کی بھی اپیل کی گی ہے

**بقیہ نمبر 53**

کہ دہشت گرد حملے میں کم از کم 16 پاکستانی شہری جاں بحق اور درجنوں زخمی ہوئے، کالعدم تحریک طالبان پاکستان نے سوات حملے کی ذمہ داری قبول کی۔ سلامتی کونسل کے اراکین متاثرین کے لواحقین، حکومت پاکستان اور عوام سے ہمدردی اور تعزیت کرتے ہیں، زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔ ترجمان سلامتی کونسل نے کہا کہ دہشت گردی بین الاقوامی امن وسلامتی کے لیے سنگین ترین خطرات میں سے ایک ہے۔ ترجمان نے کہا کہ دہشتگردانہ کارروائیوں کے مرتکب، منصوبہ سازوں، مالی معاونین اور سرپرستوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ تمام ممالک بین الاقوامی قانون وسلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے تحت اپنی ذمہ داریوں کے مطابق اس سلسلے میں حکومتِ پاکستان سے تعاون کریں۔

**بقیہ نمبر 54**

تعاون اور مثبت کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ علاقے میں ترقی اور خوشحالی کی راہ ہموار ہو سکے۔ رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جمعیت علما اسلام عوامی حقوق کے تحفظ، بلدیاتی اداروں کی مضبوطی اور علاقے کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت، انصاف کی فراہمی اور بنیادی سہولیات کی بہتری ہی پارٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، اور اس مقصد کے لیے ہر سطح پر آواز بلند کی جاتی رہے گی

**بقیہ نمبر 55**

ادو دینے کے بعد مزید علاج کے لیے سول اسپتال حیدرآباد روانہ کیا جا رہا تھا، تاہم راستے میں وہ دم توڑ گیا ورثا کا کہنا ہے کہ تعلقہ اسپتال ماتلی میں سانپ کے زہر سے بچاؤ کا انجکشن (اینٹی وینم) دستیاب نہ ہونے کے باعث مریض کو سول اسپتال حیدرآباد منتقل کیا جا رہا تھا کہ راستے میں دم توڑ گیا

**بقیہ نمبر 56**

اندران کی سابقہ جائے تعیناتی پر بحال کر دیا جائے گا تاکہ طبی خدمات کا تسلسل برقرار رہے اور ڈاکٹروں میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہو۔

**بقیہ نمبر 57**

کو گرفتار کر لیا۔ دوران کارروائی ملزم کی نشاندہی پر مقدمہ میں مسروقہ سامان برآمد کر لیا گیا۔ مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی۔

**بقیہ نمبر 58**

درخواست منظور کرتے ہوئے دونوں ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں توسیع کر دی اور تفتیشی افسر کو ہدایت کی کہ ملزمان کو پیر کے روز دوبارہ عدالت میں پیش کیا جائے۔ تفتیشی افسر کے مطابق ملزمان ہیلتھ انشورنس کے نام پر غیر ملکی شہریوں سے مبینہ فراڈ میں ملوث تھے اور کیس کے مختلف پہلوؤں پر مزید تفتیش جاری ہے

**بقیہ نمبر 59**

متلاشی ہے اور ہر ذی شعور فرد کو ہر قسم کی مصلحت سے بالاتر ہو کر حق اور انصاف کا ساتھ دینا ہوگا۔ اپنے ایک جاری بیان میں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی متاثرہ خاندان سے مسلسل رابطے میں ہیں جبکہ محکمہ داخلہ بھی اس معاملے کی پوری طرح متحرک ہے۔ حکومت بلوچستان اسماء جتک کے خاندان کو انصاف کی فراہمی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات یقینی بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان انسانی حقوق، خواتین اور بچوں کے تحفظ کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے اور کسی بھی متاثرہ شہری کو انصاف کے حصول میں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ اسماء جتک کیس میں قانون کے تقاضوں کے مطابق شفاف اور مؤثر کارروائی کو یقینی بنایا جائے گا۔ مشیر ویمن ڈویلپمنٹ نے کہا کہ خواتین اور بچوں کے خلاف کسی بھی قسم کے ظلم، تشدد یا ناانصافی کو برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ معاشرے کے تمام طبقات کو ایسے حساس معاملات میں ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرین کی آواز بننا چاہیے اور انہیں انصاف کی فراہمی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ اسماء جتک کو ضرور انصاف ملے گا، حکومت بلوچستان اس معاملے پر سنجیدہ ہے اور متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف کی فراہمی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس کیس میں قانون وانصاف کے تقاضوں کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا۔

**بقیہ نمبر 60**

اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان مقابلے کے دوران ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ چھیپا حکام کے مطابق مبینہ مقابلہ لانڈھی مانسہرہ کالونی، ہاشم گوٹھ کے قریب پیش آیا جہاں پولیس کی کارروائی کے دوران ایک مشتبہ ڈاکو زخمی ہو گیا۔ زخمی ملزم کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کیا گیا جہاں اس کی شناخت صدام کے نام سے کی گئی ہے۔

**بقیہ نمبر 61**

کار کمپنیوں نے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی میں درخواست جمع کرا دی ہے، درخواست میں کیپیسٹی پیمنٹس کی مد میں صارفین سے 23 ارب روپے وصول کرنے کی اجازت مانگی گئی ہے۔ نیپرا کے مطابق درخواست پر 12 اگست کو سماعت ہوگی جس میں بجلی کی قیمتوں میں ممکنہ اضافے سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا، فیصلہ ہونے کی صورت میں صارفین پر بجلی کے بلوں کی مد میں اضافی مالی بوجھ پڑنے کا امکان ہے۔

**بقیہ نمبر 62**

متعلق سندھ حکومت کی سنگین نااہلی، بدانتظامی اور مجرمانہ غفلت پر سخت ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ شرجیل انعام میمن کو کراچی کا مجرم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکمرانوں کی نااہلی کے باعث پبلک ٹرانسپورٹ کا یہ اہم ترین منصوبہ اب مکمل طور پر تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ ارسلان خالد نے کہا کہ ڈسپیوٹ بورڈ نے لاٹ 2 کا ٹھیکہ ختم کرنے کا صوبائی حکومت کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا ہے اور بورڈ کا یہ اکثریتی فیصلہ، جو 3 میں سے 2 کی اکثریت سے آیا، سندھ حکومت کے جھوٹے دعوؤں کے خلاف ایک واضح چارج شیٹ ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ٹھیکہ منسوخ کرنے کا فیصلہ انتہائی جلد بازی میں، غیر قانونی اور طے شدہ معاہدے کے بالکل خلاف کیا گیا تھا، جس کی حقیقت اور بدنیتی اب سب کے سامنے آ چکی ہے۔ زمینی حقائق پر روشنی ڈالتے ہوئے ارسلان خالد نے انکشاف کیا کہ منصوبے کے تحت کل 16 میں سے صرف 1 اسٹیشن کا ریوائزڈ ڈیزائن نومبر 2025 میں فراہم کیا گیا تھا

**بقیہ نمبر 63**

قیمت 5 روپے کمی سے 323 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 268 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ اوپن مارکیٹ میں مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 15 سے 20 روپے کلو زائد قیمت پر فروخت کیا گیا۔

**بقیہ نمبر 64**

اور سوتیلے بیٹے عبداللہ کے ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ملزمان شیراز خان اور عبداللہ نے خاتون کو فائرنگ کرکے قتل کیا تھا۔ واقعے کے بعد پولیس نے مقتولہ کے بیٹے عبداللہ کو موقع واردات ہی سے حراست میں لے لیا تھا

**بقیہ نمبر 65**

جبکہ ٹھیکہ ختم ہونے تک باقی 15 اسٹیشنز کا ریوائزڈ ڈیزائن سرے سے فراہم ہی نہیں کیا گیا تھا

Daily BOLAN Hub Balochistan
ہفتہ 8 اگست 2026
8
روزنامہ بولان حب بلوچستان
بولان

# اورنگزیب کھچی سے قازقستان کے سفیر کی الوداعی ملاقات

**آئندہ سال پاکستان اور قازقستان کے درمیان براہ راست پروازوں کا آغاز ہوگا جس سے سیاحت، تجارت اور ثقافتی تبادلوں کو فروغ ملے گا**

**دونوں ممالک کے درمیان قائم ہونے والا قریبی تعاون سفیر کے جانشین کے دور میں بھی اسی جذبے کے ساتھ جاری رہے گا، وفاقی وزیر**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی سے پاکستان میں جمہوریہ قازقستان کے سفیر یرژان کستافین نے جمعہ کے روز ان کے دفتر میں الوداعی ملاقات کی جس میں پاکستان اور قازقستان کے درمیان ثقافت، ورثہ، تعلیم اور عوامی روابط کے فروغ سمیت دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے سفیر کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان اور قازقستان کے درمیان ثقافتی تعلقات کے فروغ میں ان کی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان قائم ہونے والا قریبی تعاون سفیر کے جانشین کے (بقیہ 31 صفحہ 7 پر)

حب۔ جماعت اسلامی حب کی جانب سے مین آر سی ڈی روڈ بھوانی کے مقام پر احتجاج کیا جارہا ہے۔

# جماعت اسلامی حب کی جانب سے علامتی پہیہ جام ہڑتال

**جماعت اسلامی آج پٹرول لیوی کے خلاف بھرا احتجاج ریکارڈ کروارہی ہے، محمد جان مری**

**مرکزی امیر نے اگلے مرحلے کا اعلان کیا تو پھر ملک کا پہیہ مکمل جام کردیں گے**

حب (نمائندہ بولان) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر ملک بھر کی طرح ضلع حب میں بھی جماعت اسلامی کی جانب سے مین آر سی ڈی روڈ حب بھوانی کے مقام پر علامتی پہیہ جام ہڑتال کی اس موقع پر امیر ضلع محمد جان مری ایڈووکیٹ نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا جماعت اسلامی آج پٹرول لیوی کے خلاف بھرا احتجاج ریکارڈ کروارہی ہے اور پٹرول لیوی دراصل ایک بھتہ ٹیکس ہے جو عوام سے وصول کیا جارہا ہے، آج حافظ نعیم کی کال پر ہم پورے ملک کا پہیہ جام کر چکے ہیں اور پورا (بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر)

## جرمنی، افغان شہری کو میونخ میں گاڑی سے ٹکر مارنے کے جرم میں عمر قید

برلن (این این آئی) جرمنی کی ایک عدالت نے افغانی کو میونخ میں گزشتہ سال گاڑی سے ٹکر مارنے والے حملے کے جرم میں عمر قید کی سزا سنا دی جس میں ایک دو سالہ بچی اور اس کی والدہ ہلاک اور دیگر درجنوں زخمی ہوگئے تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صرف فرہاد این کے نام سے (بقیہ 40 صفحہ 7 پر)

## مانگا منڈی میں بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار ماں بیٹا جاں بحق

لاہور (این این آئی) مانگا منڈی کے علاقہ ملتان روڈ ٹبہ صماد کے قریب بس نے موٹر سائیکل سواروں کو ٹکر ماردی، حادثے میں 27 سالہ بشریٰ بی بی اور 2 ماہ کا بچہ موقع پر دم توڑ گئے

# تین ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی خدمات وفاقی حکومت کے سپرد

**4 ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کے تقرر و تبادلوں کے احکامات، نوٹیفکیشن جاری**

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی منظوری کے بعد تین ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی خدمات ڈیپوٹیشن پر وفاقی حکومت کے سپرد جبکہ 4 ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کردیئے گئے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطا (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر)

# ایس ایچ او حب سٹی نعیم خان خلجی کی مختلف کاروائیاں

**منشیات فروشوں، پانی چوری جعلسازی میں ملوث ملزمان سمیت بجلی / پانی چوری کے مقدمات میں مطلوب ملزم گرفتار**

حب (نمائندہ بولان) ایس ایچ او حب سٹی نعیم خان خلجی کی مختلف کاروائیاں، منشیات فروشوں، پانی چوری جعلسازی میں ملوث ملزمان سمیت بجلی / پانی چوری کے مقدمات میں مطلو (بقیہ 32 صفحہ 7 پر)

# بولان، نامعلوم مسلح افراد کے حملے میں پولیس اہلکار شہید

**پولیس اور سیکیورٹی اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنے کا عمل شروع کردیا**

کوئٹہ (این این آئی) بولان کے علاقے دوسہ کراس چوکی پر نامعلوم مسلح افراد کے حملے میں بلوچستان پولیس کا ایک اہلکار شہید ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق بالاناڑی نیشنل ہائی وے پر واقع دوسہ کراس چوکی پر رات گئے نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کیا جس کے نتیجے میں دورانِ ڈیوٹی اپنے فرائض انجا (بقیہ 33 صفحہ 7 پر)

# نمبر پلیٹ چھپانے والی گاڑیاں سیف سٹی کے ریڈار پر، اے آئی نگرانی مزید سخت

**جولائی کے دوران سیف سٹی کیمروں نے 100 سے زائد جعلی، کلون اور مشکوک گاڑیاں پکڑوائیں**

**جعلی یا ٹیمپرڈ نمبر پلیٹ کے استعمال پر چالان سمیت مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج ہوسکتا ہے، ترجمان**

لاہور (این این آئی) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے نمبر پلیٹ کو ٹیپ، کپڑے یا کسی بھی دوسرے طریقے سے چھپانے یا اس میں ردوبدل کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کردی ہیں۔ ترجمان سیف سٹی کے مطابق پنجاب بھر میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) پر مبنی جدید سرویلنس سسٹم کے ذریعے ایسی گاڑیوں کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے جس سے نمبر پلیٹ چھپائی یا تبدیل کی تو بچنا (بقیہ 34 صفحہ 7 پر)

# جسٹس مسرت ہلالی ریٹائر، سپریم کورٹ میں فل کورٹ ریفرنس کا انعقاد

**سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے نائب صدر لیاقت علی ترین ایڈووکیٹ اور ممبر ایگزیکٹو الٰہی بخش مینگل ایڈووکیٹ کی چیف جسٹس سمیت دیگر ججز سے ملاقات**

**بلوچستان کے وجودہ حالات کے تناظر میں حب، لسبیلہ اور ان جیسے دور دراز اور دشوار گزار علاقوں کی عوام کی ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ تک رسائی میں مشکلات پر تبادلہ خیال ہوا**

کوئٹہ (نمائندہ بولان) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے سپریم کورٹ کی ریٹائرڈ جسٹس مسرت ہلالی کے اعزا (بقیہ 35 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ۔ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے نائب صدر لیاقت علی ترین ایڈووکیٹ اور ممبر ایگزیکٹو الٰہی بخش مینگل ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس یحییٰ خان آفریدی، جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس ہاشم خان کاکڑ، جسٹس نعیم اختر افغان اور چیف جسٹس وفاقی شرعی عدالت سے ملاقات کررہے ہیں

# مہنگائی کی شرح میں پھر اضافہ، اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بڑھ گئیں

**20 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 9 کی قیمتوں میں کمی، 22 کی قیمتیں مستحکم رہیں**

**مرچ پاؤڈر 16.37 فیصد، مٹن 16.12 فیصد، کیلا 15.11 فیصد، بیف 13.81 فیصد اور سادہ ڈبل روٹی 9.37 فیصد مہنگی ہوئی**

لاہور (این این آئی) ملک میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 0.28 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی مجموعی شرح 9.29 فیصد تک پہنچ گئی۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران 20 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 9 اشیاء کی قیمتوں میں کمی جبکہ 22 کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ ہفتہ وار بنیادوں پر پیاز کی قیمت میں 10.14 فیصد، چکن میں 9.19 فیصد، دال چنا میں 2.43 فیصد، مرچ پاؤڈر میں 1.01 فیصد، گھی و خوردنی تیل میں 0.99 فیصد، چائے کی پتی میں 0.57 فیصد اور گندم کے آٹے میں 0.52 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ٹماٹر 6 (بقیہ 37 صفحہ 7 پر)

## ہڑپہ، 12 سالہ بچے سے 3 افراد کی زیادتی

ہڑپہ (این این آئی) ہڑپہ میں 12 سالہ بچے کو 3 افراد نے زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ پولیس نے تینوں ملزمان کو گرفتار کر لیا (بقیہ 38 صفحہ 7 پر)

# مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی کا تھرکول شاہراہ پر تین گھنٹے احتجاجی دھرنا

**دھرنے کے باعث کراچی، حیدرآباد اور تھرپارکر جانے والی شاہراہوں پر ٹریفک معطل ہوگئی اور گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ گئیں**

بدین (نامہ نگار) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر پٹرولیم مصنوعات پر عائد ظالمانہ لیوی، ٹیکسوں اور کمر توڑ مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی کی جانب سے تھرکول شاہراہ پر احتجاجی دھرنا دیا گیا، جو تقریباً تین گھنٹے تک جاری رہا۔ دھرنے کے باعث کراچی، حیدرآباد اور تھرپارکر جانے والی شاہراہوں پر ٹریفک معطل ہوگئی اور گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ گئیں۔ احتجاجی دھرنے (بقیہ 39 صفحہ 7 پر)

# پی آر اے کا سیلز ریکارڈ میں جعلسازی کرنے والوں کی ڈیجیٹل نگرانی کا فیصلہ

**اصل رسید میں موجود تفصیلات، کیو آر کوڈ تمام ہوٹلز، ریسٹورنٹس میں آویزاں کیے جائینگے**

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے صوبہ بھر میں الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم کے نفاذ پر زیرو ٹالرینس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کا فیصلہ کرلیا۔ ترجمان کے مطابق ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹ سیکٹرز میں جاری کردہ رسیدوں سے ٹیکس خرد برد روکنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، پنجاب ریونیو اتھار (بقیہ 36 صفحہ 7 پر)

حیدرآباد، لاڑکانہ کے رہائشی اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کررہے ہیں

# تحریک انصاف کو مذاکرات کی کوئی دعوت نہیں دی، ایاز صادق

**پی ٹی آئی کو حکومت کے ساتھ مذاکرات کی بحالی یا دوبارہ مذاکرات شروع کرنے کی کوئی دعوت یا تجویز نہیں دی،**

**اگر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور ملک محمد عامر ڈوگر کے درمیان مذاکرات کے حوالے سے کوئی گفتگو ہوئی ہے تو مجھے علم نہیں، سپیکر قومی اسمبلی**

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے واضح کیا ہے کہ انہوں نے گزشتہ روز رکن قومی اسمبلی ملک محمد عامر ڈوگر سے ملاقات کے دوران پاکستان تحریک انصاف کو حکومت کے ساتھ مذاکرات کی بحالی یا دوبارہ مذاکرات شروع کرنے کی کوئی دعوت یا تجویز نہیں دی، ا (بقیہ 43 صفحہ 7 پر)

# عوام نے مسلم لیگ (ن) پر اعتماد کیا، پیپلز پارٹی کی بلیک میلنگ میں نہیں آئینگے، شاہ غلام قادر

**پیپلز پارٹی نے جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے مسئلے کو حل کرنے کے بجائے اسے سیاسی فائدے کیلئے استعمال کیا**

**وزیراعظم کے امیدوار کا فیصلہ پارٹی قائد نواز شریف کریں گے، صدر آزاد کشمیر (ن) لیگ غلام قادر کی گفتگو**

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد جموں و کشمیر کے صدر اور سابق سپیکر اسمبلی شاہ غلام قادر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے عام انتخابات کے پہلے 2 مراحل میں مسلم لیگ (ن) کی کامیابی توقعات کے مطابق رہی اور پارٹی 24 نشستیں حاصل کرکے حکومت بنانے کی پوزیشن میں آچکی ہے، پونچھ ڈویژن کے انتخابات بھی مسلم لیگ (ن) کے لیے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں، پیپلز پار (بقیہ 44 صفحہ 7 پر)

## برائلر گوشت کی قیمت میں 7 روپے کلو کمی

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 7 روپے کمی سے 468 روپے کلو، زندہ برائلر مرغی کی (بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر)

## کراچی، شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات، 2 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات میں 2 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق سرجانی ٹاو ?ن کے علاقے فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا جسے عباسی شہید اسپتال لیجایا گیا

# اوپن مارکیٹ میں ایل پی جی کی سرکاری نرخنامے پر فروخت ممکن نہ ہوسکی

**مختلف مقامات پر ایل پی جی کی 400 سے 430 روپے کلو فروخت جاری**

لاہور (یان این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت ملک بھر میں ایل پی جی کی گراں فروشی جاری ہے اور اس کی فی کلو قیمت 400 روپے کی حد عبور کرگئی۔ سرکاری طور پر ایل پی جی کی قیمت 241 روپے فی کلو مقرر ہے تاہم اوپن مارکیٹ میں کسی دکان پر بھی اس کی سرکاری نرخنامے (بقیہ 45 صفحہ 7 پر)

لاہور، ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران پریس کانفرنس کررہے ہیں

# سردار عبدالمجید جاموٹ نے ہارون لاسی حیدرانی کی کراچی کے ایک اسپتال میں عیادت کی

**ہارون لاسی حیدرانی گزشتہ چند روز سے علالت کے باعث کراچی کے ایک نجی اسپتال میں زیر علاج ہیں**

بیلا (نمائندہ بولان) جام گروپ لسبیلہ کے سینئر بزرگ رہنما ضلع لسبیلا و ضلع حب کی معروف و ممتاز قبائلی شخصیت سردار عبدالمجید جاموٹ نے اتوار کے روز جام گروپ کے رہنما یونین کونسل نمبر 9 شریلش پٹ بیلا کے لیبر کونسلر ہارون لاسی حیدرانی کی کراچی کے ایک اسپتال میں عیادت کی اور ان کی مزاج پرسی کرتے ہوئے جلد صحت یابی کے لیے دعا بھی کی ہے واضح رہے ہارون لاسی حیدرانی گزشتہ چند روز سے علالت کے باعث کراچی کے ایک نجی اسپتال میں زیر علاج ہیں

# بلوچستان میں بدامنی مہنگائی اور ظلم و زیادتیوں کے خلاف جماعت اسلامی کا احتجاج

**کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ بلاک کردی ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر شاہراہ کے دونوں اطراف گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں**

بیلا (نمائندہ بولان) بلوچستان میں بدامنی مہنگائی اور ظلم و زیادتیوں کے خلاف جماعت اسلامی کا احتجاج کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ بلاک کردی ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر شاہراہ کے دونوں اطراف گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں مسافر پریشان ہوگئے تفصیل کے مطابق جماعت اسلامی کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمان کی ملک گیر کال پر یہاں بیلا میں بھی جمعہ کے روز جماعت اسلامی لسبیلا کے ضلعی امیر عبدالروف مجاہد اور سابق ضلعی امیر مولانا عبدالمالک رونجھو کی قیادت میں بلوچستان میں بدامنی مہنگائی پیٹرول (بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر)

# چاغی دالبندین کے قریب چھتر میں مسلح افراد کارگو بس سامان اور عملے کو اغوا کر لیا

**کارگو بس میں بڑی مقدار میں چاول اور آم لدے ہوئے تھے۔ مسلح افراد بس کو اپنے ساتھ نامعلوم مقام پر لے گئے**

**واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا گیا ہے اور کارگو بس، عملے اور ملزمان کی تلاش جاری ہے**

دالبندین (این این آئی) دالبندین کے علاقے چھتر کے قریب نامعلوم مسلح افراد کارگو بس سامان اور عملے سمیت اغوا کر کے لے گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب دالبندین کے علاقے چھتر کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے کوئٹہ سے دالبندین آنے والی ایک کارگو بس کو سامان اور عملے سمیت (بقیہ 47 صفحہ 7 پر)

# کان کنی کے شعبے کیلئے جامع قومی ڈیجیٹل روڈ میپ تیار کیا جائے، خادم حسین

**مصنوعی ذہانت، مشین لرننگ، خودکار نظام، ڈیٹا پر مبنی فیصلوں سے پیداواری صلاحیت میں اضافہ کیا جاسکتا ہے**

**پاکستان کو معدنی وسائل سے استفادہ کرنے کیلئے سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی پر توجہ دینا ہوگی، سینئر رکن فاؤنڈرز گروپ**

لاہور (این این آئی) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ پاکستان کے کان کنی کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے سرکاری و نجی اداروں، تعلیمی مراکز اور صنعت کے درمیان مضبوط اشتراک کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرور (بقیہ 48 صفحہ 7 پر)

## میر رضا کے والد کا نئے میڈیکل بورڈ پر اعتراض، قبر کشائی مؤخر

کراچی (این این آئی) میر رضا کے والد میر حسن نے نئے تشکیل دیے گئے میڈیکل بورڈ پر اعتراض کرتے ہوئے قبر کشائی سے انکار کردیا

## وحدت کالونی میں خاتون کے قتل کا معمہ حل، شوہر اور سوتیلا بیٹا ملوث نکلے

لاہور (این این آئی) وحدت کالونی میں چند روز قبل 40 سالہ خاتون ثنا کے قتل کے مقدمے میں پولیس نے مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی اقبال ٹاؤن سدرہ خان کے مطابق تحقیقات میں خاتون کے قتل میں اس کے شوہر شیراز خان (بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر)

# راجہ فاروق حیدر کا آزاد کشمیر الیکشن میں پیپلز پارٹی پر دھاندلی، انتظامی مشینری کے استعمال کا الزام

**وزارت عظمیٰ کا فیصلہ نواز شریف کریں گے، ان کا ہر فیصلہ کشمیر کی بہتری اور خوشحالی کیلئے ہوگا، سابق وزیراعظم آزاد کشمیر**

مظفر آباد (این این آئی) سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر راجہ فاروق حیدر نے آزاد کشمیر الیکشن میں پیپلز پارٹی پر دھاندلی اور انتظامی مشینری کے استعمال کا الزام لگا دیا۔ جاری ایک بیان میں راجہ فاروق حیدر نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے پیسے لگا کر لوگوں کے ضمیر خریدے، آزاد کشمیر نے نواز (بقیہ 49 صفحہ 7 پر)

نصیر آباد، کمشنر صلاح الدین نورزئی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## لاہور، رکشہ پر ون ویلنگ، کرتب دیکھانے والا ڈرائیور گرفتار

لاہور (این این آئی) رکشہ پر ون ویلنگ اور کرتب دیکھانے والے کو دھر لیا گیا۔ لاہور ٹریفک پولیس کی جانب سے ون ویلنگ کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے، رکشہ پر ویلنگ کرنے والے کو پکڑ لیا گیا۔ گرین ٹاؤن میں حسنین نامی ڈرائیور رکشہ پر کرتب اور ویلنگ کررہا تھا، اطلاع ملتے ہی ڈی ایس پی ٹاؤن شپ فیاض بھٹی نے دھر لیا، ملزم کے خلاف تھانہ گرین ٹاؤن میں مقدمہ درج کر کے ملزم کو حوالات میں بند کر دیا گیا۔ سی ٹی او سید عبدالرحیم شیرازی نے کہا

# عوامی نیشنل پارٹی نے آئین، جمہوری اقدار کے فروغ میں ہمیشہ نمایاں کردار ادا کیا ہے، سیدال ناصر

**کہ تمام سیاسی قوتوں کو ذاتی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہوکر ملک کی ترقی، خوشحالی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا**

**سیدال خان ناصر نے سینئر حاجی ہدایت اللہ خان کے ہمراہ عوامی نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر ریلوے حاجی غلام احمد بلور سے ان کی اسلام آباد میں واقع رہائش گاہ پر ملاقات کی**

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئر مین سینیٹ سیدال خان ناصر نے سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان کے ہمراہ عوامی نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر ریلوے حاجی غلام احمد بلور سے ان کی اسلام آباد میں واقع رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور معاشرتی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق ڈپٹی چیئر مین سینیٹ نے کہا کہ موجودہ حالات میں قومی اتحاد، سیاسی ہم آہنگی اور باہمی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی قوتوں کو ذاتی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہوکر ملک کی ترقی، خوشحالی اور عوامی مسائل کے حل کے (بقیہ 50 صفحہ 7 پر)

گوادر، محکمہ تحفظ ماحولیات کی جانب سے ساحلی آلودگی اور سمندری ماحول کے تحفظ کی مہم تیزی سے جاری

# بنیادی سہولیات کی بہتری جے یو آئی کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، حافظ حسین احمد مدنی،

**جمعیت علما اسلام عوامی حقوق کے تحفظ، بلدیاتی اداروں کی مضبوطی اور علاقے کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھے گی۔**

اوتھل (نمائندہ خصوصی) جمعیت علما اسلام ضلع لسبیلہ کے ضلعی سیکریٹری اطلاعات حافظ حسین احمد مدنی، جے یو آئی ضلع لسبیلہ کی ضلعی جنرل کونسل کے رکن، ویوسی اسماعیلانی بیلہ کے کونسلر مولانا عبدالغفور رونجھو اور جمعیت علما اسلام اوتھل کی جنرل کونسل کے رکن جیٹھا مل لاسی کے درمیان اوتھل میں اہم ملاقات ہوئی۔ ملاقات کے دوران بلدیاتی نظام، علاقائی عوام کو درپیش بنیادی مسائل، ترقیاتی منصوبوں، عوامی سہولیات کی فراہمی اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اس بات پر زور دیا کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے منتخب نمائندوں، سماجی شخصیات اور سیاسی قیادت کو باہمی (بقیہ 54 صفحہ 7 پر)

## کراچی میں افسوسناک واقعہ، گھریلو تنازع پر باپ کے ہاتھوں بیٹا قتل

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے نارتھ ناظم آباد بلاک ایل میں فائرنگ کے واقعے میں باپ نے بیٹے کو گولی مار کر قتل کردیا

## سہ ماہی بنیادوں پر بجلی مہنگی ہونے کا امکان

لاہور (این این آئی) ملک میں سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی مزید مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ بجلی کی تقسیم (بقیہ 61 صفحہ 7 پر)

# گاؤں حاجی راہو ہالیپوٹو میں 35 سالہ نوجوان محمد ہاشم ہالیپوٹو سانپ کے کاٹنے سے جاں بحق

**محمد ہاشم کھیت میں کام کررہا تھا کہ اسے سانپ نے کاٹ لیا۔ اسے فوری طور پر تعلقہ اسپتال ماتلی منتقل کیا گیا**

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) تعلقہ ماتلی کے گاں حاجی راہو ہالیپوٹو میں 35 سالہ نوجوان محمد ہاشم ہالیپوٹو سانپ کے کاٹنے سے جاں بحق ہوگیا اطلاعات کے مطابق محمد ہاشم کھیت میں کام کررہا تھا کہ اسے سانپ نے کاٹ لیا۔ اسے فوری طور پر تعلقہ اسپتال ماتلی منتقل کیا گیا، جہاں ابتدائی طبی امد (بقیہ 55 صفحہ 7 پر)

صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء لانگو شہر کے دورے کے موقع پر عوام اور دکانداروں سے مل رہے ہیں

# سٹی پولیس اور دیگر مددگار فورس کی مشترکہ کاروائی

**چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، مسروقہ سامان برآمد عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی**

استا محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) سٹی پولیس اور دیگر مددگار فورس کی مشترکہ کاروائی چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، مسروقہ سامان برآمد عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد داد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی اوستہ محمد ندیم احمد بہرانی اور انچارج 15 مددگار اوستہ محمد، کرم حسین ببر نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ملزم ملوک عرف مکھڑوں ولد بہار فقیر، قوم منگنہار، سکنہ بکھڑا، اوستہ محمد (بقیہ 57 صفحہ 7 پر)

# شہباز گل نے عمران خان کے موبائل چوری کر کے بگڈ فون دیا، شفیع جان کا تہلکہ خیز دعوی

**معاملے کا علم ہونے پر شہباز گل کا زمان پارک میں داخلہ بند، پارٹی عہدے سے بھی ہٹا دیا گیا**

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخواہ کے وزیر اطلاعات اور پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شفیع جان نے دعویٰ کیا ہے کہ شہباز گل نے سابق وزیراعظم عمران خان کے دو موبائل فون چوری کیے تھے اور انہیں بگڈ (جاسوسی) والا ایک موبائل فون استعمال کرنے کے لیے دیا گیا۔ ایک ویب سائٹ نے نجی ٹی وی کے انٹرویو کے حوالے سے بتایا کہ شفیع جان نے کہا کہ جب عمران خان کو اس معاملے کا علم ہوا تو انہوں نے شہباز گل کا زمان پارک میں داخلہ بند کر دیا تھا۔ بعد ازاں شہباز گل کو پارٹی عہدے سے بھی ہٹا دیا گیا۔ شفیع جان کے اس بیان کے بعد سوشل میڈیا پر شہباز گل کے حامیوں اور ناقدین کے درمیان بحث چھڑ (بقیہ 51 صفحہ 7 پر)

## بی آر ٹی ریڈ لائن منصوبہ سندھ حکومت کی بدانتظامی کا ثبوت ہے، ارسلان خالد

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کراچی کے جنرل سیکرٹری ارسلان خالد نے بی آر ٹی ریڈ لائن منصوبے سے (بقیہ 62 صفحہ 7 پر)

# میونسپل کمیٹی بیلا نے مویشی مالکان کو نوٹس جاری کردیا

**اپنے مویشی شہر کے بازاروں سڑکوں اور عوامی مقامات زاد چھوڑنے سے گریز کیا جائے**

بیلا (نمائندہ بولان) میونسپل کمیٹی بیلا نے مویشی مالکان کو نوٹس جاری کر دیا بازار میں اپنے مویشی نہ چھوڑنے کی سختی سے ہدایت تفصیل کے مطابق میونسپل کمیٹی بیلا کے چیرمین میر مبشر عزیز کھوسہ واس چیرمین طارق علی بلوچ اور چیف فیسر عبدالرزاق زہری نے اتوار کے روز بیلا کے مویشی مالکا (بقیہ 52 صفحہ 7 پر)

## کراچی: 11 سالہ بچی سے زیادتی کے مجرم کی سزا کیخلاف اپیل مسترد

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے 11 سالہ بچی سے زیادتی کرنے والے مجرم کی سزا کے خلاف اپیل مسترد کردی۔

# سلامتی کونسل کی سوات میں دہشت گرد حملے کی مذمت

**سلامتی کونسل کے اراکین متاثرین کے اہلخانہ، حکومتِ پاکستان سے ہمدردی اور تعزیت کرتے ہیں، بیان**

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اراکین نے 2 اگست کو کبل میں پولیس اسٹیشن کے باہر خودکش حملے کی مذمت کی ہے۔ ترجمان اقوام متحدہ سلامتی کونسل نے کہا (بقیہ 53 صفحہ 7 پر)

## کراچی، شرافی گوٹھ میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے شرافی گوٹھ میں پولیس (بقیہ 60 صفحہ 7 پر)

# ڈاکٹرز کے تمام جائز مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائیگا، بخت محمد کاکڑ

**صوبائی حکومت کی جانب سے تیار کیے جانے والے ہیلتھ سیکورٹی ایکٹ میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (PMA) کو بطور اہم اسٹیک ہولڈر شامل کیا جائے گا**

**حکومت ڈاکٹرز برادری کو صوبے کے صحت کے نظام کا بنیادی ستون سمجھتے ہوئے، مشاورت کا عمل جاری رکھے گی، وزیر صحت بلوچستان**

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے جمعہ کو صدر پی ایم اے کوئٹہ برانچ ڈاکٹر نادر خان اچکزئی کی قیادت میں وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے میں شعبہ صحت کو درپیش چیلنجز، ڈاکٹروں کے مسائل، تدریسی و ٹرشری کیئر ہسپتالوں کی انتظامی صورتحال اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے وزیر صحت کو ڈاکٹروں کو درپیش انتظامی، پیشہ ورانہ اور سروس سے متعلق مسائل سے آگاہ کیا اور ان کے فوری اور دیرپا حل کے لیے پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کی سفارشات پیش کیں۔ وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ حالیہ عرصے میں معطل کیے گئے تمام ڈاکٹروں کو آئندہ دو سے تین دن کے (بقیہ 56 صفحہ 7 پر)

# اسماء جنگ کیس انسانی حقوق سے متعلق ایک سنجیدہ معاملہ ہے، ربابہ بلیدی

**بلوچستان کی متاثرہ بچی انصاف کی متلاشی ہے اور ہر ذی شعور فرد کو ہر قسم کی مصلحت سے بالاتر ہوکر حق اور انصاف کا ساتھ دینا ہوگا**

**حکومت بلوچستان انسانی حقوق، خواتین اور بچوں کے تحفظ کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے اور کسی بھی متاثرہ شہری کو انصاف کے حصول میں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔**

کوئٹہ (این این آئی): وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ اسماء جنگ کیس انسانی حقوق سے متعلق ایک سنجیدہ اور قابلِ تشویش معاملہ ہے، جسے کسی بھی سطح پر معمولی یا نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ بلوچستان کی متاثرہ بچی انصاف کی (بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

موسیٰ خیل، اسسٹنٹ کمشنر نجیب اللہ کاکڑ اور ڈرگ انسپکٹر میڈیکل اسٹورز کا معائنہ کررہے ہیں

# غیر قانونی کال سینٹر فراڈ کیس، دو ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں توسیع

**ایف آئی اے کی استدعا پر عدالت نے حیدر عمرانی اور ایان کو دوبارہ پیر کو پیش کرنے کا حکم دے دیا**

کراچی (این این آئی) سٹی کورٹ کراچی میں جوڈیشل مجسٹریٹ ایسٹ کی عدالت میں گلستانِ جوہر میں غیر قانونی کال سینٹر چلانے اور غیر ملکی شہریوں سے فراڈ کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ ایف آئی اے نے گرفتار ملزمان حیدر عمرانی اور ایان کو عدالت میں پیش کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ ملزمان سے تفتیش ابھی مکمل نہیں ہوئی، لہٰذا مزید جسمانی ریمانڈ دیا جائے۔ عدالت نے ایف آئی اے کی (بقیہ 58 صفحہ 7 پر)

زیارت، ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی سے قبائلی عمائدین ملاقات کررہے ہیں